January, 2012. Rs.50/-

خانہ کعبہ تاریخ کے آئینہ میں

تسخیر ہمزاد و بھوت

کرشمات عملیات

اسم اعظم باموکل

نظر بد

سیارہ یورانس

برج جدی

مہورت

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا؟

خالد روحانی جنتری 2012

2050 روپے کے فری کوپن

زائچہ پاکستان
سالانہ حالات
داخلہ کواکب، شرف وہبوط
رجعت واستقامت، گرہن
تیز رفتار کواکب اور آپ کا زائچہ
کواکبی نظرات عملیاتی مقاصد
شرف قمر آپ کا پتھر
ساڑھ ستی کیا ہے؟
تسخیر موکل ذاتی
آپ کے مسائل کا روحانی حل
لوح شادی
لوح حضرت موسیٰ
عملیات حب ومحبت
متوقع بانڈ نمبر سال
استخارہ پرائز بانڈ
صفحہ آپ کا لکی نمبر
عملیات، کشف، حاضرات وتسخیر

حاضرات، جنات، ہمزاد وارواح

جفری عملیات

چشتی کشکول

لکی نمبرز

zee-Max...... مقدر کا سکندر

آج کا دن کیسا گزرے گا؟

نقوش و الواح شرف کواکب

لوحِ شرف قمر

شرف قمر کا انتہائی سعد اور ہبوط قمر کا انتہائی نحس وقت ہر ماہ آتا ہے۔ دورانِ گردش جب قمر حالت شرف میں ہوتا ہے تو اس وقت ہر قسم کے نیک و سعد اعمال تیار کیے جاتے ہیں اور جب قمر حالت ہبوط میں ہوتا ہے تو ہر قسم کے نحس و بندش کے اعمال تیار کیے جاتے ہیں۔ آپ بھی اپنی ضرورت کے مطابق ان اوقات سے فائدہ اٹھانے کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔ شرف قمر کے اوقات میں تیار کردہ نقوش و الواح ہر قسم کے کاموں کے لیے موثر ہیں۔

لوحِ شرف شمس

عزت وقار، شہرت، کامیابی، عروج، حکومت، سیاست، حصول عہدہ، اعلیٰ پوزیشن، نوکری میں استحکام اور ترقی، اولادِ نرینہ کے حصول کے لیے بہترین لوح ہے۔ کاروبار میں ترقی، حکومت اور عہدے کے حصول، ملازمت میں ترقی، اپنے اپنے شعبے میں غیر معمولی کامیابی اور مستقل بنیادوں میں بزنس اور کاروبار کو قائم کرنے، اپنے شعبے، ریڈیو، ٹی وی اور عوام میں شہرت اور مقبولیت حاصل کرنے کے لیے اس لوح کا استعمال مفید ثابت ہوگا۔

لوحِ شرف عطارد

برائے علم و عقل اور حافظے میں اضافہ، رزق، کاروبار اور تجارت میں ترقی، فصاحت و بلاغت، دماغی امراض سے بچاؤ، امتحان میں کامیابی اور بچوں کی تعلیم میں اعلیٰ کارکردگی کے لیے ایک تحفہ ہے۔ حافظے کی کمزوری، تعلیم میں دل نہ لگنے یا جن لوگوں کا ذاتی کاروبار نہ چلتا ہو اِن کے لیے بہت مفید ہے۔

لوحِ شرف زہرہ

عوام و خواتین میں مقبولیت، تسخیر محبوب، رجوع خلقت، شادی، حسن، خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے باکمال لوح ہے۔ وہ مرد اور خواتین جو حسن اور خوبصورتی کے مسائل کا شکار ہوں وہ بھی اس لوح سے فائدہ اُٹھا سکتے ہیں۔ پیار محبت اور الفت کا مجرب خزانہ۔

لوحِ شرف مریخ

دشمن سے حفاظت، انسانی ذہن کو طاقت اور ہمت دینے، مخالفین پر غلبہ حاصل کرنے، دشمنوں کو شکست دینے، اِن کی تکلیفوں سے محفوظ رہنے، مقدمہ یا لڑائی میں کامیابی، صحت، سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ، تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ مختلف مردانہ امراض، مسائل اور ازدواجی و جسمانی مسائل کے حل، مردانہ طاقت، صحت جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لیے یہ ایک لاجواب لوح ہے۔

لوحِ شرف مشتری

دولت، استحکام، خوش حالی، تجارت میں اضافہ، ترقی، حصول جائیداد، انعامی بانڈ، لاٹری، خاتمہ غربت جیسے مقاصد کے لیے یہ لوح بہت زیادہ مفید ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو روزگار کے مسائل یا بندش کا شکار ہیں، یا وہ جن کی نوکری یا کاروبار کے معاملات میں مخالفت یا دشمنی کی وجہ سے مسائل اور رزق میں برکت یا وسعت نہیں ہے۔ وہ جن کے اخراجات زیادہ اور آمدن کم ہے۔ جنھیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرض کی ادائیگی کرنی ہے یا مالی آسودگی حاصل کرنی ہے یا کاروبار میں برکت اور کامیابی، نوکری میں ترقی مطلوب ہے یا کسی بھی قسم کی مالی، مادی، کاروباری اور پیشہ ورانہ کامیابی کی بات ہو اس لوح سے فائدہ اُٹھایا جا سکتا ہے۔ ذاتی کام کرنے والوں کے لیے بھی یہ بہت موثر ہے۔

لوحِ شرف زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں، تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔ بہت سے لوگ ایک کے بعد دوسرے مسئلہ کا شکار رہتے ہیں۔ ایک مصیبت سے جان چھوٹی تو دوسری میں گرفتار ہو گئے۔ مسائل اور پریشانیوں کا انبار، کاموں کا نہ ہونا، ہر مسئلہ میں رکاوٹ اور التواء اور اِن دیکھے ہاتھوں کا ہوتے کاموں کو روک دینا جیسے مسائل کے لیے اس لوح کا استعمال مفید اور موثر ثابت ہوگا۔ مختلف قسم کی ناکامیوں اور پریشانیوں سے تحفظ کے لیے حد درجہ موثر ہے۔ اس کے علاوہ وہ لوگ جو بڑے پیمانے پر کاروبار کرتے ہیں، بڑے پلازے اور عمارتیں بناتے ہیں یا وہ لوگ جو اپنے کاروبار اور کاموں کو استحکام دینے کے خواہش مند ہوں اور ایک طویل عرصہ کے لیے کامیابی کے خواہاں ہوں اِن کے لیے بھی یہ لوح حد درجہ موثر ہے۔ غیر معمولی اور طویل عرصہ تک کامیابی کے حصول اور مسائل اور التواء کے خاتمے کے لیے موثر۔

ماہنامہ راہنمائے عملیات لاہور

خالد روحانی جنتری

خالد ہندی جنتری

فرذوق Far-Zog

شائستہ خالد راٹھور
پبلشر و چیف ایڈیٹر

ایم اے ہسٹری
خالد اسحٰق راٹھور

عبدالباسط راٹھور
ایڈیٹر

عبدالحی راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

ناز راٹھور
اسٹنٹ ایڈیٹر

زاہد اسحاق راٹھور
انچارج کمپوزنگ اینڈ ڈیزائینگ

فون
(042) 36374864
0300-4783518
(042)36293245
0300-8442060
0321-4753240

دفتری اوقات دوپہر 3 تا شام 6 بجے تک

خالد اسحاق راٹھور سے ملاقات دوپہر 4 تا شام 6 بجے تک

تعطیل اتوار و دیگر حکومتی اعلانات کے مطابق

قیمت: 50 روپے

زر سالانہ 12 شمارے: 650 روپے بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک

بیرون ملک: 55 ڈالر (زر سالانہ)

Bank draft
A/c # 1713-92,
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank
Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan

On line account
A/c # 05570017139203,
Khalid Ishaq Rathore, Habib Bank
Limited, Allama Iqbal Road, Lahore, Pakistan

خالد روحانی جنتری Rs.200/-
خالد ہندی جنتری Rs.200/-
Far-Zog فرذوق Rs.50/-

ناشر۔ شائستہ خالد راٹھور
پرنٹر۔ الامین ٹریڈرز لاہور
جلد 14 شمارہ 11

خالد اسحٰق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور

لوح شرف زحل

شرف زحل کا وقت 30 سال کے بعد آتا ہے۔ شرف زحل کی کیا خصوصیات ہیں اور کن کاموں میں موثر ثابت ہوتا اس حوالے سے تفصیلی معلومات راہنمائے عملیات کے پچھلے شماروں میں بیان کیے جا چکے ہیں تاہم ذیل میں مختصر طور پر بیان کیا جا رہا ہے کہ یہ وقت کن کن امور کے لیے موثر ہے تا کہ ہر فرد اپنی ضرورت کے مطابق فائدہ اٹھا سکے۔ خاص طور پر جو لوگ کسی بھی وجہ سے شرف زحل کی لوح یا نقش پہلے حاصل نہیں کر سکے وہ اب حاصل کر لیں تا کہ اس پرسعادت موقعہ کی سعادت سے مکمل فائدہ اٹھا سکیں۔

- ☆ دفع نحوست و رجعت زحل، گھر اور کام کی جگہ پر نحوست کا خاتمہ۔
- ☆ خاتمہ ساڑھ ستی اور ڈھایہ وغیرہ۔
- ☆ روپیہ جمع نہ ہوتا ہو، ہاتھ میں آ کر نکل جاتا ہو، کشائش و وسعت رزق، خاتمہ بدحالی
- ☆ اصلاح پیدائشی زائچہ۔
- ☆ حصول و استحکام جائیداد/ مکان، زمین وغیرہ کا حصول، مقدمات میں کامیابی
- ☆ کاموں میں التوا، رکاوٹ، ناکامی اور پریشانیوں کا خاتمہ اور تحفظ
- ☆ لاعلاج امراض اور معاملات کے حل۔
- ☆ خلقت میں ناموری اور غلبہ۔
- ☆ میاں بیوی میں ناچاقی، علیحدگی، طلاق، دوستوں میں اختلاف کے خاتمہ کے لیے
- ☆ بزنس اور کاروبار کے استحکام، ترقی، کامیابی اور عروج کے لیے۔
- ☆ اعلیٰ پوزیشن، عہدہ اور مرتبہ کا حصول
- ☆ غربت، تنگ دستی، تناؤ اور رکاوٹوں کا خاتمہ، ملازمت کے تحفظ
- ☆ زحل کی دشا اور ٹرانزٹ میں زحل کے ناقص اثرات کا خاتمہ
- ☆ حکومت اور سیاست میں کامیابی اور عروج کے لیے۔
- ☆ تحفظ ہر قسم کے حالات و واقعات سے۔

خانہ کعبہ تاریخ کے آئینہ میں

آدم علیہ السلام کی تعمیر

ابن عساکر وغیرہ سے تفسیر عزیزی میں نقل کیا گیا ہے حضرت آدم علیہ السلام جب جنت سے زمین پر تشریف لائے تو بارگاہ الٰہی میں عرض کیا:

”یا اللہ میں یہاں نہ تو ملائکہ کی تسبیح وتکبیر سنتا ہوں اور نہ کوئی عبادت گاہ دیکھتا ہوں جیسے کہ آسمان میں بیت المعمور دیکھتا تھا جس کے ارد گرد ملائکہ طواف کرتے تھے“۔

اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا: ”جاؤ جہاں ہم نشان بتاتے ہیں وہاں کعبہ بنا کر اس کے ارد گرد طواف بھی کرلو اور اس کی طرف صلوۃ بھی ادا کرو“۔

حضرت جبرائیلؑ، آدم علیہ السلام کی رہبری کے لیے ان کے ساتھ چلے اور انہیں وہاں لائے جہاں سے زمین بنی تھی، یعنی کعبہ کی جگہ سے ہی سب سے پہلے پانی پر جھاگ، پھر جھاگ سے زمین کی ابتداء ہوئی۔ جبرائیل امینؑ نے وہاں اپنا پر مار کر ساتویں زمین تک بنیاد ڈال دیں، جس کو ملائکہ نے پانچ پہاڑوں کے پتھروں سے بھرا (کوہ لبنان، کوہ طور، جودی، حرا اور طور زیتا سے)۔ بنیاد بھر کر نشان کے لیے ہر چار طرف کو دیوار اٹھا دی، اس طرف منہ کر کے آدمؑ نماز پڑھتے رہے اور اس کا طواف بھی کرتے رہے۔

بعض روایات میں آیا ہے کہ بیت المعمور کو اس بنیاد پر رکھ دیا گیا طوفان نوح میں بیت المعمور کو اٹھا لیا گیا اور کعبہ کی جگہ اونچے ٹیلے کی طرح رہ گئی، لوگ یہاں آتے رہے اور برکت کی دعا مانگتے رہے۔

ابراہیم علیہ السلام کا تعمیر کرنا

حضرت ابراہیمؑ نے جب حضرت ہاجرہؓ اور اپنے بیٹے اسماعیلؑ کو یہاں چھوڑا اور یہاں آبادی ہو گئی تو حضرت ابراہیمؑ کو حکم دیا گیا کہ حضرت اسماعیلؑ کو ساتھ لے کر کعبہ تعمیر کرو! ایک بادل کا ٹکڑا بھیج کر کعبہ کی حد کو واضح کیا گیا اور جبرائیلؑ نے خط کھینچ دیا اور حضرت ابراہیمؑ نے آدمؑ کے زمانہ کی بنیادوں پر ہی عمارت تعمیر فرمائی۔

کعبہ شریف کی بلندی 9 ہاتھ، رکن اسود سے رکن شامی تک 33 ہاتھ، رکن غربی سے رکن یمانی تک 31 ہاتھ، رکن یمانی سے رکن اسود تک 20 ہاتھ، رکن شامی سے رکن غربی تک 22 ہاتھ۔ یعنی کعبہ اس وقت مستطیل تھا لیکن طول اور عرض کی ایک ایک دیوار معمولی چھوٹی تھی دروازے دو بنائے گئے تھے جو زمین کے ساتھ ملے ہوئے تھے کواڑ زنجیر وغیرہ نہیں تھے بعد میں تبع حمیری کے زمانہ میں کواڑ زنجیر وغیرہ لگائے گئے۔ حضرت ابراہیمؑ نے تعمیر فرمایا اور حضرت اسماعیلؑ پتھر گارا وغیرہ دیتے تھے۔ سبحان اللہ! کس شان سے اللہ کا گھر تعمیر ہوا؟ اللہ کا نبی ہی معمار اور اللہ کا نبی ہی معاون۔

ابراہیمؑ کی تعمیر کے بعد

آپؑ کی تعمیر کے بعد جزوی طور پر مختلف اوقات میں تعمیر ہوئی۔ ایک مرتبہ عمالقہ اور جرھم نے اسے تعمیر کیا اس کے بعد قصی بن کلاب نے اس کی تعمیر کی جس میں چھت درخت مقل کی لکڑی کی بنائی جس پر بجائے تختوں کے خرمے کی لکڑی ڈالی۔

قریش کی تعمیر

ایک عورت کعبہ شریف میں خوشبو سلگاتی تھی، ایک بار اچانک اس سے شعلہ اٹھا اور چھت جل گئی، اور دیواریں پہلے ہی بوسیدہ ہو چکی تھیں، اس لیے قریش نے فیصلہ کیا کہ مکمل طور پر نئی تعمیر کی جائے۔ ولید بن مغیرہ کو عمارت کا امیر مقرر کیا گیا اور یہ طے ہوا کہ اس میں حلال مال خرچ ہوگا اس وقت کے امیر لوگوں کے پاس زیادہ سود سے حاصل کردہ مال ہوتا تھا اس لیے حلال مال کم مقدار میں جمع ہوا تو قریش نے مال کی کمی اور کچھ اپنے مقاصد کے پیش نظر چند فرق کر دیئے۔

1) کعبہ کی کچھ زمین باہر نکال دی یعنی عمارت کو چھوٹا کر دیا، کعبہ سے باہر نکالی ہوئی زمین کو ”حطیم“ کہا جاتا ہے۔ اسی میں میزابِ رحمت (پرنالہ) گرتا ہے، چھوٹی چھوٹی دیوار سے آج بھی اسے علیحدہ نمایاں کیا ہوا ہے۔ طواف اس کے باہر سے ہی ہوتا ہے۔

2) قریش نے دو دروازوں کی بجائے ایک کر دیا وہ بھی بلند تاکہ جسے چاہیں اندر جانے دیں اور جسے چاہیں نہ جانے دیں اب بھی اس پر عمل ہو رہا ہے بادشاہوں کے لیے دروازہ کھلتا ہے خواہ وہ کتنے ہی بدکار کیوں نہ ہوں، صلحاء اتقیاء کے لیے کبھی دروازہ کھلنے کی خبر نہیں سنی گئی۔

3) خانہ کعبہ کے اندر لکڑی کے ستونوں کی دو صفیں بنائی گئیں اور ہر صف میں تین ستون بنائے گئے۔

4) کعبہ شریف کی بلندی پہلے سے دوگنا کر دی گئی پہلے بلندی نو ہاتھ تھی انہوں نے اٹھارہ ہاتھ کر دی۔

5) خانہ کعبہ کے اندر رکن شامی کے قریب ایک زینہ بنایا گیا جس سے چھت پر چڑھ سکیں۔

حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ کی تعمیر

حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں:

”ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے کعبہ کے متصل (یعنی حطیم) بنیاد ابراہیمی کے پتھر مجھے دکھائے

اور فرمایا کہ قریش نے اس میں کمی کر دی تھی لوگ اگر نئے نئے مسلمان نہ ہوتے اور ان کے جذبات بھڑکنے کا اندیشہ نہ ہوتا تو میں ابراہیمی بنیادوں پر کعبہ دوبارہ تعمیر کر دیتا''۔

خیال رہے کہ سب سے پہلے کعبہ شریف کو غلاف چڑھانے والے کا نام اسعد ہے جو شاہ یمن تھا اور تبع کے لقب سے مشہور تھا مدینہ طیبہ کی شہری بنیاد رکھنے والا یہ شخص ہے۔

عبداللہ ابن زبیر کی تعمیر 27 رجب 64ھ کو مکمل ہوئی، پھر حجاج بن یوسف (جو عبدالملک بن مروان کا نائب تھا) نے 74ھ میں عمارت کو منہدم کر کے پھر اسی طرح بنا دیا جیسے قریش نے بنایا تھا۔

ہارون الرشید نے بھی کعبہ کو عبداللہ بن زبیرؓ کی تعمیر کردہ شکل پر تعمیر کرنے کا ارادہ کیا، مگر اہل علم کے منع کرنے پر باز رہا۔

کعبہ کی موجودہ تعمیر

1040ھ میں سلطان مراد ابن احمد خان، شاہ قسطنطنیہ نے جب دیکھا کہ اس کی عمارت بہت پرانی ہو گئی ہے تو اس نے سوائے رکن حجر اسود (وہ کونہ جس میں حجر اسود نصب ہے) کے تمام عمارت منہدم کر کے نئی تعمیر کرائی، لیکن حجاج بن یوسف کی طرح ہی۔ اندر سنگ مرمر کا فرش بچھایا اور اندر چھت پر نہایت نفیس مخملی چھت گیری لگائی گئی اور باہر کی دیواریں سنگ خارا سے چونہ میں چنیں، نہایت نفیس ریشمی سیاہ پردہ تمام کعبہ پر ڈالا، جس پر کلمہ طیبہ (لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ﷺ) لکھا ہوا تھا اور سنہری حاشیہ پر سلطان کا نام تھا۔

موجودہ کعبہ شریف سلطان مراد کا بنایا ہوا ہے یعنی مکمل عمارت کو منہدم کر کے اس کے بعد نئے سرے سے تعمیر نہیں کیا گیا۔

غلاف کعبہ ہر سال مصر سے بڑی دھوم دھام سے آتا رہا ایک مرتبہ پاکستان کے شہر لاہور سے بھی بن کر گیا، پہلے یہ طریقہ تھا کہ پرانا غلاف کعبہ خدام کو دے دیا جاتا تا لوگ تبرک کے طور پر اسے خرید لیتے تھے،

لیکن اب غلاف کعبہ سعودیہ میں ہی بنتا ہے اس پر شاہ سعود کا نام ہوتا ہے۔

مقام ابراہیم و حجر اسود

یہ دونوں جنتی یاقوت ہیں، بہت نورانی تھے، اللہ تعالیٰ نے ان کا نور محو کر دیا اگر ایسا نہ ہوتا تو یہ مشرق و مغرب کو چمکاتے۔

مقام ابراہیم وہ پتھر ہے جس پر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کعبہ شریف کی تعمیر کرتے تھے۔ جس قدر عمارت بلند ہوتی جاتی تھی یہ پتھر بھی اونچا ہوتا جاتا تھا، یہ پتھر آپ کے کھڑے ہونے سے نرم بھی ہو جاتا تھا کہ سختی کی وجہ سے آپ کے قدموں کو تکلیف نہ ہو: اسی لیے آپ کے قدموں کے نشان اس میں پڑ گئے تھے۔ اسی پتھر کو جبل ابی قبیس پر رکھ کر اور اس کے اوپر کھڑے ہو کر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آواز دی ''اے اللہ کے بندو حج کے لیے آؤ! اللہ تعالیٰ نے فرمایا:۔

''اور لوگوں میں حج کا عام اعلان کر دے وہ تیرے پاس حاضر ہوں گے، پیادہ اور ہر دبلی اونٹنی پر کہ ہر دور کی راہ سے آتی ہیں''۔ (سورہ حج 28)۔

آپ کے اس اعلان کے بعد ان تمام لوگوں نے لبیک کہا جنہوں نے بھی حج کرنا تھا۔ جس نے جتنی مرتبہ حج کرنا تھا اتنی مرتبہ ہی لبیک کہہ دیا، ماؤں کے رحموں میں اور آباء کی پشتوں میں سے تا قیامت آنے والوں نے لبیک کہا (ماخوذ از تفسیر نعیمی)۔

نبی کریم ﷺ نے جب مقام ابراہیم کی عظمت کو بیان کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ ''ہم اس کے پیچھے نماز نہ ادا کر لیا کریں؟ تو حضور ﷺ نے وحی کے انتظار میں خاموشی اختیار کی، لیکن اسی دن اللہ تعالیٰ کی طرف سے آیت کا نزول ہو گیا۔ ارشاد ہوا'' اور (حکم دیا کہ) مقام ابراہیم کو نماز پڑھنے کی جگہ بنا لو''۔

مقام ابراہیم سے وہ پتھر مراد ہے جس پر کھڑے ہو کر ابراہیمؑ نے کعبہ معظمہ کی تعمیر فرمائی۔ ابراہیم کے قدمین مطہرین کے نشانات اس پر ثبت ہیں۔ طواف کعبہ کے بعد طواف کی رکعتیں اسی مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھی جاتی ہیں، اس میں بھی اتباع ملت ابراہیمی کی جھلک پائی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خلیل حضرت ابراہیم کے قدمین مطہرین کے نشانات کو وہ عظمت عطا فرمائی کہ قیامت تک طواف کرنے والوں کو حکم دیا کہ مقام ابراہیم کے پیچھے (دو رکعت) نماز پڑھو، طواف کعبہ کے ساتھ چکر مکمل کرنے کے بعد طواف کی دو رکعت مسجد حرام میں پڑھنا واجب ہے لیکن مستحب یہ ہے

خالد ہندی جنتری 2012

ہندی حساب سے پاکستان میں شائع ہونے والی پہلی اور واحد جنتری ہے۔ اس میں ہندی حساب سے سالانہ حالات کے علاوہ تمام حسابات پاکستانی وقت کے مطابق دیئے گئے ہیں۔ تتھی، نچھتر، یوگ، لگن سارنی، ہندی کواکبی رفتاریں اور بہت ساری دیگر معلومات جو تمام تر ہندی حساب سے ہیں۔ پاکستان کے وہ نجومی حضرات جو انڈیا سے آنے والی جنتریاں جو کہ انڈیا کے وقت کے مطابق تیار کی جاتی ہیں استعمال کرتے تھے اِن کے لیے یہ ایک نعمت سے کم نہیں۔ انڈیا سے آنے والی جنتریاں صرف انڈیا میں درست طریقے سے استعمال ہوسکتی ہیں۔ جبکہ خالد ہندی جنتری میں دیئے گئے کسی بھی حساب کو پاکستان کے وقت کے مطابق کرنے یا تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ آپ کی سہولت کے لیے ہم نے یہ سب محنت کردی ہے۔ پاکستان کے تمام اہم شہروں کی لگن سارنی بھی اس میں شامل ہے۔ ہندی حساب سے کواکبی تقویم بھی سال بھر کی تمام ضروریات کے مطابق شامل کردی گئی ہے۔ اس کے علاوہ ہندی نجوم وغیرہ کے حوالے سے قابل قدر مواد اس میں فراہم کیا گیا ہے۔

کہ انمیں مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھا جائے۔

مقام ابراہیم پر حضرت ابراہیمؑ تین مرتبہ کھڑے ہوئے

(1) حضرت ابراہیمؑ جب کئی سال گزرنے بعد حضرت اسماعیلؑ کو ملنے کے لیے آئے تو اللہ تعالیٰ کی منشاء کے مطابق حضرت سارہؓ سے وعدہ کرکے آئے کہ اپنے بیٹے کو دیکھ کر اور ملاقات کرکے واپس آجاؤں گا۔ سواری سے نہیں اُتروں گا، آپ علیہ السلام جب مکہ میں آئے تو حضرت اسماعیلؑ تو شکار کرنے کے لیے گئے ہوئے تھے، بہو سے ملاقات ہوئی، اس سے گزر اوقات کے متعلق پوچھا، اس نے کہا ''اچھا گزارا نہیں، تنگدستی ہے، صرف شکار پر گزر اوقات ہو رہی ہے''۔ آپ علیہ السلام نے واپس چلتے ہوئے کہا ''اپنے خاوند کو میرا سلام کہنا اور کہنا کہ تمہارے گھر کی چوکھٹ اچھی نہیں اسے بدل لو''۔

حضرت اسماعیلؑ جب گھر آئے تو خود ہی پوچھا کہ آج کوئی بزرگ تو نہیں آئے تھے؟ تو آپ کی زوجہ نے کہا کہ آئے تھے اور سلام کہہ کر گئے ہیں اور ایک پیغام دے کر گئے ہیں، جب پیغام کی اس نے تفصیل بیان کی تو آپ نے اپنی زوجہ کو فارغ کردیا، کہ وہ تمہیں فارغ کردینے کا حکم دے گئے ہیں۔ وجہ یہ تھی کہ اس نے رب تعالیٰ کی ناشکری کی تھی، نبی کی زوجہ کی شان کے یہ لائق نہیں کہ وہ کم روزی پر شکایت کرے، بلکہ صابر رہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام دوبارہ پھر اسماعیلؑ کو ملنے کے لیے آئے اس وقت بھی اسماعیلؑ گھر پر موجود نہ تھے، آپ علیہ السلام کی ملاقات بہو سے ہوئی (یہ حضرت اسماعیل کی دوسری شادی تھی) اس سے گھر کے حالات پوچھے اس نے کہا ''اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ اچھا وقت گزر رہا ہے، زمزم کے پانی پر ہمارا قبضہ ہے، میرے خاوند شکار کرکے لے آتے ہیں، بہت اچھا وقت پاس ہو رہا ہے''۔ حضرت ابراہیم جب واپس جانے لگے تو آپ کی بہو نے اصرار کیا کہ آپ ہمارے گھر رُکیں، لیکن آپ نے کہا ''مجھے سواری سے اتر کر زمین پر آنے کی اجازت نہیں''، تو آپ کی بہو نے کہا کہ آپ اپنے پاؤں اس پتھر پر رکھیں تاکہ میں اس کو دھودوں، آپ علیہ السلام نے جس پتھر پر پاؤں رکھے وہ ''مقام ابراہیم'' ہی تھا۔ آپ علیہ السلام نے واپس چلتے ہوئے حضرت اسماعیلؑ کے لیے سلام کہا اور پیغام دیا کہ ''گھر کی چوکھٹ اچھی ہے اسے مضبوط رکھنا''۔

(2) تعمیر کعبہ کے وقت آپ اس پر کھڑے ہوئے تھے وہ نرم ہو جاتا تھا، تاکہ آپ علیہ السلام کے پاؤں مبارک کو سختی کی وجہ سے تکلیف نہ ہو، اسی وجہ سے آپ علیہ السلام کے قدموں کے نشانات اس میں پڑ گئے۔ آپ جب بلند ہونا چاہتے تھے تو وہ پتھر خود بخود اوپر اٹھ جاتا تھا، جب نیچے آنا چاہتے تھے تو نیچے ہو جاتا تھا۔ عام مستریوں کی طرح آپ علیہ السلام کو پھٹے باندھنے کی ضرورت پیش نہ آتی تھی۔

(3) کعبہ شریف کی تعمیر کے بعد آپ علیہ السلام نے اسی پتھر پر کھڑے ہو کر جبل ابوقبیس پر سے لوگوں کو حج کی دعوت دی۔ (تفسیر کبیر، نعیمی)۔

دنیا پر مسلمانوں کے لیے سب سے متبرک مقام کی کہانی تو بہت طویل اور دلچسپ ہے۔ تاہ کوشش کی گئی ہے کہ قارئین کیلیے ایک اجمالی خاکہ پیش کیا جائے تاکہ وہ ماضی سے فیض یاب ہوسکیں۔

عبدالباسط راٹھور

دنیا ستاروں کی روشنی میں

ملکی، بین الاقوامی حالات اور سٹاک مارکیٹ

پاکستان

امریکہ کے ساتھ معاملات میں تھوڑی بہتری آنے کی اُمید ہے۔ معاملات تھوڑے ٹھنڈے ہوتے ہوئے نظر آئیں گے۔ ممکن ہے کہ پاکستان کی طرف سے امریکہ پر لگائی گئی پابندیوں میں دسمبر کے آخر یا ماہ جنوری میں نرمی آ جائے اور سیاسی اور اعلیٰ درجے پر طے پانے والے معاملات کو عوام کے سامنے توڑ مروڑ کر پیش کیا جائے۔ حکومت اس ماہ دیگر جماعتوں کے ساتھ گٹھ جوڑ اور ان کو ٹھنڈا کرنے اور ان کے جلسے جلوس میں کمی لانے کے لیے اقدمات اٹھا سکتی ہے۔ لیکن یہ کاوش زیادہ لمبے عرصے تک کارگر ثابت نہ ہوگی اور ماہ جنوری کی 25 تاریخ سے دوبارہ اپوزیشن جماعتیں زیادہ گرم اور پُر جوش نظر آئیں گی۔ 25 جنوری تا 15 اپریل تک اپوزیشن جماعتوں اور حکومت میں سرد جنگ اور الزام تراشیوں میں اضافہ ہوگا۔ ممکن ہے کہ بعض جماعتیں حکومت سے دوبارہ علیحدگی کی دھمکیاں دیں اور اس عرصے میں سیاسی دنگل میں بار بار گٹھ جوڑ اور توڑ پھوڑ رہے گی۔ اس تمام عرصے میں عوام مزید پستی ہوئی نظر آئے گی۔ عوامی جذبات اور احساسات کے ساتھ کھلواڑ ہو گا۔ اس ماہ کی 5 تا 31 تاریخ کا وقت عوام کے لیے مجموعی طور پر پریشان کن ثابت ہو گا۔ مہنگائی میں اضافہ ہو گا۔ حادثات میں بھی اضافے کا اندیشہ ہے۔

جناب صدر آصف علی زرداری صاحب معاملات کو آرام سے حل کرنے کو شش کریں گے اور بلآخر معاملات حل ہوتے ہوئے دکھائی دے سکتے ہیں مگر اصل میں ایسا نہ ہوگا اور 25 جنوری سے ان کے خلاف اور ان کی کرسی کے خلاف پروپیگنڈا اور سیاسی چالیں دوبارہ شروع ہو جائیں گی۔ جو ماہ مئی تک مختلف روپ میں ظاہر ہوں گی۔ نیز اس عرصے میں ان کی صحت بھی اچانک خراب ہو سکتی ہے۔

جناب وزیر اعظم سید یوسف رضا گیلانی صاحب کے لیے بھی یہ ماہ کافی مشکلات اور کٹھن سفر کی نشاندہی کر رہا ہے۔ ان کے چند ساتھی ہی ان کے خلاف اقدامات اٹھا سکتے ہیں یا ان کی وجہ سے وزیر اعظم کی شہرت میں کمی متوقع ہوگی۔

جناب نواز شریف صاحب کے لیے نیا سال نئی ترقیاں اور نئے ساتھی لے کر آ رہا ہے۔ یہ سال ان کے لیے قدرے بہتر وقت ثابت ہوگا اور انہیں اپنی راہ میں نئے نئے ساتھی ملیں گے۔ دشمنوں اور مخالفوں کو مضبوط ٹکر دیں گے۔ البتہ انہیں چاہیے کہ فی الوقت کسی سے بہت زیادہ توقعات نہ لگائیں۔ نیز کسی کو اپنا مخلص سمجھ کر اسے اپنے راز نہ بتائیں۔

جناب عمران خان صاحب کے لیے بھی اچھا وقت ہے۔ البتہ ان کے مخالفین گفتگو میں ناشائستہ الفاظ کا استعمال کر سکتے ہیں۔

بین الاقوامی حالات

امریکہ میں معاشی حالات کی بہتری کے لیے

درست پیشن گوئیاں

☆ پاکستان نے دنیا کا سب سے چھوٹا ایٹمی ہتھیار بنالیا۔ اس بات کی نشاندہی آپ خالد روحانی جنتری 2011 کے صفحہ نمبر 10 پر اور صفحہ نمبر 18 پر دیکھ سکتے ہیں۔

☆ خالد روحانی جنتری کے صفحہ نمبر 15 پر واضح طور پر اس بات کی نشاندہی کی گئی تھی کہ صدر زرداری کے خلاف جون تا دسمبر تک کے عرصے میں سازشیں بڑھیں گی اور اس کا اندازہ آپ مسلم لیگ (ن) اور تحریک انصاف کی کاوشوں سے لگا سکتے ہیں۔ نیز راہنمائے عملیات ماہ نومبر، دسمبر میں خصوصی طور پر حکومت کی ناکامی اور خراب صورت حال کی طرف توجہ مرکوز کروائی گئی تھی۔

☆ خالد روحانی جنتری 2011 کے صفحہ نمبر 15 پر واضح طور پر لکھا تھا کہ عمران خان کے لیے یہ سال مزید ترقیاں لے کر آئے گا اور انہیں اپنے راستے میں نئے اور اچھے ساتھی ملیں گے۔ ہماری اس پیشن گوئی کا ثبوت آپ کے سامنے ہی ہے کہ یہ سال ان کے لیے کتنا بہترین رہا اور ان کو اپنی راہ میں نئے نئے دوست ملے۔

☆ راہنمائے عملیات ماہ نومبر 2011 کے صفحہ نمبر 4 پر واضح طور پر تحریر تھا کہ امریکہ اور پاکستان کے تعلقات مزید خراب ہوتے جائیں گے اور ملک میں امریکہ کے خلاف جلسے جلوسوں میں بھی اضافہ ہوگا۔ 26 نومبر کو امریکہ نے پاکستانی سرحدوں پر پاکستانی افواج کو نشانہ بنایا اور تقریباً 26 فوجی شہید ہوئے۔ اس کے ردعمل میں پورے ملک سے عوام نے بھرپور احتجاج اور مظاہرے کیے۔

☆ خالد روحانی جنتری 2011 کے صفحہ نمبر 15 پر صدر آصف علی زرداری صاحب کی اچانک خراب صحت کے پیشن گوئی کی گئی تھی جو کہ درست ثابت ہوئی۔

☆ راہنمائے عملیات ماہ دسمبر میں واضح طور پر لکھا تھا کہ اس ماہ ملک میں حادثات، جرائم اور بم بلاسٹ اور بے گناہ لوگوں پر ظلم بڑھے گا اور کراچی میں رینجرز پر ہونے والے بم دھماکے اور بڑھتے ہوئے جرائم سے آپ بخوبی واقف ہیں۔

اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ البتہ اس ماہ کے پہلے دو عشرے معاشی لحاظ سے بہتر وقت ثابت نہ ہوں گے۔ 21 جنوری سے معاشی حالات میں وقت کے ساتھ ساتھ تھوڑی بہتری آئے گی۔ سٹاک مارکیٹوں میں اس ماہ کے پہلے عشرے میں مندی کا رجحان زیادہ رہے گا۔ دوسرے عشرے میں اونچ نیچ کے ساتھ معمولی سے بہتری آئے گی۔ آخری ہفتہ قدرے زیادہ بہتر رہے گا۔ ممکن ہے کہ جنوری کے آخری ہفتے سے حکومت کے خلاف سازشوں کی پلاننگ شروع ہو جائے۔ البتہ فی الوقت ان کا کھل کر سامنے آنا مشکل ہے البتہ ماہ مئی تک مخالف پارٹیوں کی پلاننگ اور سازشیں ظاہر ہونا شروع ہو جائیں گی۔

برطانیہ میں بے روزگاری کی شرح میں کمی آئے گی لوگوں کو ان کی قابلیت کے مطابق ملازمت دینے اور معیار زندگی بہتر بنانے کے لیے کام کیا جائے گا۔ مگر امید کے مطابق نتائج نہ نکلیں گے۔ اس ماہ کے آخری ہفتے میں سٹاک مارکیٹوں میں مجموعی طور پر مندی کا رجحان رہے گا۔

اسرائیل کے فلسطین پر ظلم اور تشدد کے واقعات میں وقتی طور پر تھوڑی کمی آئے گی۔ اسرائیل دوسرے ممالک سے تجارتی بنیادوں پر بہتر تعلقات استوار کرنے کی کوشش کرے گا۔

انڈیا کی سٹاک مارکیٹوں میں اس ماہ کے پہلے عشرے میں مجموعی طور پر مندی کا رجحان رہے گا۔ البتہ دوسرے عشرے میں تھوڑی بہتری آئے گی۔ تیسرے عشرے میں اونچ نیچ کے ساتھ مندی کا رجحان رہے گا۔ عوام کی بہتری کے لیے کام کیے جائیں گے۔

چین کے لیے معاشی لحاظ سے بہتر وقت شروع ہو رہا ہے۔ نئے سال کی آمد اور سن 2012 کے ہر گزرتے دن کے ساتھ ساتھ چین کی معیشت میں بہتری آئے گی۔ البتہ جنوری کے آخری عشرے سے ماہ اپریل تک کا وقت حکومت کے لیے تھوڑا کٹھن ہوگا۔ ماہ جنوری تا اپریل تک کے عرصے میں چین کے دوسرے ممالک کے ساتھ تجارتی حوالے سے کچھ رکاوٹیں اور مسائل سامنے آ سکتے ہیں۔ بعض ممالک کے ساتھ سخت بیان بازی بھی متوقع ہے۔

ایران کے لیے اس ماہ کے پہلے دو عشرے مسائل اور دوسرے

بقیہ صفحہ 45 پر.........

راہنمائے عملیات میں دیا کوئی بھی نقش وعمل تیار کرنے سے قبل ان ہدایات کو بغور پڑھ لیں۔

غلط طرزعمل: راہنمائے عملیات میں درج تمام اعمال استفادہ قارئین کے لیے شائع کیے جاتے ہیں، ان کا غلط استعمال کرنے والا نتائج کا خود ذمہ دار ہوگا۔

اوقات: ان صفحات میں نظرات کے جو اوقات درج ہیں ان میں کسی شہر کے لیے کچھ جمع تفریق کرنے کی ضرورت نہیں۔ ان اوقات کے مطابق کام کریں۔ ہاں ساعت کے اوقات ہر شہر کیلیے فرق ہوں گے۔ سو اس کا لحاظ رکھیں۔

رجال الغیب: عملیات میں خیال کیا جاتا ہے کہ رجال الغیب حرکت کرتے ہیں اور اس وجہ سے ان کی سمت تبدیل ہوتی رہتی ہے۔ سو جب عمل کرنے بیٹھیں تو ان کی طرف منہ کر کے سلام کریں (اسلام علیکم یا رجال الغیب) اور پھر ان کی طرف پشت کر کے عمل تحریر کریں۔ ذیل میں تحریر ہے کن تاریخوں میں یہ کس سمت ہوتے ہیں۔ مشرق ۔۷۔۱۴۔۲۲۔۱۹ شمال مشرق ۔۶۔۲۱۔۲۸ شمال ۔۸۔ ۱۵۔۲۳۔۳۰ شمال مغرب ۔۵۔ ۱۳۔۲۰ مغرب ۔۴۔۱۲۔ ۱۹۔۲۷ جنوب مغرب ۔۲۔۱۰۔ ۱۷۔۲۵ جنوب مشرق ۔۱۔۹۔۱۶۔۲۴۔ تاہم یہ کوئی حتمی حکم نہیں۔ آپ کعبہ کی سمت بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ میرے ذاتی خیال میں یہ زیادہ معتبر، موثر اور ایمان کے نزدیک ہے۔ مسلمانوں کا اصل روحانی قبلہ کعبۃ اللہ ہے۔

حصار: عمومی اعمال کے دوران حصار کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تین دفعہ درود شریف پڑھیں اور پھر تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور پھر تین دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر اچھی طرح پھونک لیں اور اپنے اردگرد جتنے حصے میں دوران عمل آپ نے حرکت کرنی ہے، دائرہ بنالیں۔ یہ دائرہ سادہ انگلی پھیرنے یا لوہے کی نوک دار شے سے بھی بنا سکتے ہیں۔

صلوۃ حاجت: عمل شروع کرنے سے قبل اور بعد میں دو رکعت صلوۃ حاجت ادا کریں اور حصول مقصد کے لیے صدق دل سے دعا کریں۔

صدقہ: نقش لکھنے کے بعد صدقہ ضرور دیں۔ ہر عمل کا صدقہ الگ دیں، ورنہ رجعت کا امکان رہتا ہے۔ صدقہ کا بندوبست نقش لکھنے سے قبل کریں۔ ایک دفعہ رجعت ہو جائے تو علاج مشکل ہوتا ہے اور کافی تکلیف اور پریشانی اٹھانا پڑتی ہے۔ گنجائش کے مطابق مرغ وغیرہ یا چاول یا اناج بطور صدقہ دے دیں۔

سیاہی: سعد کاموں کے لیے نقش زعفران سے تحریر کریں اور قلم کسی میٹھے پھل دار پودے کی شاخ کا بنالیں۔ نحس کاموں کے لیے نقش کالی سیاہی سے تحریر کریں اور قلم لوہے کی نب والا لے لیں۔

بخور: سعد مقاصد کے لیے زعفران اور برادہ صندل کا بخور جلالیں۔ نحس مقاصد کے لیے رال اور کالی مرچ کا بخور جلائیں۔

لباس: نقش لکھتے وقت کپڑے اور جو بھی دیگر لباس ہو، پاک صاف ہوں، لازم دھیان رکھیں۔

چال: نقوش کے ہمراہ چال بھی درج ہے۔ سو ہر نقش بمطابق چال تحریر کریں۔ وہ تمام نقوش جو چال کے مطابق نہیں ہوتے ان کے موثر ہونے میں شبہ ہے۔ بلا چال نقش غلط اور اصول عملیات کے خلاف ہے۔ نقش ہمیشہ چال کے مطابق لکھنا چاہیے۔

اثر نظر: نظر بنانے والا کوکب رجعت یا کمزور حالت میں ہو تو نظر کا اثر قوی نہیں ہوتا۔ اس حوالے سے نظرات کے موثر ہونے یا نہ ہونے والا مضمون پڑھ لیں، کافی راہنمائی ملے گی۔

اجازت: راہنمائے عملیات کے تمام قارئین کو اپنی ذات کے لیے یہ عمل تیار کرنے کی مکمل اجازت ہے۔ تاہم یاد رکھیں، بے مقصد، تجرباتی، دوسرے افراد کے لیے اور بامقدار کثیر نقوش تیار کرنے سے رجعت ہو سکتی ہے۔

مزید معلومات اور حصول علم کے لیے بانی ادارہ خالد اسحاق راٹھور کی عملیات کے موضوع پر شائع شدہ کتب جن کی تفصیل اس میگزین کے آخر میں دی گئی ہے کا مطالعہ کریں۔ خاص طور پر "اُصول وقواعد عملیات" ایک راہنما کتاب ہے۔ اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔ آمین۔

دشمن کو تکنیکی مات دینا

عطارد تربیع مریخ

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	31-12-2011	01-01-2011	02-01-2011
وقت	13-04	11-06	08-37

دشمن کو صرف جسمانی طور پر مارنا یا قانونی معاملات میں پھنسا دینا ہی مات دینا تصور نہیں کیا جاتا۔ بلکہ دماغی صلاحیتوں اور قابلیت کو استعمال کرتے ہوئے دشمن کو کاروبار میں یا اہم معاملات میں پیچھے چھوڑ کر بھی مات دی جا سکتی ہے۔ جسمانی طور پر پہنچائی گئی چوٹ تو وقتی ہوتی ہے، جلد بھر جاتی ہے مگر تکنیکی طور پر پہنچائی گئی چوٹ لمبے عرصے تک اثر چھوڑ جاتی ہے اور اُسے بھرنا مشکل بھی ہوتا ہے۔

یہ عمل بھی اسی قسم کی تکنیکی مات دینے کے لیے تحریر کیا جا رہا ہے۔ تاکہ آپ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے دشمن پر حاوی ہو سکیں۔ آتشی نقش کو شروع میں دی گئی ہدایت کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کریں۔ آتشی نقش کو کسی پرانے سوکھے درخت کی ٹہنیوں کے ساتھ جلائیں اور راکھ کو تیار کیے گئے خاکی نقش میں لپیٹ کر کسی ویران جگہ پر دفنا دیں۔

آتشی چال

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۶۰۷	۶۲۱	۶۱۸	۶۱۵
۶۱۹	۶۱۴	۶۰۸	۶۲۰
۶۱۳	۶۱۶	۶۲۳	۶۰۹
۶۲۲	۶۱۰	۶۱۲	۶۱۷

یااللہ یااللہ

خاکی چال

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۶۱۵	۶۱۸	۶۲۱	۶۰۷
۶۲۰	۶۰۸	۶۱۴	۶۱۹
۶۰۹	۶۲۳	۶۱۶	۶۱۳
۶۱۷	۶۱۲	۶۱۰	۶۲۲

یااللہ یااللہ

کاروبار میں کامیابی

عطارد تثلیث مشتری

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	08-01-2012	08-01-2012	09-01-2012
وقت	05-58	23-05	16-09

کاروبار میں ترقی اور کامیابی کا خواب پورا کرنے کے لیے آپ اس عمل سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اس کے استعمال سے نہ صرف کاروباری پریشانیاں دور ہونے لگیں گی بلکہ آپ منافع بخش کاروبار کی منازل طے کرنے لگیں گے۔

دی گئی ہدایات اور اوقات کار کو دھیان میں رکھتے ہوئے تحریر کیے جا رہے نقوش کو تیار کر لیں۔ آبی نقش کو تیار کر کے اکتالیس روز تک پانی میں حل کر کے کام کرنے کی جگہ کے چاروں کونوں میں چھڑکاؤ کریں۔ بادی نقش کو اپنے کام کرنے کی جگہ پر کسی اونچے مقام پر رکھ دیں۔ انشاء اللہ جلد آپ کی مشکلات حل ہونے لگیں گی اور دیکھتے ہی دیکھتے آپ کامیابی کی نئی منازل طے کرنے لگیں گے۔

آبی چال

۱۱	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۱۶	۳	۶	۹
۵	۱۰	۱۵	۴

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۸۴۰	۸۳۷	۸۲۹	۸۴۳
۸۳۰	۸۴۲	۸۴۱	۸۳۶
۸۴۵	۸۳۱	۸۳۵	۸۳۸
۸۳۴	۸۳۹	۸۴۴	۸۳۲

یااللہ یااللہ

بادی چال

۱۴	۱	۸	۱۱
۷	۱۲	۱۳	۲
۹	۶	۳	۱۶
۴	۱۵	۱۰	۵

نقش

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۸۴۳	۸۲۹	۸۳۷	۸۴۰
۸۳۶	۸۴۱	۸۴۲	۸۳۰
۸۳۸	۸۳۵	۸۳۱	۸۴۵
۸۳۲	۸۴۴	۸۳۹	۸۳۴

یااللہ یااللہ

ملازمت پر دوبارہ بحالی

شمس تثلیث مریخ

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	12-01-2012	13-01-2012	14-01-2012
وقت	06-41	09-46	12-30

اگر کسی وجہ سے آپ کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہے یا کیا جا رہا ہے اور آپ واپس بحالی چاہتے ہیں تو تحریر کیے جا رہے نقش سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں۔ انشاء اللہ جلد آپ کو نوکری پر بحالی حاصل ہو گی۔

دیئے گئے اوقات کار میں بادی اور آبی نقش تیار کر لیں۔ بادی نقش کو اپنے کام کرنے کی جگہ پر رکھیں۔ آبی نقش کو طلوع آفتاب کے وقت دریا میں بہا دیں۔ اللہ نے چاہا تو آپ کی پریشانیاں دور ہو جائیں گی اور آپ ملازمت پر جلد بحال ہو سکیں گے۔

بادی چال یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۴	۱	۸	۱۱		۳۰۹	۲۹۵	۳۰۳	۳۰۶
۷	۱۲	۱۳	۲	نقش	۳۰۲	۳۰۷	۳۰۸	۲۹۶
۹	۶	۳	۱۶	←	۳۰۴	۳۰۱	۲۹۷	۳۱۱
۴	۱۵	۱۰	۵		۲۹۸	۳۱۰	۳۰۵	۳۰۰

یااللہ یااللہ

آبی چال

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۱	۸	۱	۱۴		۳۰۶	۳۰۳	۲۹۵	۳۰۹
۲	۱۳	۱۲	۷	نقش	۲۹۶	۳۰۸	۳۰۷	۳۰۲
۱۶	۳	۶	۹	←	۳۱۱	۲۹۷	۳۰۱	۳۰۴
۵	۱۰	۱۵	۴		۳۰۰	۳۰۵	۳۱۰	۲۹۸

یااللہ یااللہ

شراکتی معاملات میں بہتری

عطارد قران پلوٹو

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	13-01-2012	13-01-2012	14-01-2012
وقت	01-35	18-01	10-22

ایسے معاملات یا ڈیلز جو شراکتی بنیادوں پر کرنا مجبوری یا ضرورت ہو اور آپ انہیں احسن طریقے سے تکمیل ہوتا دیکھنا چاہتے ہیں تو اس عمل سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ اکثر شراکتی معاہدے بدمزگی، فریب وغیرہ جیسی چیزوں کا شکار ہو جاتے ہیں مگر بعض اوقات شراکت کے علاوہ کوئی راستہ بھی نہیں ہوتا۔ اسی لیے اگر بغیر پریشانی اور تکلیف کے سب معاملات حل ہوتے دیکھنا چاہتے ہیں تو اللہ کا نام لے کر اس عمل کا استعمال کریں۔

بادی نقش تعداد میں دو تیار کریں اور ایک ہر وقت اپنے پاس رکھیں اور دوسرا شراکت دار کے گھر کی چار دیواری میں کسی درخت کے ساتھ باندھ دیں۔ آبی نقش کو اپنے اور شراکت دار کے استعمال شدہ کپڑے کے ساتھ لپیٹ کر ندی میں بہا دیں۔ انشاء اللہ جلد سب ٹھیک ہونے لگے گا اور آپس کی رنجشیں بھی ختم ہونے لگیں گی۔

بادی چال

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۴	۱	۸	۱۱		۴۳۴	۴۲۰	۴۲۷	۴۳۰
۷	۱۲	۱۳	۲	نقش	۴۲۶	۴۳۱	۴۳۳	۴۲۱
۹	۶	۳	۱۶	←	۴۲۸	۴۲۵	۴۲۲	۴۳۶
۴	۱۵	۱۰	۵		۴۲۳	۴۳۵	۴۲۹	۴۲۴

یااللہ یااللہ

آبی چال

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۱	۸	۱	۱۴		۴۳۰	۴۲۷	۴۲۰	۴۳۴
۲	۱۳	۱۲	۷	نقش	۴۲۱	۴۳۳	۴۳۱	۴۲۶
۱۶	۳	۶	۹	←	۴۳۶	۴۲۲	۴۲۵	۴۲۸
۵	۱۰	۱۵	۴		۴۲۴	۴۲۹	۴۳۵	۴۲۳

یااللہ یااللہ

حقیقت کے متلاشی

عطارد تسدیس یورانس

	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر
تاریخ	28-01-2012	28-01-2012	29-01-2012
وقت	08-27	23-26	14-22

سچائی تک پہنچنا اور سچ، جھوٹ میں تفریق کرنا آج کل کے دور میں بہت مشکل ہوتا جا رہا ہے۔ اسی طرح اگر آپ نے کسی بات کی گہرائی تک پہنچنا ہو اور اس کی حقیقت جاننا چاہتے ہوں تو یہ سب بہت مشکل معلوم ہوتا ہو۔ اسی مشکل کو دور کرنے کے لیے خاص طور پر راہنمائے عملیات کے قارئین کے لیے یہ عمل تحریر کیا جا رہا ہے۔

بادی نقش تعداد میں دو تیار کریں۔ ایک نقش جس جگہ یا شخص سے متعلق آپ حقیقت جاننا چاہ رہے ہیں وہاں اونچی جگہ پر لٹکا دیں اور دوسرا نقش اپنے پاس رکھیں۔ اس کے استعمال سے آپ پر جلد حقیقت کھل جائے گی اور آپ با آسانی سچ جھوٹ میں فرق کر پائیں گے۔

بادی چال

یااللہ بسم اللہ الرحمن الرحیم یااللہ

۱۴	۱	۸	۱۱		۶۰۸	۵۹۵	۶۰۲	۶۰۵
۷	۱۲	۱۳	۲	نقش	۶۰۱	۶۰۶	۶۰۷	۵۹۶
۹	۶	۳	۱۶	←	۶۰۳	۶۰۰	۵۹۷	۶۱۰
۴	۱۵	۱۰	۵		۵۹۸	۶۰۹	۶۰۴	۵۹۹

یااللہ یااللہ

☆☆☆☆☆

جنوری 2012 کون سی نظرات موثر ہیں کون سی نہیں؟

تحریر و تحقیق: خالد اسحاق راٹھور

اس مضمون کا بنیادی مقصد یہ ہے کہ نقوش و عملیات تیار کرنے والے عامل یا عام لوگ جن کو نجوم و عملیات کی معمولی سمجھ ہے یا بالکل نہیں ہے اس مضمون کی مدد سے صرف ایسے وقت میں نقش یا اعمال تیار کریں جو موثر ثابت ہوں اور ان کا وقت، رقم اور محنت ضائع نہ ہو۔ یہ مضمون عملیاتی اور روحانی حوالے سے ہر عامل کامل کا راہنما ثابت ہوگا۔ مختصراً سمجھ لیں کہ علمی لحاظ سے زہرہ و مشتری جو سعد ترین کواکب ہیں ان کی باہمی نظر ہمیشہ اچھے اثرات کی حامل نہیں ہوتی۔ لیکن بہت سے لوگ بلا علم ہر نظر کی سعادت و نحوست پر اعمال تحریر کر دیتے ہیں اور ضرورت مند کر بھی لیتے ہیں جو کہ فائدہ مند ثابت نہیں ہوتے۔ سو راہنمائے عملیات کے قارئین کی خصوصی راہنمائی کے لیے ہر ماہ یہ مضمون تحریر کیا جاتا ہے۔ تاکہ کوئی بھی کواکبی نظر ہو آپ اس مضمون سے زیادہ سے زیادہ بہتر اور قوت اور طریق سے عمل تیار کر سکیں۔ اللہ آپ کو کامیابی عطا فرمائے۔

کواکبی نظر	ابتداء نظر	تکمیل نظر	اختتام نظر	احکام نظر ..... یعنی نقش، تعویذ و عمل تیار کریں یا نہ؟
عطارد تربیع مریخ	31-12-11 13:04	01-01-12 11:06	02-01-12 08:37	نحس اعمال کا اثر مکمل طور پر واقع نہ ہوگا۔ تاہم 40 تا 50 فی صد تک ناقص اُمور کے اعمال کامیاب رہیں گے۔
عطارد تسدیس زحل	06-01-12 19:48	07-01-12 13:14	08-01-12 06:31	گو سعد نظر ہے تاہم بہت زیادہ قوی نہیں ہے۔ کیئے گئے اعمال کے نتائج کم و بیش 50 فی صد تک کامیابی لیے ہوں گے۔
عطارد تثلیث مشتری	08-01-12 05:58	08-01-12 23:05	09-01-12 16:09	گو اعمال سعد کے لیے یہ نظر ہے لیکن اس وقت کوئی بھی عمل نہ کرنے کا مشورہ ہے۔ زیادہ کامیابی متوقع نہ ہے۔
شمس تثلیث مریخ	12-01-12 06:41	13-01-12 09:46	14-01-12 12:30	اس قران میں اعمال سعد انجام دیے جائیں گے۔ نحس اعمال کام نہ کریں گے۔ جاری کواکبی پوزیشنوں کے مطابق موثر نتائج کا حصول ہوگا۔
زہرہ تثلیث زحل	12-01-12 17:38	13-01-12 14:06	14-01-12 10:33	سعد وقت ہے جو بھی سعد عمل و لوح تیار کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ کامیابی 70 فی صد کے قریب ہے۔
زہرہ تسدیس مشتری	14-01-12 10:54	15-01-12 07:48	16-01-12 04:46	ذاتی حوالے سے سعد نظر ہے لیکن اثرات کے حوالے سے اس کی کامیابی کا تناسب 30/20 فی صد سے زیادہ نہ ہوگا۔ اس وقت اعمال سعد سے باز رہیں۔
شمس تربیع زحل	19-01-12 01:57	20-01-12 02:19	21-01-12 02:39	نحس اعمال کا اثر مکمل طور پر واقع نہ ہوگا۔ تاہم 40 تا 50 فی صد تک ناقص اُمور کے اعمال کامیاب رہیں گے۔
شمس تربیع مشتری	21-01-12 09:46	22-01-12 11:35	23-01-12 13:30	ایک نحس نظر جو جاری کواکبی صورت حال کی بنیاد پر 60 تا 70 فی صد تک منفی اعمال کے موثر ہونے کی علامت ہے۔
عطارد تثلیث مریخ	23-01-12 01:02	23-01-12 16:16	24-01-12 07:22	ایک ملا جلا وقت ہے جس میں عام عامل کا کام کرنا زیادہ موزوں نہیں۔
عطارد تربیع زحل	26-01-12 23:23	27-01-12 14:20	28-01-12 05:13	اس وقت کسی بھی قسم کے عمل کے لیے قوی کواکبی حالت نہیں، باز رہیں۔
عطارد تربیع مشتری	28-01-12 17:31	29-01-12 09:08	30-01-12 00:43	نظری اعتبار سے تو بظاہر انتہائی نحس نظر ہے لیکن حقیقت میں یہ کسی بھی نحس کام کے لیے موثر نہیں۔

کواکبی تقویم برائے ماہ جنوری 2012

تاریخ	کواکبی وقت	قمر	شمس	عطارد	زہرہ	مریخ	مشتری	زحل	یورانس	نپچون	پلوٹو	راس
01	06گ40م	07حمل 06	09جدی 57	19قوس 50	13دلو 49	20سنبلہ 07	00ثور 26	28میزان 17	00حمل 51	28دلو 53	07جدی 19	12قوس 58 ع
05	06گ56م	24ثور 37	14جدی 02	25قوس 20	18دلو 44	21سنبلہ 01	00ثور 32	28میزان 32	00حمل 55	29دلو 00	07جدی 28	12قوس 46 ع
10	07گ15م	27سرطان 28	19جدی 08	02جدی 31	24دلو 50	21سنبلہ 56	00ثور 45	28میزان 48	01حمل 03	29دلو 09	07جدی 38	12قوس 30 ع
15	07گ35م	06میزان 10	24جدی 13	09جدی 58	00حوت 55	22سنبلہ 36	01ثور 03	29میزان 01	01حمل 11	29دلو 19	07جدی 49	12قوس 14 ع
16	07گ39م	20میزان 15	25جدی 14	11جدی 29	02حوت 08	22سنبلہ 42	01ثور 07	29میزان 04	01حمل 13	29دلو 20	07جدی 51	12قوس 11 ع
20	07گ55م	16قوس 45	29جدی 19	17جدی 38	06حوت 59	23سنبلہ 00	01ثور 26	29میزان 12	01حمل 20	29دلو 28	07جدی 59	11قوس 58 ع
25	08گ14م	25دلو 01	04دلو 24	25جدی 32	13حوت 01	23سنبلہ 05 ع	01ثور 53	29میزان 21	01حمل 31	29دلو 39	08جدی 09	11قوس 42 ع
30	08گ34م	26حمل 48	09دلو 29	03دلو 41	19حوت 01	22سنبلہ 52 ع	02ثور 25	29میزان 27	01حمل 42	29دلو 49	08جدی 19	11قوس 26 ع
31	08گ38م	08ثور 38	10دلو 30	05دلو 21	20حوت 13	22سنبلہ [illegible] ع	02ثور 32	29میزان 27	01حمل 45	29دلو 52	08جدی 21	11قوس 23 ع

ایک نظر میں ماہ جنوری

نصف چاند در حمل 11:14:34 قبل دوپہر 1.01.2012

قمر در ثور 3:15:55 قبل دوپہر 3.01.2012

ابتداشرف قمر در ثور 7:19:32 قبل دوپہر 03.01.2012

اختتام شرف قمر در ثور 9:21:19 قبل دوپہر 03.01.2012

قمر در جوزا 3:44:14 بعد دوپہر 5.01.2012

قمر در سرطان 2:05:04 قبل دوپہر 8.01.2012

عطارد در جدی 11:33:41 قبل دوپہر 8.01.2012

مکمل چاند در سرطان 12:30:05 بعد دوپہر 9.01.2012

ابتداء تخفیف شمس در جدی 1:57:21 قبل دوپہر 10.01.2012

قمر در اسد 9:35:04 قبل دوپہر 10.01.2012

انتہا تخفیف شمس در جدی 1:30:55 قبل دوپہر 11.01.2012

قمر در سنبلہ 2:44:08 بعد دوپہر 12.01.2012

ابتداء اوج قمر در سنبلہ 6:21:47 قبل دوپہر 13.01.2012

انتہا اوج قمر در سنبلہ 8:05:34 قبل دوپہر 13.01.2012

زہرہ در حوت 10:47:20 قبل دوپہر 14.01.2012

قمر در میزان 6:28:06 بعد دوپہر 14.01.2012

نصف چاند در میزان 2:07:54 بعد دوپہر 16.01.2012

قمر در عقرب 9:33:26 بعد دوپہر 16.01.2012

ابتداء ہبوط قمر در عقرب 12:57:13 قبل دوپہر 17.01.2012

اختتام ہبوط قمر در عقرب 2:39:03 قبل دوپہر 17.01.2012

قمر در قوس 12:28:43 قبل دوپہر 19.01.2012

خالد روحانی جنتری......جنوری ۲۰۱۲/ ربیع الاول ۱۴۳۳/ ماگھ ۲۰۶۸

ماہانہ تقویم							لاہور		کراچی		پشاور		کوئٹہ		راولپنڈی		ملتان	
دن	جنوری	صفر	پوہ	جدی	[illegible]	[illegible]	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب	طلوع	غروب
انوار	۱	۷	۱۷	۱۱	س	۷	۰۷/۰۲	۱۷/۱۰	۰۷/۱۹	۱۷/۵۲	۰۷/۱۹	۱۷/۱۶	۰۷/۲۹	۱۷/۴۳	۰۷/۱۲	۱۷/۱۱	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶
پیر	۲	۸	۱۸	۱۲	س	۸	۰۷/۰۲	۱۷/۱۱	۰۷/۱۹	۱۷/۵۳	۰۷/۱۹	۱۷/۱۶	۰۷/۲۹	۱۷/۴۴	۰۷/۱۲	۱۷/۱۲	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶
منگل	۳	۹	۱۹	۱۳	س	۹	۰۷/۰۳	۱۷/۱۲	۰۷/۱۹	۱۷/۵۴	۰۷/۲۰	۱۷/۱۷	۰۷/۲۹	۱۷/۴۵	۰۷/۱۲	۱۷/۱۲	۰۷/۱۱	۱۷/۲۷
بدھ	۴	۱۰	۲۰	۱۴	ن	۰	۰۷/۰۳	۱۷/۱۳	۰۷/۲۰	۱۷/۵۴	۰۷/۲۰	۱۷/۱۸	۰۷/۲۹	۱۷/۴۵	۰۷/۱۲	۱۷/۱۳	۰۷/۱۲	۱۷/۲۸
جمعرات	۵	۱۱	۲۱	۱۵	س	۱	۰۷/۰۳	۱۷/۱۳	۰۷/۲۰	۱۷/۵۵	۰۷/۲۰	۱۷/۱۹	۰۷/۳۰	۱۷/۴۶	۰۷/۱۲	۱۷/۱۴	۰۷/۱۲	۱۷/۲۹
جمعہ	۶	۱۲	۲۲	۱۶	س	۲	۰۷/۰۳	۱۷/۱۴	۰۷/۲۰	۱۷/۵۶	۰۷/۲۰	۱۷/۲۰	۰۷/۳۰	۱۷/۴۷	۰۷/۱۲	۱۷/۱۵	۰۷/۱۲	۱۷/۲۹
ہفتہ	۷	۱۳	۲۳	۱۷	ن	۳	۰۷/۰۳	۱۷/۱۵	۰۷/۲۰	۱۷/۵۶	۰۷/۲۰	۱۷/۲۰	۰۷/۳۰	۱۷/۴۸	۰۷/۱۲	۱۷/۱۶	۰۷/۱۲	۱۷/۳۰
انوار	۸	۱۴	۲۴	۱۸	س	۴	۰۷/۰۳	۱۷/۱۶	۰۷/۲۰	۱۷/۵۷	۰۷/۲۰	۱۷/۲۱	۰۷/۳۰	۱۷/۴۸	۰۷/۱۲	۱۷/۱۶	۰۷/۱۲	۱۷/۳۱
پیر	۹	۱۵	۲۵	۱۹	س	۵	۰۷/۰۳	۱۷/۱۷	۰۷/۲۰	۱۷/۵۸	۰۷/۲۰	۱۷/۲۲	۰۷/۳۰	۱۷/۴۹	۰۷/۱۲	۱۷/۱۷	۰۷/۱۲	۷/۳۲
منگل	۱۰	۱۶	۲۶	۲۰	ن	۶	۰۷/۰۳	۱۷/۱۷	۰۷/۲۰	۱۷/۵۹	۰۷/۲۰	۱۷/۲۳	۰۷/۳۰	۱۷/۵۰	۰۷/۱۲	۱۷/۱۸	۰۷/۱۲	۷/۳۳
بدھ	۱۱	۱۷	۲۷	۲۱	ن	۷	۰۷/۰۳	۱۷/۱۸	۰۷/۲۰	۱۷/۵۹	۰۷/۲۰	۱۷/۲۴	۰۷/۳۰	۱۷/۵۱	۰۷/۱۲	۱۷/۱۹	۰۷/۱۲	۷/۳۳
جمعرات	۱۲	۱۸	۲۸	۲۲	س	۸	۰۷/۰۳	۱۷/۱۹	۰۷/۲۰	۱۸/۰۰	۰۷/۲۰	۱۷/۲۵	۰۷/۳۰	۱۷/۵۲	۰۷/۱۲	۱۷/۲۰	۰۷/۱۲	۷/۳۴
جمعہ	۱۳	۱۹	۲۹	۲۳	ن	۹	۰۷/۰۳	۱۷/۲۰	۰۷/۲۰	۱۸/۰۱	۰۷/۲۰	۱۷/۲۶	۰۷/۳۰	۱۷/۵۲	۰۷/۱۲	۱۷/۲۱	۰۷/۱۲	۷/۳۵
ہفتہ	۱۴	۲۰	۳۰	۲۴	ن	۰	۰۷/۰۳	۱۷/۲۱	۰۷/۲۰	۱۸/۰۲	۰۷/۱۹	۱۷/۲۷	۰۷/۳۰	۱۷/۵۳	۰۷/۱۲	۱۷/۲۲	۰۷/۱۲	۷/۳۶
انوار	۱۵	۲۱	ماگھ	۲۵	ن	۱	۰۷/۰۳	۱۷/۲۲	۰۷/۲۰	۱۸/۰۲	۰۷/۱۹	۱۷/۲۸	۰۷/۲۹	۱۷/۵۴	۰۷/۱۲	۷/۲۳	۰۷/۱۲	۷/۳۷
پیر	۱۶	۲۲	۲	۲۶	س	۲	۰۷/۰۲	۱۷/۲۳	۰۷/۲۰	۱۸/۰۳	۰۷/۱۹	۱۷/۲۸	۰۷/۲۹	۱۷/۵۵	۰۷/۱۲	۱۷/۲۴	۰۷/۱۲	۷/۳۸
منگل	۱۷	۲۳	۳	۲۷	س	۳	۰۷/۰۲	۱۷/۲۴	۰۷/۲۰	۱۸/۰۴	۰۷/۱۹	۱۷/۲۹	۰۷/۲۹	۱۷/۵۶	۰۷/۱۱	۱۷/۲۵	۰۷/۱۲	۷/۳۸
بدھ	۱۸	۲۴	۴	۲۸	ن	۴	۰۷/۰۲	۱۷/۲۴	۰۷/۲۰	۱۸/۰۵	۰۷/۱۸	۱۷/۳۰	۰۷/۲۹	۱۷/۵۷	۰۷/۱۱	۱۷/۲۵	۰۷/۱۱	۱۷/۳۹
جمعرات	۱۹	۲۵	۵	۲۹	ن	۵	۰۷/۰۲	۱۷/۲۵	۰۷/۲۰	۱۸/۰۵	۰۷/۱۸	۱۷/۳۱	۰۷/۲۹	۱۷/۵۸	۰۷/۱۱	۱۷/۲۶	۰۷/۱۱	۱۷/۴۰
جمعہ	۲۰	۲۶	۶	دلو	س	۶	۰۷/۰۱	۱۷/۲۶	۰۷/۲۰	۱۸/۰۶	۰۷/۱۸	۱۷/۳۲	۰۷/۲۸	۱۷/۵۸	۰۷/۱۰	۱۷/۲۷	۰۷/۱۱	۱۷/۴۱
ہفتہ	۲۱	۲۷	۷	۲	س	۷	۰۷/۰۱	۱۷/۲۷	۰۷/۲۰	۱۸/۰۷	۰۷/۱۷	۱۷/۳۳	۰۷/۲۸	۱۷/۵۹	۰۷/۱۰	۱۷/۲۸	۰۷/۱۱	۱۷/۴۲
انوار	۲۲	۲۸	۸	۳	ن	۸	۰۷/۰۱	۱۷/۲۸	۰۷/۱۹	۱۸/۰۸	۰۷/۱۷	۱۷/۳۴	۰۷/۲۸	۱۸/۰۰	۰۷/۱۰	۱۷/۲۹	۰۷/۱۰	۷/۴۳
پیر	۲۳	۲۹	۹	۴	س	۹	۰۷/۰۰	۱۷/۲۹	۰۷/۱۹	۱۸/۰۸	۰۷/۱۶	۱۷/۳۵	۰۷/۲۷	۱۸/۰۱	۰۷/۰۹	۱۷/۳۰	۰۷/۱۰	۷/۴۴
منگل	۲۴	۳۰	۱۰	۵	س	۰	۰۷/۰۰	۱۷/۳۰	۰۷/۱۹	۱۸/۰۹	۰۷/۱۶	۱۷/۳۶	۰۷/۲۷	۱۸/۰۲	۰۷/۰۹	۱۷/۳۱	۰۷/۱۰	۷/۴۴
بدھ	۲۵	ربیع الاول	۱۱	۶	س	۱	۰۶/۵۹	۱۷/۳۱	۰۷/۱۹	۱۸/۱۰	۰۷/۱۵	۱۷/۳۷	۰۷/۲۷	۱۸/۰۳	۰۷/۰۸	۷/۳۲	۰۷/۰۹	۱۷/۴۵
جمعرات	۲۶	۲	۱۲	۶	ن	۲	۰۶/۵۹	۱۷/۳۲	۰۷/۱۸	۱۸/۱۱	۰۷/۱۵	۱۷/۳۸	۰۷/۲۶	۱۸/۰۴	۰۷/۰۸	۷/۳۳	۰۷/۰۹	۱۷/۴۶
جمعہ	۲۷	۳	۱۳	۷	ن	۳	۰۶/۵۹	۱۷/۳۳	۰۷/۱۸	۱۸/۱۲	۰۷/۱۴	۱۷/۳۹	۰۷/۲۶	۱۸/۰۵	۰۷/۰۷	۱۷/۳۴	۰۷/۰۸	۱۷/۴۷
ہفتہ	۲۸	۴	۱۴	۸	ن	۴	۰۶/۵۸	۱۷/۳۴	۰۷/۱۸	۱۸/۱۲	۰۷/۱۴	۱۷/۴۰	۰۷/۲۵	۱۸/۰۵	۰۷/۰۷	۷/۳۵	۰۷/۰۸	۱۷/۴۸
انوار	۲۹	۵	۱۵	۹	ن	۵	۰۶/۵۷	۱۷/۳۴	۰۷/۱۷	۱۸/۱۳	۰۷/۱۳	۱۷/۴۱	۰۷/۲۵	۱۸/۰۶	۰۷/۰۶	۷/۳۶	۰۷/۰۷	۱۷/۴۹
پیر	۳۰	۶	۱۶	۱۰	س	۶	۰۶/۵۷	۱۷/۳۵	۰۷/۱۷	۱۸/۱۴	۰۷/۱۲	۱۷/۴۲	۰۷/۲۴	۱۸/۰۷	۰۷/۰۶	۷/۳۷	۰۷/۰۷	۱۷/۵۰
منگل	۳۱	۷	۱۷	۱۱	س	۷	۰۶/۵۶	۱۷/۳۶	۰۷/۱۶	۱۸/۱۵	۰۷/۱۲	۱۷/۴۳	۰۷/۲۴	۱۸/۰۸	۰۷/۰۵	۷/۳۸	۰۷/۰۶	۱۷/۵۱

شمس در دلو 9:09:50 بعد دوپہر 20.01.2012

قمر در جدی 3:40:19 قبل دوپہر 21.01.2012

قمر در دلو 7:52:56 قبل دوپہر 23.01.2012

نیا چاند در دلو 12:39:16 بعد دوپہر 23.01.2012

مریخ رجعت سنبلہ 5:53:39 قبل دوپہر 24.01.2012

قمر در حوت 2:11:03 بعد دوپہر 25.01.2012

ابتداء تخفیف قمر در حوت 7:02:09 قبل دوپہر 26.01.2012

انتہا تخفیف قمر در حوت 8:55:32 قبل دوپہر 26.01.2012

عطارد در دلو 11:11:38 بعد دوپہر 27.01.2012

قمر در حمل 11:27:51 بعد دوپہر 27.01.2012

قمر در ثور 11:28:22 قبل دوپہر 30.01.2012

ابتداشرف قمر در ثور 3:31:51 بعد دوپہر 30.01.2012

اختتام شرف قمر در ثور 5:33:39 بعد دوپہر 30.01.2012

نصف چاند در ثور 9:09:37 قبل دوپہر 31.01.2012

تسخیر ہمزاد و بھوت

قیصر احمد بی اے، کراچی

تسخیر ہمزاد (اجازتی عمل)

حادثہ میں مارے گئے شخص کی ہڈی کا ایک ٹکڑا کسی بھی صورت حاصل کر لیں۔ اب کسی تنہا مکان اور پُرسکون ماحول میں اپنا حصار جسمانی کر کے ہڈی پر کوئی سا بھی عطر لگا کر اپنے سامنے رکھ کر پھول، عطر، لوبان، اگربتی جلا کر بسم اللہ کے ساتھ ایک سو ایک مرتبہ سورہ الم ترکیف اور تین سو تیرہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھیں اور جب ھو الابتر جس کا جسم اسی کی ہڈی بحکم حضرت لقمان علیہ السلام کے جلد جاگ اسی کے حکم سے سامنے آ حاضر ہو دوہائی لقمان علیہ السلام کی جو کام میرا ہو میرے حواس کے مطابق تو اُسے پورا کر۔ یہ عمل سات مرتبہ یعنی ایک مرتبہ الم ترکیف، تین مرتبہ سورہ کوثر مذکورہ ترکیب کے مطابق یہ ایک مرتبہ ہوا۔ اسی طرح سے سات مرتبہ پڑھ کر تین مرتبہ تالی مار کر جو کام ہو کہہ دیں۔ یہ کبھی سامنے آکر اور کبھی نظروں سے اُوجھل ہو کر حکم کی تعمیل کرتا ہے۔ جب تک ہڈی آپ کے پاس موجود ہے غائبانہ و ظاہری طور پر عمل رہتا ہے۔ ہڈی غائب ہونے کی صورت میں، ہمزاد جاتا رہتا ہے۔

پرہیز:- بڑا گوشت۔ کچی پیاز و لہسن سے پرہیز کریں۔

تسخیر بھوت

(1) **عَلَمْ مُلَمْ لَولَا مَ اللّٰہ۔**

سب سے پہلے پاک وصاف ہو کر پُرسکون مکان میں یکسوئی قلب کے ساتھ مندرجہ بالا عمل کو دس ہزار مرتبہ ایک ہی نشست میں پڑھ کر عمل میں لائیں (تقریباً 4 گھنٹے لگیں گے) بعدہ بکری کا گوشت لے کر ساتھ میں لوبان، تھوڑا سا نمک، گندھک ولکڑی کا کوئلہ، دیا سلائی، ایک چھوٹی بالٹی لے کر ایک خالی گھر میں ایک شیشے کی بوتل لے کر اطمینان کے ساتھ بکری یا بکری کے گوشت پر 501 بار اوپر والا عمل پڑھ کر دم کر کے آگ جلا کر اس گوشت کو آگ میں جلائیں اور دھوئیں کو بوتل میں قید کرتے جائیں۔ جب تمام دھواں بوتل میں جمع ہو جائے تب بوتل کے ڈھکن کو مضبوطی سے بند کر کے بالٹی کے پانی سے (یہ پانی ندی یا دریا کا ہونا چاہیے) دھولیں۔ بوتل کو بعدہ، اگربتی سلگا کر گندھک کی دھونی دیں۔ اب جو دھواں بوتل میں بچے گا وہی بھوت ہے۔ اب اِسے احتیاط سے رکھ دیں اور جب بھی کام لینا ہو اس بوتل کو دھوپ میں رکھ کر کام کا کہہ دیں۔ یہ ہر کام کر دیا کرے گا۔ مثلاً میاں بیوی کے دل میں محبت پیدا کرنا۔ کسی کے دل میں نفرت و عداوت پیدا کرنا۔ کسی کو حاضر کروانا۔ کسی کو بھگانا وغیرہ۔ واضح رہے شیطان، دیو اور بھوت کی پیدائش دھوئیں سے ہوئی ہے۔

(2) **فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ٥**

اس آیت کو بعد نماز عشاء آٹھ سو مرتبہ پڑھیں۔ اس آیت کا غلام حاضر ہو کر کہے گا، کہ کیا چیز چاہیے غلام حاضر ہے۔

پرہیز:- جلالی و جمالی کریں۔

(3) **وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ٥**

اس کو 467 مرتبہ پڑھ کر اپنے اُوپر دم کیا جائے اس کے بعد ایک بزرگ حاضر ہو کر کہے گا جو تم مجھے بولو گے میں تمہارے ساتھ تعاون کروں گا۔ بعد نماز عشاء سوتے وقت پڑھیں۔

پرہیز:- جلالی و جمالی لازمی کریں۔

4) تسخیر بھوت (اجازتی عمل)

دیوالی کی رات یا منگل یا سنیچر کی رات کو جنگل یا کسی ویران قبرستان میں نصف شب کے وقت جائے اور عمل کے لیے اپنا حصار باندھ کر حصار کے گُنڈل میں دیوالی کے 13 عدد چراغ خالص گھی کے روشن کرے اور پھر مُردے کی کھوپڑی لے کر (اگر مُردہ کی کھوپڑی نہ ملے تو سوکھا صاف شدہ ناریل لے لے اور اُسے کھوپڑی بنالے) پھر مردے کی کھوپڑے لے کر جو پیشتر ازیں مہیا کر لینی چاہیے، چراغوں کے ہالہ کے درمیان کسی درخت کی شاخ یا کسی اور چیز سے بلند کر کے اوپر لٹکا دے اور خود ننگے سر اور ننگے پاؤں کھوپڑی کے سامنے کھڑا ہو کر کھوپڑی پر (یا صاف شدہ ناریل) پر نظر جماتے ہوئے مندرجہ ذیل کلمات کو بلا تعداد پڑھنا شروع کر دے۔

اَیرُوسِ بَرُوسِ یَرُوسِ سُورِیاً سُورِبَا سُورِیَا۔

اور جب چراغوں کی روشنی مدہم پڑنے لگے تو عامل مذکورہ بالا عمل کو دُہراتے ہوئے دونوں ہاتھوں سے تالی بجائے۔ جوں ہی عامل ایسا کرے گا۔ چاروں طرف سے بھوت پریت کا ایک عظیم لشکر غول در غول بمعہ ڈھول باجہ عامل کے سامنے ظاہر ہوگا اور زبردست قسم کے جوش وخروش وخوشی کا مظاہرہ کرے گا۔ عامل بلا خوف وخطر اپنا عمل یکسوئی و اطمینان سے جاری رکھے۔ یہاں تک کہ جب ان کا سردار عامل کے سامنے حاضر ہو کر عامل کے بُلانے کا مقصد دریافت کرے تو عامل عمل کو ترک کر کے جو مقصد کو بیان کرے وہ فوراً اس کی تعمیل کریں گے۔ یہ عمل احقر کا ذاتی آزمودہ و مجرب ہے۔

پانی سے غسل کریں ایک ہفتہ میں مراد برآئے گی۔

مخدوم پیر محمد سٹھاشاہ، ڈیرہ غازی خان

کرشمات عملیات

نقش برائے بندش

اگر کوئی شخص کسی بھی قسم کی بندش کا شکار ہو تو اس نقش کو نیک ساعت میں تحریر کر کے دکان یا مکان میں لگائیں۔ چار نقش لکھ کر دکان یا مکان کے چاروں کونوں میں چسپاں کر دیں۔ مٹی کی کوری ہانڈی میں ایک نقش علاوہ اُن چار نقوش کے مشک وزعفران سے تحریر کر کے ڈال دیں اور اُس کے پانی کے چھینٹے دکان یا مکان کو دیں جس کو بندش لگی ہے بحکم خدا کچھ ہی دنوں میں تمام بد اعمال کا خاتمہ ہو کر خوشحالی کا دور شروع ہو جائے گا۔ یہ نقش انتہائی مجرب ہے۔

عمل برائے رزق

یا نُور کلِ شیٍ انتَ الّذِی فَلق الظمات بنورہٖ یا نورُ

مشتری ستارہ کی ساعت میں کالے بکرے کے دل پر سات مرتبہ پڑھیں اور کاغذ پر یہ کلمات ایک بار مشک وزعفران کی سیاہی سے لکھ کر وہ کاغذ بکرے کے دل میں رکھ کر کسی مسجد کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دیں اور 300 بار روزانہ ورد کریں، انشاء اللہ تعالیٰ رزق وسیع ہوگا۔ تنگ دستی، خوشحالی میں بدل جائے گی۔ اگر 3125 بار چالیس دن پڑھیں تو اچھا رشتہ مل جائے گا۔ غیر شادی شدہ کے لباس پر لکھ کر تعویذ کی صورت بازو پر باندھا جائے تو جلدی شادی ہوگی۔ مریض کو سیب پر لکھ کر کھلائیں تو جلد صحت یاب ہوگا۔

برائے رزق و حُب

اگر اِس عمل کو تنگ دست پڑھے تو غیب سے روزی ملے اگر ناراض بیوی دوست یا افسر کے مہربان ہونے کے لیے پڑھیں تو بہت جلد اپنے دل کا مقصد حاصل کرے۔ یہ عمل 41 ہزار بار روز پڑھیں۔ مٹھائی پر پڑھ کر مطلوب کو کھلائیں، مطلوب دیوانہ ہوگا۔ یہ عمل بعد نماز عشاء اگر بتی جلا کر کیا جائے۔

جل حملس جھیش شلیش کلیش بدنیش

نقش برائے بندش

یہ نقش بھی تمام قسم کی کاروباری بندش، نظربد، جادو و جنات وغیرہ کی وجہ سے پریشانی کے خاتمے کے لیے ہے۔ دیسی مرغی کے ایک عدد انڈے پر کالی سیاہی سے لکھ کر ایک رات اپنے سرہانے الٹی طرف رکھیں اور سو جائے صبح سویرے سورج نکلنے سے قبل انڈہ کسی چوراہے پر رکھ آئے۔ گھر آ کر تازہ

محمد عمران رضا، لاہور

اسم اعظم با موکل

محترم قارئین کرام میں اس ماہ اسم اعظم کا با موکل جفری طریقہ لے کر حاضر ہوا ہوں، یقیناً آپ کو پسند آئے گا۔

ایک مثال دیکھ لیں مثلاً احمد نام کے شخص کا اسم اعظم با موکل نکالنا ہے تو احمد نام کو بسط کریں۔ ا-ح-م-د۔ اب اِن حروف کو ملفوظی کریں۔

ا-ل-ف-ح-ا-م-ی-م-د-ا-ل ۔ ان کے اعداد ابجد قمری سے بنائیں۔

1+30+80+8+1+40+10+40+4+1+30 میزان 245 کو 28 پر تقسیم کریں کیونکہ قمر کی 28 منازل ہیں۔ تقسیم کے بعد 21 بچتا ہے۔ اب شروع حروف ابجد سے 21 واں حرف (ش) ہے اس حرف کو ملفوظی کریں۔ ش = ش ی ن 300+10+50 میزان 360۔ اب 360 کو 28 پر تقسیم کیا تو وہ نکلا (خ) اِس حرف کو ملفوظی کیا تو خ-ا، 600+1 میزان۔ 601۔

601 کو 28 پر تقسیم کیا تو وہ ملا (م)۔

اب اس طریق سے 3 حروف حاصل ہو جائیں گے۔ ان کو لکھ لیں، ش خ م۔ اب ان حروف کا مجموعہ اعداد بنالیں۔

300+600+40 میزان 940 میں سے 41 تفریق کریں تو 899 بچا۔ اب ان کے حروف بنالیں ط ص ض۔ آگے آئیل لگائیں تو جفری طریق سے احمد کا موکل بنا **طصضائیل**۔ احمد کے حروف کو ملفوظی کر کے اعداد نکالیں تو وہ بنے 245۔ اب اِن کے برابر اسمائے اعظم تلاش کیے تو وہ ملے یا دائم یا منعم۔ مجموعہ 245۔ اب اس کا طریقہ عمل میں عزیمت بنانی پڑے گی۔ جس کا طریقہ ہے۔

پہلے حروف عزیمت لکھیں جو کہ ہیں۔

عزمت علیکم واقسمت علیم پھر بعد میں جو موکل نکالا تھا وہ لکھیں **طصضائیل**۔ بعد میں جو اسمائے اعظم احمد کے نام کو ملفوظی کر کے نکالے تھے وہ لکھیں اور آخر میں یہ الفاظ کا اضافہ کر دیں۔ العجل الساعة الوحا۔

عزیمت یہ بنی۔

عزمت علیکم واقسمت علیکم یا طصضائیل بحق یا دائم یا منعم العجل العجل العجل الساعة الساعة الساعة الوحا الوحا الوحا۔

طریقہ عمل:

اب احمد 41 شب تک یہ عزیمت 940+245 میزان 1185 بار ورد کرے اور مقصد کی دعا کرے تو غیر مرئی طور پر موکلات بحکم ربانی سائل کا کام میں اس طرح اعانت کریں گے کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔

شرائط عمل۔

☆ کسی سے اظہار نہ کریں۔

☆ باوضو رہیں۔

☆ بدبودار کوئی چیز نہ کھائیں یہاں تک کہ سگریٹ بھی نہ استعمال کریں۔

☆ مکمل پرہیز جمالی رکھیں۔

☆ باحصار عمل کریں۔

☆ اول و آخر 11-11 بار درود شریف ضرور پڑھیں۔

آخر میں اس فقیر محمد عمران رضا کو دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔

☆☆☆☆☆

سانحہ ارتحال

راہنمائے عملیات کے معزز مصنف جناب غلام اکبر زنگیجو کے والدِ محترم غلام رسول ابن محمد لونگ فقیر وفات پا گئے ہیں۔ ادارہ اِن کے غم میں برابر کا شریک ہے۔ تمام قارئین سے مرحوم کی بخشش کے لیے فاتحہ کی درخواست ہے۔

یورانس

سردار محمد اجمل خان، راجن پور

تاریخ واحکام درزائچہ

پیارے قارئین کرام! جاننا چاہیے کہ قدیم نجوم جو بابل عراق سے شروع ہوا۔ پھر شام، مصر، ایران، یونان، روم اور پاکستان و ہندوستان تک متعارف ہوا۔ اس میں مرکز کائنات زمین ہے۔ زمین کے گرد قمر، عطارد، زہرہ، شمس، مریخ، مشتری اور زحل گھوم رہے ہیں۔ اس کے گرد راس و ذنب بھی گھوم رہے ہیں۔ اس نظریہ پر ایک عظیم کتاب مصر کے بطلیموس کی المجسطی ہے۔ جو 85 تا 175 عیسوئی کے درمیان لکھی گئی۔ پوری دنیا میں یہودی، عیسائی، ہندو، پارسی اور مسلمان اس کتاب پر یقین رکھتے ہیں۔ لیکن آج سے 2593 تا 2511 سے قبل ایک عظیم فلاسفر اور مفکر فیثا غورث یونان میں گزرا ہے۔ جس کا زمانہ 500 تا 582 قبل مسیح تھا۔ اس نے مرکز ارض کے خلاف بات کی تھی۔ اس نے پہلے پہل کہا تھا کہ زمین گول ہے اور سورج کے گرد گھوم رہی ہے۔ چاند سورج سے روشنی لے کر منعکس کرتا ہے۔ انہوں نے اجرام فلکی کا مشاہدہ کر کے یہ بتایا کہ ہیں ستارے کچھ اور نظر آتے ہیں کچھ۔ یہ قول اس نے سورج، چاند اور سیارگان کی گردش کو دیکھ کر فرمایا تھا جو آج تک زندہ ہے۔ اسی عظیم مفکر نے زندہ رہنے کے لیے اور زندگی کے لیے اربعہ عناصر آگ، ہوا، پانی اور مٹی کو زندگی کے وجود کے لیے لازمی قرار دیا۔ اور ان اربعہ عناصر کو بنیادی عناصر قرار دیا۔

فیثا غورث کے نظریہ مرکز شمس کہ زمین سورج کے گرد گھوم رہی ہے اور باقی سیارے بھی سورج کے گرد گھوم رہے ہیں۔ عالم اسلام میں افغانستان کے علاقہ بجستان کے احمد نامی ماہر فلکیات وریاضی دان نے تائید اور تصدیق کی تھی۔ احمد بجستانی 951ء تا 1024ء کے درمیان زمانہ میں موجود رہا ہے۔

فیثا غورث اور احمد بجستانی کی بات اور نظریہ پر تحقیق جدید پولینڈ کے علاقہ تورون کے نکولس کوپرنیکس نے کی۔ یہ جدید مغربی دنیا کا ماہر فلکیات 1473ء تا 1543ء میں گزرا ہے۔ یہ عیسائی مذہب کے قدامت پسند ملک کیتھولک سے تعلق رکھتا تھا۔ اگرچہ جدید اور جدت پسند مسلک پروٹسٹنٹ بھی مرکز ارض کے قائل تھے۔ مگر نکولس کوپرنیکس نے ارسطو اور بطلیموس کے خلاف بات کر کے فیثا غورث یونانی اور احمد بجستانی افغانی کی بات پر تحقیق کر کے تائید و تصدیق کے کر عیسائیت کو ہلا دیا۔ کیونکہ عیسائی لوگ ارسطو اور بطلیموس کی بات اور نظریہ مرکز ارض کو انجیل کی آیت اور انجیل کی طرف مقدس اور سچا مانتے تھے۔ نکولس کوپرنیکس کے عیسائیت کے نظریہ کے خلاف بات کر کے گویا مرتد ہو گیا اور واجب القتل ہو گیا۔ نکولس کوپرنیکس کی کتاب نظریہ گردش ارض کے عنوان سے تھی۔ نکولس کوپرنیکس 24 مئی 1543 بمطابق 28/29 صفر المظفر 950ھ بروز جمعرات کو فوت ہو گیا۔ مگر اس کی آواز فوت نہیں ہوئی۔ اس کی آواز پر اٹلی کے شہر پسیا میں 15 فروری 1564 بمطابق 02 رجب المرجب 971ھ بروز منگل کو پیدا ہونے والا گلیلیو گلیلی نے کان دھرا اور اس پر مزید تحقیق کی۔ اس نے جدید سائنس کی بنیاد رکھی اور بانی سائنس شمار ہونے لگا۔ اسی گلیلیو کی وجہ سے جدید نجوم کی بنیاد پڑی۔ اور لوگوں نے جدید نجوم یا مرکز شمس کے نظریہ پر تحقیق کرنا شروع کر دی اور کائنات کو طاقت ور دور بینوں سے مشاہدہ کرنے لگے اور آسمان کو ٹٹولنے لگے یا کھنگالنے لگے۔ اس طرح یورپ کا ماہر فلکیات ولیم ہرشل کی نظروں میں ایک نیا سیارہ آ گیا۔ ولیم ہرشل دائرۃ البروج/ تارا منڈل پر برج ثور اور برج جوزا پر نظریں جمائے بیٹھا تھا کہ اسے نیلگوں سبزی مائل طشتری نظر آ گئی۔ یہ 13 مارچ 1781ء مطابق 12/13 ربیع الاول 1196ھ بروز منگل کی شام کی بات ہے۔

ولیم ہرشل کی نظر اس سیارے پر اچانک پڑی اور یہ اچانک نظر آیا تھا نہ کہ اسے تلاش کیا جا رہا تھا۔ ولیم ہرشل تو قدیم نجوم کے مطابق اور جدید نظریہ نجوم کے مطابق محض تحقیق کر رہا تھا۔ مگر گہری نظر سے مشاہدہ کر رہا تھا۔ اس نئے سیارے کے نظر آنے پر اس کی زبان سے اور منہ یہ الفاظ بے ساختہ/ اچانک نکل گئے کہ یہ معمولی ستارہ نہیں ہو سکتا۔ مگر دوسری راتوں میں اسے سرکتا ہوا پایا تو اسے یقین ہو گیا کہ یہ ستارہ نہیں بلکہ سیارہ ہے۔

ولیم ہرشل کی اس اچانک دریافت پر فلکیات اور نجوم کی دنیا میں بھی اچانک انقلاب آ گیا۔ ولیم ہرشل کا زمانہ 1738ء تا 1822ء ہے۔ وہ مغربی جرمنی کے شہر ہینوور میں فوجی بینڈ میں بانسری نواز تھا۔ فلکیات اس کی ابتدائی زندگی میں بالکل شامل نہ تھی۔ آسمان کا مشاہدہ اس نے محض تفریح کے طور پر شروع کیا۔ وہ تو ایک بانسری نواز موسیقار تھا۔ وہ نجوم میں اضافی طور پر دلچسپی لیتا تھا۔ ولیم ہرشل کے اس شاندار اور اتفاقی مشاہدے سے اسے عالمگیر شہرت

مل گئی۔اس طرح نجومی دنیا اور علمی دنیا میں علمی انقلاب کا سہرا اس کے سر بندھ گیا۔گویا یہ سچ ہے کہ قدرت جس سے جو کام لے یا قدرت جس سے جو چاہے کام لے سکتی ہے۔کیونکہ ولیم ہرشل کوئی ماہر فلکیات نہ تھا۔اس سے یورانس محض اتفاقیہ دریافت ہوگیا۔ولیم ہرشل کے اس دریافت شدہ سیارے کا نام اس وقت کے انگلینڈ کے بادشاہ جارج سوم کے نام پر رکھنے کی کوشش کی گئی مگر ناکامی ہوئی۔بلکہ اسے یونان کے دیومالائی کہانیوں میں سے سٹیرن (زحل) کے باپ یورانس کے نام پر اس سیارہ کا نام ماہر فلکیات جے۔ای۔بوڈ نے رکھا۔اس دریافت سے قدیم نجوم جدید نجوم میں داخل ہوگیا۔لوگ نجوم میں آخری سیارہ زحل کو کہتے تھے۔اسے سب سے زیادہ بلند یا دور ہونے کی وجہ سے اہل فارس کیوان جاہ کہتے تھے۔یورانس کی دریافت سے یہودی، عیسائی، ہندو اور مسلمان سبھی پریشان ہوگئے کہ ان کے یورانس نے پہلی بار چکر پورا کیا۔ 24 اگست 1863ء بروز پیر قدیم علم نجوم کی آساس اور بنیاد ہل گئی تھی۔گویا کہ یہ ایک اچانک علم نجوم میں زلزلہ آ گیا تھا۔یورانس کی دریافت سے قدیم نجوم کا قاعدہ بروج پر حاکم سیارے والا قاعدہ غلط ہوگیا اب ماہرین نجوم کو بروج پر حاکموں کی تبدیلی کرنا پڑی یا سوچ پیدا ہوگی۔اور یورانس کی دریافت سے علم نجوم میں اضافہ ہوگیا۔آثار النجوم میں اضافہ کرنا پڑ گیا۔یورانس جب پہلی بار نظر آیا تو وہ اس وقت برج جوزا (ترکین) کے آخر میں 24 درجہ 27 دقیقہ پر تھا۔اور شمس برج حوت کے 22 درجہ 49 دقیقہ پر تھا۔جبکہ قمر درعقرب منزل میں تھا۔یورانس مقام دریافت پر دوبارہ 24 اگست 1863ء کو آیا۔دوسری بار 29 جولائی 1947ء کو آیا۔جس کے 17 روز بعد پاکستان 14 اگست 1947ء بروز جمعرات کو وجود میں آ گیا۔یہ عالم اسلام کی پہلی اسلامی ریاست تھی۔

یورانس تیسری بار برج جوزا کے 24 درجہ 27 دقیقہ پر 9 جولائی 2031ء بروز بدھ کو آئے گا۔یورانس جب ولیم ہرشل کو نظر آیا تھا۔اس زمانہ میں یورانس برج جوزا میں 9/8 اپریل 1775ء ہفتہ اور اتوار کی درمیانی رات کو داخل ہوا تھا۔اس تاریخ کو علماء نجوم شرف شمس کا روز شمار کرتے ہیں۔کیونکہ شمس برج حمل کے 19 درجہ پر ہوتا ہے۔اور عطارد کو برج حوت میں 15 درجہ پر ہبوط ہوتا ہے۔جبکہ حوت کے 27 درجہ پر زہرہ کو شرف ہوتا ہے۔جب یورانس دریافت ہوا تھا۔اس وقت یورانس درجوزا سے شمس درحوت سے نظر تربیع بنا رہا تھا۔اور برج قوس میں زحل اور مریخ قران کر چکے تھے اور اب بھی حد قران میں تھے جو یورانس سے نظر مقابلہ پر تھے۔مریخ یورانس اور شمس سے خاص طور پر مقابلہ اور تربیع پر تھا۔نظرات کے اعتبار سے شمس اور مریخ کی تربیع بامقابلہ جنگ و جدل اور مخالفوں میں انتشار اور تفریق و جدائی کے لیے خاص نظر ہے۔

اور یورانس قمر درعقرب میں نظر آیا ہے۔جبکہ برج عقرب میں مشتری آخری درجات پر اور رجعت کی حالت میں تھا۔اور یورانس سے ساقط تھا۔اس صورت میں یورانس نحس حالت میں نظر آتا ہے۔اور جب یہ برج جوزا میں داخل ہوا تھا اور ابھی تک ولیم ہرشل سے دریافت نہیں ہوا تھا تو اس قوت شرف شمس تھا اور زحل خانہ شرف میں تھا۔شمس و زحل مقابل بروج میں تھے۔سعدین زہرہ و مشتری برج ثور میں تھے۔برج ثور میں زہرہ حاکم ہے جبکہ مشتری کا خانہ دشمن ہے۔چونکہ یورانس کا نام زحل کے باپ کے نام پر رکھا تھا۔یورانس درجوزا قبل از دریافت پر زحل اس کے ہم عنصر برج اور تثلیثی برج میزان میں تھا۔زحل کا خانہ شرف بھی اور یورانس سے نظر تثلیث کی حد میں بھی تھا۔اس صورت میں یورانس کو زحل کے برج ثانی دلو کا حاکم مقرر کیا گیا۔اور چونکہ وہ برج جوزا میں دریافت ہوا تھا۔اس لیے یورانس کو عطارد کی اعلیٰ خصوصیات کا حامل قرار دیا گیا۔یا یورانس کو عطارد کی اعلیٰ قوتوں کا مجموعی قرار دیا گیا۔

فلکیات دانوں کے نزدیک یورانس سورج سے 1,78,19,00,000 میل دور ہے۔جب یورانس اور زمین کے درمیان سورج آ کر قران اعلیٰ کرتے ہیں تو فاصلہ 1,87,48,00,000 میل ہو جاتا ہے۔اور جب یورانس کی محوری گردش 10 گھنٹے 49 منٹ ہے۔اور دوری گردش تقریباً 84 سال (130687 دن) ہے۔اس کا قطر استوائی 55800 کلومیٹر ہے۔یورانس کے پانچ چاند دریافت ہو چکے ہیں۔مرنڈا، اریل، امبریل، ٹائی ٹانیا اور اوبرون ہیں۔مرنڈا دراصل آخر میں دریافت ہوا تھا۔ٹائی ٹانیا اور اوبرون تیسرا اور چوتھا چاند ہے۔اس کو ہرشل نے 1787ء میں دریافت کیا تھا۔اریل اور امبریل پہلا اور دوسرا چاند ہیں۔اس کو لاسل نے 1851ء میں دریافت کیا تھا۔جبکہ مرنڈا کو کوپر نے 1848ء میں دریافت کیا تھا۔یورانس سے مرنڈا 8100 میل دور ہے۔اریل 119000 میل دور ہے۔امبریل 166000 میل دور ہے۔ٹائی ٹانیا 273000 میل دور ہے۔اور اوبرون 364000 میل دور ہے۔یورانس تک سورج کی روشنی زمین کی نسبت 1/400 حصہ پہنچتی ہے۔یورانس کا قطر 15 مارچ 1977ء میں امریکی رصد ناسا میں ناپنے کی کوشش کی گئی تو اس کے بھی زحل کی طرح چھ حلقے پائے گئے۔گویا کہ یہ زحل ثانی ہے۔ماہرین نجوم نے آثار النجوم کے تحت اس سیارے کو ان لوگوں کے بارے میں منسوب کر دیا جو دماغ سے بالاتر سوچنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔بے عقیدہ یا دہریہ قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔قدیم مذہبی عقائد سے خارج ہوتے ہیں۔یہ جدت پسند ہوتے ہیں۔خود پسند ہوتے ہیں۔اس لیے ضدی بھی ہوتے ہیں۔قوت تخلیق رکھنے والے اور موجد ہوتے ہیں۔خود مختاری سکھاتا ہے۔واقعاتی حادثات میں اچانک تبدیلی یا اچانک بھک سے اڑ جانا

دھما کہ وغیرہ سیاسی تبدیلیوں کا سیارہ ہے۔ مستقبل کے لیے تجاویز اور مستقبل میں اچانک کوئی غیر متوقع واقع کا ہو جانا۔ ایسے منظم واقعات جو غیر اطلاع کے ظہور پذیر ہو جائیں۔ سائنسی ایجادات اسی سیارے کے تابع کر دی گئی ہیں۔ ریڈیو، ٹیلی ویژن، وی سی آر، ٹیلی فون، تار، موبائیل فون، فوٹو گرافی، ریل گاڑی، ہوائی جہاز اور موٹر کاریں وغیرہ اس سیارہ کے تحت شمار کر دی گئی ہیں۔ گیس، پانی اور بجلی کا محکمہ اس کے ماتحت ہے۔ ہڑتالیں اور بلوہ یا ڈکیتی اور ٹارگٹ کلنگ اس کے تحت آتے ہیں۔ کیونکہ ماہرین نجوم یورانس کے اندر مریخ اور قمر کی قوت دیکھتے ہیں۔ جدت پسند شاعر، انقلابی شاعر اس کے ماتحت ہیں۔ الہام، وجدان اور شاعری یورانس کے تحت گنتے ہیں۔ نئے نظریات قائم کرنے والے، قدامت کو جدت میں تبدیل کرنے والے۔ پرانی اشکال کو نئی اشکال دینے والے نئے قوانین بنانے والے یا پرانے قوانین میں ترمیم و تنسیخ کرنے والے اور مضبوط قوت ارادی رکھنے والے، اختراع و ایجادات کرنے والے یا نظریات میں تبدیلیاں کرنے والے اور نظریات و عملیات و عقائد میں نئی زندگی ڈالنا، روح پھونکنا اور اس میں برقی قوت پیدا کر کے از سر نو قوت دیتا ہے۔ مردہ شدہ رسومات، عقائد یا کاموں اور منصوبوں کو از سر نو زندہ کر دیتا ہے۔ ڈرامائی طور پر حرکت لاتا ہے اور تبدیلیاں لاتا ہے۔ مضبوط خیالات، عقائد اور نظریات کو توڑنا اور اس میں ترمیم کرنا یورانس کے تحت آتا ہے۔ اچانک صدمہ پہنچنا یا کام میں رکاوٹ اچانک پیدا ہو جانا یورانس کے تحت آتا ہے۔ جسے پہلے زحل کے تابع سمجھا جاتا تھا۔ عملیات، تعویذات، کشف، مراقبہ اور ٹیلی پیتھی کا تعلق یورانس سے جوڑا گیا ہے جسے روحانی علاج کا نام دیا گیا ہے۔ دغا و فریب سے یورانس کا کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ بلکہ اصل حقائق و دقائق کی حد تک جانچ پڑتال کرنا یورانس کے تحت آتا ہے۔ یعنی ریسرچ کرنا یا کرانا یورانس کے تحت آتا ہے۔ ایسے کام جو ہوتے ہوتے رُک جاتے ہیں یا رُکے ہوئے اچانک شروع ہو جاتے ہیں۔ یعنی غیر مسلسل اور غیر متوقع انداز کے جملہ اعمال یورانس کے ماتحت ہوتے ہیں۔ کاروبار زندگی میں اچانک خوش قسمتی کا مل جانا یا اچانک بد قسمتی کا آ جانا یا چھا جانا پہلے زحل کے ماتحت سمجھا جاتا تھا۔ اب یہ یورانس سے سمجھا جاتا ہے۔ بد نظمی، بے قاعدگی، بے ضابطگی بھی یورانس کے تحت مانی گئی ہے۔ غیر مستقل مزاجی یا طبیعت میں گومگو/کش مکش یا خواہ مخواہ کی حالت مد و جزر طبیعت کے علامت ہوتی ہے یا بے استقلال/ غیر استقلال میں آتی ہے۔ یہ یورانس کی حالت ہے۔ ایسے معاملات جہاں آدمی بے بس یا بے اختیار ہو جائے۔ جیسے لقوہ، فالج، صامت (گونگا ہو جانا) ہو۔ اعضاء کا کام کرنا چھوڑ دینا جیسے بریک فیل ہو جاتی ہے۔ اعصاب کا کام چھوڑ دیا اور امراضِ اعصاب تشنج، دل میں وسواس دماغ میں مرگی، مالخولیا اور مراق یا فاسد خیالات یورانس کا خلل سمجھا جاتا ہے۔ رحم کے امراض، مثانہ و گردہ کے اعصاب میں خلل آ جانا جیسے سوزاک، آتشک، جریان، سرعت انزال یا اسقاط حمل، لیکوریا اور جریان خون، زنانہ امراض پر اثر یورانس کا سمجھا جا رہا ہے۔ جسم پر خارش کان کا درد، دانت کا درد اور ناک کا درد، چیچک، قولنج اور بواسیر کو یورانس کے تابع سمجھا گیا ہے۔

یورانس جب دریافت نہیں ہوا تھا تو منجم حضرات یورانس کی منسوبات زحل سے، مریخ سے یا مشتری وزہرہ سے حاصل کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ شہرت سعد یا شہرت بد کے علاوہ انوکھی شہرت بھی ہوتی تھی۔ اتفاقیہ کامیابی مل جانا/ کامیابی ہو جانا۔ مرتبہ یا اختیارات میں اضافہ ہو جانا یا عارضی طور پر مل جانا منجم حضرات باقی سیارگان اور ان کی حالت اور نظرات سے اخذ کرتے تھے۔ اب یہی باتیں یورانس سے تلاش کرتے ہیں۔ مرد کی محبوبانہ حیثیت یا زندگی اور عورت کی عاشقانہ حیثیت یا زندگی یورانس سے منسوب کر دی گئی۔ عہد و پیمان، معاہدات کو یورانس سے منسوب کیا گیا ہے۔ ایسا مال و دولت جو کسی صورت میں ضائع ہو سکتا ہو یا اچانک مال و دولت مل جائے جیسا کہ کسی سے وراثت و ترکہ میں ملے، جوا اور لاٹری سے ملے یا پرائز بانڈ کے ذریعہ سے ملے یا پھر کسی معاملہ میں بطور انعام مل جائے۔ جس کی توقع نہ ہو۔ گویا کہ اللہ تعالیٰ جل شانہ کا اسم مبارک صفاتی الوھاب، القابض، الباعث، الحق، الخافض، المتین، القادر، المقتدر، المقدم، الموخر، الغنی المغنی، الھادی، البدیع اور النعیم جیسے اسماء الحسنیٰ کا مظہر یورانس میں دیکھا جا سکتا ہے۔ الوہاب اور الباعث تو خاص اسماء اللہ ہیں۔ قرآن مجید میں ویرزقہ من حیث لا یحتسب کی تفسیر یا تاویل کو یورانس سے منسوب کیا جا سکتا ہے۔ یورانس کو برج دلو سے منسوب کیا گیا ہے۔ یورانس جدید علوم، سائنسی علوم اور تحقیق کا نام ہے۔ اور برج دلو بین الاقوامی بروج میں سے ہے تو اس بنا اور بنیاد پر کہا جاتا ہے کہ برج دلو علوم و فنون کا جامع العلوم اور انسائیکلو پیڈیا ہے۔ قدیم نجوم میں اس بارے میں زحل کو علوم و فنون اور معلومات خزانہ و مخزن سمجھا جاتا تھا۔ بلکہ زحل کو معلم زمانہ کا نام دیا جاتا تھا۔ اب جدید دنیا میں معلم زمانہ یورانس ہے۔ قدیم نجوم سے شغف رکھنے والے حضرات جدید نجوم کے خلاف ہیں۔ ان کی ناراضگی دراصل نادانی کی بنا پر ہے کہ قدیم نجوم میں جو سواری گدھا، گھوڑا، اونٹ اور خچر میں سمجھا جاتا تھا یا پھر کشتی ہوا کرتی تھی اب اس زمانہ میں کار، بس، ریل گاڑی اور ہوائی جہاز یا بحری جہاز میں۔ ان کو کیسے نجوم میں ظاہر کیا جائے یا بیان کیا جائے۔ اس صورت میں جدید سیارگان کا شامل کرنا از حد ضروری اور لازمی ہے۔ دوسری طرف جدید علم نجوم قدیم علم نجوم کے خلاف نہیں ہے۔ بلکہ قدیم علم نجوم کی اساس اور بنیاد پر ڈھالا گیا ہے۔ یعنی یورانس کو زحل سے بالا خانہ میں نہیں رکھا گیا۔ بلکہ برابر یا ایک ہی خانہ میں رکھا

گیا ہے۔ اگر یورانس کو زحل سے الگ اور اوپر رکھا جاتا تو قدیم نجوم میں خلل آ جاتا۔ چونکہ برابر زحل کے سمجھا گیا ہے۔ اس یورانس کو زحل کے مساوی مانا گیا ہے۔ جو احکامات زحل کے ہوں گے وہی یورانس کے ہوں گے اور عطارد کی اعلیٰ خصوصیات ماننے سے جو احکامات عطارد کے ہوں گے۔ وہی یورانس کے سمجھے جائیں گے۔ اسی طرح ترفع و تنزل، شرف و ہبوط اور اوج و حضیف ہوگا۔ فرح طرح اور خانہ دوست و خانہ دشمن یا مساوی کو دیکھا جائے گا۔ اور اگر زحل اور یورانس کے درمیان چیرون سیارہ رکھا جائے تو چیرون برج دلو کا حاکم بنے گا۔ چیرون کو اُستاد کہا گیا ہے۔

یورانس برج حوت کا حاکم بن جائے گا اور نیپچون برج حمل کا اور پلوٹو برج ثور کا حاکم ہوگا۔ جوزا کا حاکم دریافت ہوگا۔ تب ایسا ہوگا۔ اگر دریافتوں کا سلسلہ جاری رہا تو ایک دن ایسا آئے گا۔ اہل نجوم شمس کو بھی باہر نکال دیں گے جیسا کہ اب مغربی ماہرین نجوم نے قمر کو سیارچہ مان کر باہر نکال دیا ہے۔ اگر زمین کے قمر کو شامل کریں تو پھر مریخ، مشتری، زحل، یورانس وغیرہ کے اقمار کو بھی شامل نجوم کرنا پڑے گا۔ سیارہ یورانس ایک برج میں تقریباً سات سال رہتا ہے۔ اور اس برج کے مطابق تبدیلیاں لاتا ہے۔ یورانس برج حمل میں 28 مئی 2010ء بروز جمعۃ المبارک بوقت 6 بج کر 50 منٹ پر داخل ہو۔ یورانس برج ثور میں 15 مئی 2018ء بروز منگل بوقت 20 بجکر 24 منٹ کو داخل ہوگا۔ یورانس برج جوزا میں 07 جولائی 2025ء بروز پیر بوقت 12 بجکر 58 منٹ پر داخل ہوگا۔ اور یورانس برج جوزا میں 22 مئی 2033ء بروز اتوار بوقت 18 بجکر 27 منٹ تک رہے گا۔ زحل کا دور سعادت 25 مئی 2025ء بروز اتوار بوقت 8 بجکر 36 منٹ پر ختم ہو جائے گا۔ کیونکہ زحل برج حمل میں بحالت ہبوط میں ہوگا۔ اور برج سنبلہ تک نحس دور ہوگا۔ یہ نحس دور 5 ستمبر 2039 بروز پیر بوقت 20 بجکر 14 منٹ پر ختم ہوگا۔ اس وقت یورانس برج اسد کے ایک درجہ بیالیس دقیقہ پر ہوگا۔ یورانس کو بلحاظ زحل ثانی یا بشکل عطارد بروج میں حالت کا ایک جدول دیا جا رہا ہے۔ جس پر آپ پہلے سے زحل اور عطارد کی شکل میں جانتے ہیں۔ یورانس کے لیے بھی یہی قاعدہ بتایا گیا ہے۔

بروج	زحل	عطارد
حمل	ہبوط	فرح
ثور	دوست	حضیف
جوزا	حضیف	ترفع
سرطان	وبال	دشمن
اسد	وبال	دوست
سنبلہ	طرح	شرف
میزان	شرف	طرح
عقرب	دشمن	اوج
قوس	اوج	وبال
جدی	حاکم	مساوی
دلو	حاکم	مساوی
حوت	فرخ	ہبوط

چونکہ یہ برج دلو میں زحل ثانی بنا کر حاکم بنایا گیا ہے۔ اس لیے زیادہ بہتر زحل کی حالت میں دیکھنا اچھا رہے گا۔ اس طرح اس کا ترفع دلو ہے اور تنزل/ وبال اسد ہے۔ شمس زیادہ دشمن ثابت ہوگا۔ جبکہ زحل کے لیے سرطان/ قمر دشمن ہوگا۔

اُستاد فضل محمود نقاش نے سیارگان کا اوج دریافت کرنے کے لیے ایک قاعدہ سمجھایا تھا۔ پیش خدمت کرتا ہوں۔ جس میں قدیم سیارگان کا برج اوج و حضیف درست معلوم ہوتا ہے۔ اس طرح یورانس کا اوج و حضیف بھی درست معلوم ہوتا ہے۔ آپ کا اس قاعدہ سے اتفاق کرنا ضرورت نہیں۔ صرف اپنی سمجھی ہوئی بات آپ کی خدمت میں پیش کر دی ہے۔ تاکہ آپ کی معلومات میں اضافہ ہو سکے۔ جو حضرات یورانس کا اوج برج عقرب میں مانتے ہیں۔ وہ دراصل یورانس کو عطارد کی شکل میں دیکھتے ہیں۔ اس طرح آپ کے سامنے یورانس کے لیے تین قاعدہ ہیں۔ آپ کو اختیار ہے جس پر عمل کریں۔

شمار	کوکب	شمار خانہ برج	عدد خاص	حالت اوج	حالت حضیف
۱	شمس	حمل	۴	سرطان	جدی
۲	قمر	ثور	۵	سنبلہ	حوت
۳	عطارد	جوزا	۶	عقرب	ثور
۴	زہرہ	قوس	۷	جوزا	قوس
۵	مریخ	جدی	۸	اسد	دلو
۶	مشتری	دلو	۹	میزان	حمل
۷	زحل	حوت	۱۰	قوس	جوزا
۸	یورانس	حمل	۱۱	دلو	اسد

جب یورانس بروج میں داخل ہوتا ہے تو اس برج کی خاصیت میں اضافہ اور اسی برج کے مطابق تبدیلیاں لاتا ہے۔ بلکہ نئی حکمت عملی سے روشناس

کراتا ہے۔ اس طرح نیا زمانہ اور نئی بات ہوتی ہے، اور اس طرح یہ نئی نسل کا سیارہ بن جاتا ہے۔

یورانس در بروج

1) **جب برج حمل میں آتا ہے** تو انقلابی اور خود مختاری و آزادی لاتا ہے۔ پابندیاں توڑتا ہے۔ پابندی اور جبر کو قبول نہیں کرتا۔ موجودہ وقت کی نئی ایجاد کا استعمال بطریق احسن اور دماغ کی اعلیٰ صلاحیتوں سے کرتا ہے۔ اچھے مدبر، اچھے لیڈر یا اچھے موجد پیدا کرتا ہے۔ دیکھیے انٹرنیٹ کے ذریعے پوری دنیا میں انقلاب آیا ہے۔ مراکش تا بحرین تک نئی نسل نے پابندیوں کے خلاف علم بغاوت اٹھا کر انقلاب لا دیا ہے۔ اور اب مزید انقلاب آ رہا ہے۔ اب پاکستان میں قدیم بڑی پارٹیوں مسلم لیگ اور پیپلز پارٹی میں عمران خاں انقلاب لا رہا ہے۔ اور ملتان کے شاہ محمود قریشی بھی انقلاب کی بات کر رہا ہے۔ ویسے یہ بات دیکھ لیں کہ جناب ذوالفقار علی بھٹو صاحب پہلے وزیر خارجہ تھے۔ پھر انقلابی لیڈر بنے۔ اب شاہ محمود قریشی بھی وہی انداز اختیار کیے ہوئے ہیں۔ زمانہ مستقبل میں حنا ربانی کھر بھی وزیر اعظم کے عہدہ تک پہنچ سکتی ہے۔

2) **یورانس برج ثور میں آتا ہے** تو لوگوں میں محنت و مزدوری کا نیا انداز پیش آ جاتا ہے یا نیا انداز اختیار کر لیتے ہیں۔ لوگوں میں وجدانی ذوق و شوق پیدا ہو جاتا ہے۔ لوگ فی البدیہہ بول سکتے ہیں۔ لوگ ذہنی اور مستعد نظر آتے ہیں۔ کام چور اور ہڈ حرام لوگ معاشرہ میں رسوا ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ اس طرح حاسدین کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ لوگ زراعت، کاروبار اور مال و دولت کمانے کے ذرائع میں جدت پیدا کر لیتے ہیں۔ پاکستان میں بھی ایک مرتبہ زرعی انقلاب آیا تھا۔ صنعتی انقلاب آیا تھا۔ برج ثور والے افراد انقلاب لانے میں زیادہ حصہ ڈالتے ہیں۔

3) **یورانس برج جوزا میں ہو** تو ذہین لوگوں کے اذہان کو مزید چست و چالاک کرتا ہے۔ اچانک ایسے واقعات ظہور پذیر ہو جاتے ہیں۔ جس سے توقعات نہیں ہوتی۔ جیسا کہ ہرشل بانسری نواز سے یورانس دریافت ہو گیا تھا۔ لوگوں کے اندر اعلیٰ خوبیاں، اعلیٰ ذوق، جمالیات اور اظہار کی اعلیٰ صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ ماہرین علوم اور اہل فلاسفہ و منطق زمانہ میں بہترین باتیں لے آتے ہیں۔ اہل عقل کے لیے یورانس در جوزا کا زمانہ بہت عروج کا ہوتا ہے۔ کسی اکیڈمی یا کالج/یورنیورسٹی کی بنیاد رکھنا بہت اچھا ہے۔ یہ ادارہ پھر اقوام عالم کی راہنمائی کرتا ہے، اور مفید خاص و عام ہوتا ہے۔

4) **یورانس در سرطان ہوتا ہے** تو لوگوں کے اندر جذبات محبت اور انداز رومان بڑھ جاتا ہے۔ سیر و تفریح کے مقامات پر جانے کا رجحان بڑھ جاتا ہے۔ آبی ذرائع نقل و حمل یا آبی مقامات پر سیر و تفریح کے مقامات میں کافی اضافہ اور رونق آ جاتی ہے۔ یا پھر لوگ اپنی ذات اور گھر کے اندر محدود ہو جاتے ہیں۔ بہت حساس اور زود رنج و زود حس ہو جاتے ہیں۔ لوگوں میں ناراضگی کا عنصر بڑھ جاتا ہے۔ لوگوں کو الفاظوں کی کاٹ تلوار سے زیادہ نظر آتی ہے۔ بلکہ آج کل کے دور میں بات بندوق کی گولی کی طرح لگتی اور اثر کرتی ہے۔

5) **یورانس در اسد میں لوگ شیر بن جاتے ہیں۔** خطرناک کام کرنے پر آمادہ اور ایستادہ نظر آتے ہیں۔ نئی ایجادات و اختراعات کرنا چاہتے ہیں۔ پرانی اشیاء کو نئے رنگ اور ڈھنگ سے پیش کرنا چاہتے ہیں۔ محبت کے میدان میں اکثر لوگ جلد باز ہوتے ہیں۔ تعلیمی میدانوں میں بڑی انقلابی تبدیلیاں آتی ہیں یا لائی جاتی ہیں۔ نئے نصاب نئے زمانہ کے مطابق مرتب کیے جاتے ہیں۔ لوگوں کے اندر نئی کتب لکھنے کا شوق اور ارادہ پیدا ہو جاتا ہے اور بعض لوگ ایسے ایسے نظریات اور خیالات بھی پیش کرتے ہیں۔ جو اس وقت تو نا قابل عمل ہوتے ہیں۔ مگر بعد میں اس پر عمل ہو جاتا ہے۔ لوگ سائنسی ایجادات تیار کر لیتے ہیں پھر عمل ہو جاتا ہے جیسا کہ چاند پر پہنچنا وغیرہ۔

6) **یورانس جب برج سنبلہ میں داخل ہوتا ہے** تو لوگوں کے اندر امن کا جذبہ پیدا ہو جاتا ہے۔ امن کمیٹیاں بناتے ہیں۔ امن کے لیے تحریک چلاتے ہیں۔ پرانے جھگڑوں کو مٹانے کی باتیں کرتے ہیں۔ رسم و رواج اور فرسودہ عقائد و نظریات کو ختم کرتے ہیں یا ترمیم کرتے ہیں۔ نئے فرقے اور جماعتیں بھی بننا شروع ہو جاتی ہیں۔ لوگ ارادہ کے پختہ ہو جاتے ہیں۔ ان کا طرز عمل مستقل اور مستحکم ہوتا ہے۔ طرز عمل اور رجحان استقلال کی طرف ہوتا ہے۔ اس طرح نئی نسل وجود میں آتی ہے۔ اور ایسی خواتین تیار ہوتی ہیں جو اپنی اولاد کو نئے نظریات اور عقائد پر تیار کرتی ہیں اور تعلیم دیتی ہیں۔

7) **یورانس در میزان ہو** تو فنون لطیفہ میں اختراعات اور جدت آ جاتی ہیں۔ یا جن کے زائچہ میں یورانس برج میزان میں ہوتا ہے یا برج میزان کو تقویت دیتا ہے۔ وہ امیر خسرو، تان سین اور نصرت فتح علی خاں کے انداز میں ظاہر ہوتا ہے۔ عورتوں میں فیشن پرستی اور راگ و رنگ میں دلچسپی بڑھ

جاتی ہے۔ دنیا میں عورت بہار کا دوسرا نام بن جاتی ہے۔ نچلی ذات یا طبقہ کے لوگ بھی متقلب ہو کر ترقی کرنا چاہتے ہیں۔

8) **یورانس جب عقرب میں داخل ہوتا ہے تو وہ باتیں جو عورتوں کی بے** باکی اور آزادی کی وجہ سے معاشرہ میں نمودار ہو جاتی ہیں۔ جنسی رغبت بڑھ جاتی ہے یا ترغیب مل جاتی ہے۔ اب یورانس در عقرب میں عمل شروع ہو جاتا ہے۔ لوگ جاہ طلب، جاہ پسند اور جاہ وجلال میں آنا پسند کرتے ہیں۔ پھر کچھ لوگ جو ایسا نہیں کر سکتے یا ہو سکتے تو وہ حاسد اور کینہ پسند ہو جاتے ہیں۔ سفلی جذبات بڑھنا شروع ہو جاتے ہیں۔ تجسس کا مادہ بڑھ جاتا ہے۔ دوسروں کے معاملات میں دخل دینا، ٹانگ اڑانا اور دخل در معقولات میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ محبت اور دوستی بھی مشکوک ہو جانا شروع ہو جاتی ہیں۔ لوگوں میں الگ راہ یا سرد جنگ کا زمانہ شروع ہو جاتا ہے۔ بلکہ لوگ بالکل عقرب بن جاتے ہیں۔

9) **یورانس جب قوس میں داخل ہوتا ہے تو لوگ حق اور سچ میں تمیز کرنا** شروع کر دیتے ہیں۔ اچھے اور برے دوست کی تمیز کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ حقیقت پسند اور ذہنی وقلبی سچائی عود کر آتی ہے۔ پھر لوگ وسیع القلب، وسیع النظر اور وسیع النظریات ہو جاتے ہیں۔ جہاں تک ان کی سوچ کا تیر جا سکتا ہے۔ تیر مارتے ہیں۔ لوگ مہربان اور رحمدل ہو جاتے ہیں۔ خدا ترسی اور خداشناسی شروع ہو جاتی ہی۔ مذہب، فلسفہ اور رسم ورواج میں دلچسپی بڑھ جاتی ہے۔ جو لوگ عطارد کے نظریہ کے مطابق یورانس کو یہاں وبال یافتہ سمجھتے ہیں۔ وہ بھی اس عرصہ میں وجدانی اور اختراعی قوتوں کو تسلیم کرتے ہیں۔ الگ تجسس کا انداز بحث ومباحثہ سے کرتے ہیں۔ بالواسطہ معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ سوالات کر کے اپنا تجسس کم کرتے ہیں یا تعلیم حاصل کرتے ہیں۔

10) **یورانس جب برج جدی میں داخل ہوتا ہے تو یہ دلو کے بارہویں خانہ** میں آ کر بڑا خطرناک ہو جاتا ہے یا زحل کی اصلیت میں اضافہ کر دیتا ہے۔ لوگ خود پسند اور جاہ پسند ہو جاتے ہیں۔ ہر صورت اقتدار چاہتے ہیں۔ خواہ جنگ کرنا پڑے، قتال کرنا پڑے۔ خود مختاری اور آزادی کا یہ حال ہوتا ہے کہ بچے بھی والدین کے کنٹرول میں نہیں رہتے۔ بیوی خاوند کے نیچے لگنا اور آنا پسند نہیں کرتی۔ اگر خاوند ایسا نکل آئے تو اپنی بیوی کو چھوڑ دیگر کی بیوی میں دلچسپی رکھنا شروع کر دیتا ہے۔ فرشتہ صفت انسان بھی بھول جاتے ہیں۔ اس زمانہ میں وہ افراد کامیاب رہتے ہیں جو خود ضبط رکھتے ہیں۔ تحمل کرتے ہیں اور ٹھنڈے مزاج کے ہوتے ہیں۔ مگر عقل مند ہوتے ہیں۔ ورنہ سرد مزاجی بھی دیوسی میں آ جاتی ہے۔ اس زمانہ میں انقلاب ایسے آتے ہیں۔ لوگ شرافت کی مثالیں دیتے ہیں۔ مگر اس وقت شر اور آفت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ شریف اپنی کھال بچاتا ہے۔ لوگ فنون لطیفہ میں فحاشی لے آتے ہیں۔ عزت دار طبقہ اپنی اولاد بچاتا پھرتا ہے۔ ابتر زمانہ نظر آتا ہے۔

11) **جب یورانس برج دلو میں داخل ہوتا ہے تو اسے بہت قوت حاصل** ہوتی ہے۔ حاکمیت اور اوج کی سی کیفیت وحالت ہوتی ہے۔ لوگ اختراعی ذہن کے بن جاتے ہیں۔ اچھی چیز اور اچھے معاشرے کی اچھی روایات کو قبول کر لیتے ہیں اور فضول کو فضلا سمجھ کر پھینک دیتے ہیں۔ سائنسی ایجادات ہوتی ہیں اور ان پر کام اعلیٰ پیمانے پر شروع ہو جاتا ہے۔ لوگ انسان دوست بن جاتے ہیں۔ لوگوں کے اندر بین الاقوامی سطح کی سوچ پیدا ہو جاتی ہے۔ اور بین الاقوامی سطح کے راہنما اور لیڈر پیدا ہو جاتے ہیں۔ اور بین الاقوامی سطح کے معلم اور شاعر پیدا ہو جاتے ہیں۔ عقل کا سائنسی استعمال شروع ہو جاتا ہے۔

12) **جب یورانس برج حوت میں داخل ہو جاتا ہے۔** تو لوگ پریشان حال نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں۔ گویا جیسے تھک گئے ہوں۔ مایوسی اور یاس بڑھ جاتی ہے۔ اکثر لوگ وہمی اور توہم پرست بن جاتے ہیں۔ توہم پرستی اور توہم کے افکار وجود میں آ جاتے ہیں۔ لوگوں کا خدا سے یقین ختم ہو جاتا ہے۔ پھر وہ جادو، ٹونے اور عملیات کی طرف رجوع کر دیتے ہیں۔ روحانی پیروں، فقیر، جوگی اور سنیاسی اور یوگی لوگ میدان میں اتر آتے ہیں۔ ان کے عملیات لوگوں کے اندر مدتوں زیر استعمال رہتے ہیں۔ لوگ روحانیت کی طرف مائل ہو جاتے ہیں۔ نجوم میں دلچسپی بڑھ جاتی ہے۔ ہمزاد اور دیگر ایسے کاموں میں لوگ لگ جاتے ہیں۔ دین اور دنیا میں خلل آ جاتا ہے۔ حتیٰ کہ بادشاہ وقت بھی بے راہ روہ ہو جاتا ہے۔ رنگیلا بادشاہ ہو جاتا ہے۔ بہادر شاہ ظفر کی طرح شاعر زیادہ بادشاہ کم بن جاتے ہیں۔ پھر باہر سے حملہ آور آ کر ان کا دور ختم کر دیتے ہیں۔ پھر لوگ یورانس در حمل کے وقت کو یاد کرنا شروع کر دیتے ہیں۔ اس طرح 84 سال کا وقت پورا ہو جاتا ہے جو کہ ایک صدی تک کا اثر رکھتا ہے۔

یورانس گھر میں

منجم حضرات زائچہ بناتے وقت یورانس کو بلحاظ خانہ جات بھی دیکھتے ہیں۔ طالع میں خلاف توقع واقعہ کی نشاندہی کرتے ہیں۔ خانہ دوم میں خلاف

توقع آمدنی یا خرچ کا حکم بمطابق زائچہ لگاتے ہیں۔ خانہ سوم میں یورانس کو باعث ترقی سمجھتے ہیں۔ مگر خانہ چہارم میں نحس اور گھریلو معاملات میں خرابی اور رخنہ کی علامت بتاتے ہیں۔ پانچواں خانہ کے لیے حکم ایسا ہے کہ آپ کی ملاقات کسی ایسے مرد یا عورت سے ہوگی اور خلاف توقع ہوگی۔ جس سے آپ محبت میں گرفتار ہو جائیں گے۔ یہ اچانک محبت کا پیغام ہوتا ہے۔ چھٹے خانہ میں صحت کے لیے خراب مانتے ہیں۔ موجودہ زمانے میں بجلی سے خوف دلاتے ہیں۔ ساتویں خانہ میں میاں بیوی کے لیے بالکل اچھا نہیں مانتے۔ اگر مابین زوجین/ فریقین جھگڑا ہو جائے تو طلاق کو یقینی ہونا مانتے ہیں۔ آٹھواں خانہ کے لیے خودکشی یا خودکش حملہ آوار کی زد میں آ جانا یا پھر اچانک اچھے بھلے ہونے کی صورت میں موت کا آ جانا کا حکم لگاتے ہیں۔ یا اچانک کسی فائدہ مند چیز کا ضائع ہو جانا یا میاں اور بیوں میں سے یا شریک کار کے لیے اچھا حکم نہیں رکھتے۔ جدائی کی علامت بتاتے ہیں۔ نواں خانہ بلند خیالی، آزاد خیالی اور فارغ البالی کی علامت سمجھا جاتا ہے تا کہ اچانک لمبا سفر یا بیرون ملک کا سفر آ جاتا ہے۔ حج شریف کے لیے بھی یہی حکم لگا دیتے ہیں۔ دسویں خانہ میں ملازمت میں اچانک ترقی یا مرتبہ میں ترقی کی علامت زائچہ کی سعادت کے مطابق لگاتے ہیں۔ گیارہویں خانہ میں یورانس فریبی دوستوں کی نشاندہی کرتا ہے اور آوارہ دوستوں کی علامت بناتا ہے۔ بارہویں خانہ میں ناقابل اعتبار دوست یا ناقابل یقین کامیابی کی علامت بتائی جاتی ہے۔ یہ سب کچھ خانہ کے برج کے مطابق اور برج کے حاکم سیارہ کے مطابق بھی بتایا جاتا ہے۔ مگر آج کل منجم حضرات یورانس کا حکم لگاتے وقت زحل اور عطارد کی سعادت یا نحوست کو مدنظر رکھ کر حکم لگاتے ہیں۔

استاد فضل محمود نقاش سے سمجھ گیا مضمون آپ کی خدمت میں پیش کر دیا ہے۔ تاکہ مفید عام ہو جائے۔

نیز سیارہ یورانس کی ویسے تو ضرورت عملیات اور تعویذات میں کم پڑتی ہے۔ جدید زمانے میں مفید عام تو ہے۔ مگر عملیات کے لیے بھی اور ویسے بھی یورانس کی سعادت اور نحوست میں کمی یا بیشی جاننے کے لیے یورانس کو یہ بھی دیکھا جائے کہ تحت الشعاع یا احتراق کی حالت میں تو نہیں ہے۔ شرافت کا جواب شرافت میں نہ دیا جائے تو کوئی شرافت میں نہیں آتا۔ جس کی مثال ہندوستان ہے کہ اس نے ایٹمی دھماکہ کر کے پاکستان کے بارے میں کسی زبان استعمال کرنا شروع کر دی تھی۔ اور جواب میں پاکستان نے جب ایٹمی دھماکہ کیا تو ہندوستان کی بولتی بند ہوگئی تھی۔ ایٹمی دھماکہ بھی یورانس کے تحت آتا ہے۔ یورانس جب سورج سے 103 پیچھے ہو جاتا ہے تو سورج کی تیز رفتاری کی وجہ سے (جو کہ دراصل زمین کی وجہ ہوتی ہے)۔ یورانس پیچھے ہٹتا ہوا نظر آتا ہے۔ جسے عرف عام میں رجعت کہا جاتا ہے۔ اور جب سورج دائرہ کا چکر کاٹ کر یورانس کے پیچھے آ جاتا ہے۔ اور فاصلہ 103 درجہ رہ جاتا ہے تو یورانس کو استقامت آجاتی ہے۔ اسے منجم حضرات مستقیم کہتے ہیں۔ یورانس 155 روز تک راجع رہتا ہے۔ چونکہ یورانس زحل سے اڑھائی گنا تقریباً سست رفتار ہے اور تقریباً سات سال تک ایک برج میں رہتا ہے۔ شمس اس سے تقریباً سات مرتبہ قران کرتا ہے۔ چھ مرتبہ تو ہر صورت میں ہو جاتے ہیں۔ اس طرح ہر سال اسی برج میں شمس اور یورانس کی ملاقات ہوتی ہے۔ اور یورانس اسی برج میں حرکت کر رہا ہوتا ہے۔ جب یورانس ایک بار رجعت سے استقامت پکڑتا ہے تو دوسری بار رجعت پکڑنے میں پانچ دنوں کی تاخیر ہو جاتی ہے۔ 155 دنوں میں اور یوم کے پانچ ماہ بنتے ہیں۔ باقی 365 دنوں میں 210 دن بچ جاتے ہیں۔ یہ 30 دنوں کے سات ماہ ہیں۔ رجعت سے مستقیم ہونا اور مستقیم سے رجعت میں آنا اسی دوران جو عارضی سکون محسوس ہوتا ہے وہ پانچ یا چھ دنوں کا ہوتا ہے۔ 103 درجات کے تین برج 13 درجہ بنتے ہیں۔ یورانس برج حمل میں 12 مارچ 2011ء بروز ہفتہ بوقت 5 بج کر 53 منٹ پر داخل ہوا۔ اور سورج سے قران/ احتراق 21 مارچ 2011ء بروز پیر بوقت 17 بجکر 25 منٹ پر ہوا۔ چونکہ سورج یورانس کی نسبت زیادہ تیز رفتار ہے۔ چنانچہ سورج نے یورانس سے 103 درجہ کا فاصلہ برج سرطان میں 17 درجہ پر 10 جولائی 2011ء بروز اتوار بوقت 01 بجکر 20 منٹ پر ہوا۔ اور جب 103 درجہ کا فاصلہ باقی رہ گیا۔ شمس جب برج قوس کے 18 درجہ پر 10 دسمبر 2011ء بروز ہفتہ بوقت 11 بجکر 20 منٹ پر پہنچا تو یورانس مستقیم ہو گیا۔ یورانس یکم جنوری 2012ء بروز اتوار کو 00 درجہ 50 دقیقہ 36 ثانیہ پر ہوگا۔

24 مارچ 2012ء بروز ہفتہ کو سورج یورانس سے دوبارہ قران/ احتراق کرے گا۔ بشرطیکہ قیامت نہ آئی تو انشاء اللہ تعالیٰ قران احتراقی ہوگا۔ عملیات والواح تیار کرنے والے حضرات اس بات پر ضرور غور فرمالیں کہ ان دنوں قمر برج حمل میں ہوگا۔

عطارد بحالت رجعت برج حوت میں داخل ہو چکا ہوگا اور مریخ برج سنبلہ کے 07 درجہ پر ہوگا۔ سعد عملیات کے لیے مشتری وقمر کے قران در ثور تک توقف فرمالیں۔ لیکن اس وقت زحل کی نظر راجع نہ پڑے کیونکہ زحل برج میزان کے 27 درجہ 50 دقیقہ پر ہوگا۔ البتہ یورانس کے زحل اور عطارد سیارے رجعت میں آ کر تفریق وطلاق کے عملیات موثر وسریع الاثر کر دیں گے۔

☆☆☆☆☆

کامیابی اور 23 امور زندگی

زندگی کے 23 اہم اُمور پر دلچسپ اور طاقت ور احکام لیے ایک خصوصی رپورٹ

ہماری یہ نجومی رپورٹ اس بات کو مدنظر رکھ کر بنائی گئی ہے کہ آپ کم سے کم رقم خرچ کر کے زیادہ سے زیادہ معلومات حاصل کر سکیں۔ یہ رپورٹ اپنے اندر کیا کچھ لیے ہوتی ہے اس کا مکمل اظہار کے لیے ذیل میں مختصر طور پر اُن معاملات کو بیان کیا گیا ہے جو اس رپورٹ میں زیر بحث آئیں گے۔ یہ رپورٹ آپ صرف اپنے لیے ہی نہیں۔ اپنے بچوں اور اپنے عزیز و اقارب کے لیے بھی بنوا سکتے ہیں۔ بالیقین یہ ایک جامع، دلچسپ اور سستی رپورٹ ثابت ہوگی۔ رپورٹ میں زیر بحث آنے والے 23 امور درج ذیل ہیں۔

1 آپ کا مزاج و کردار کس طرح کا ہے؟
2 زندگی میں خوشیوں اور تکمیل خواہشات کے موضوع کا بیان۔
3 محبت و رومانس کے معاملات دیکھیں آپ کے لیے اس میں کیا ہے؟
4 عام ڈگر سے ہٹ کر آپ کی دلچسپیاں اور مشاغل کیا ہو سکتے ہیں؟
5 معاملات صحت کیسے رہیں گے؟ کون سے امراض تنگ کر سکتے ہیں؟
6 مالی معاملات کی صورت کیا ہوگی؟ مال و دولت کی چند خاص باتیں۔
7 آپ کی زندگی اور طریق زندگی آپ کی نظر میں۔
8 کیریئر/ معاشی معاملات میں کامیابی کیوں اور کیسے؟
9 روزگار کے معاملات کیسے رہیں گے؟ کیا کریں اور کیسے کریں؟
10 آپ کا ذاتی برج کون سا ہے؟
11 آپ کا ذاتی ستارہ کون سا ہے؟
12 کس کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے خوش قسمتی کا باعث ہوگا؟
13 ہفتہ کا کون سا دن آپ کے لیے بہتر ہے؟
14 آپ کا خوش قسمتی کا رنگ کون سا ہے؟
15 کون سی دھات آپ حصولِ خوش قسمتی کے لیے استعمال کر سکتے ہیں؟
16 کون سا عدد/ فگر آپ کے لیے خوش قسمت ہے؟
17 حاجات و مسائل کے حل کے لیے کون سا اسم الٰہی آپ کو پڑھنا چاہیے؟
18 آپ کے زائچہ میں کواکب کی شرف و ہبوط کی حالتوں کا مکمل بیان۔ بلحاظ شرف و ہبوط کون سا کوکب زائچہ میں سعد اور کون سا نحس ہے؟
19 بلحاظ زائچہ آپ کو حلِ مسائل کے لیے کیا چیز، کب اور کس دن صدقہ کرنی چاہیے؟
20 قمری لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
21 شمسی لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
22 طالع کے لحاظ سے آپ کا برج اور ستارہ کون سا ہے؟ اور اس کے اثرات کیا ہیں؟
23 پیدائشی زائچہ بمعہ کواکبی نظرات، کواکب در گھر، کوکب در بروج، کواکبی درجات، طالع عاشر اور دیگر تکنیکی معلومات۔

اپنی نوعیت کی واحد، دلچسپ اور جامع پیش گوئی پر مبنی رپورٹ جو آپ اپنی ذات، بچوں اور گھر والوں کے لیے بھی تیار کروا سکتے ہیں

سمعیہ راٹھور

عرصہ	21 دسمبر تا 20 جنوری
حروف	ج، خ، گ
حاکم کوکب	زحل
عنصر	خاکی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	گھٹنے
موافق نگینہ	موتی، یاقوت، حجر القمر
موافق دن	ہفتہ
موافق نمبر	8
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، سبز
موافق پھول	کارنیشن
موافق شریک کار	سرطان
موافق افراد	عقرب، حوت
ناموافق افراد	حمل، میزان
بائیو کیمک نمک	کلکیریا فاس

ظاہری شخصیت

برج جدی سے تعلق رکھنے والے افراد اکثر اوقات لمبی قدرے پتلی گردن کے مالک ہوتے ہیں۔ غزالی آنکھوں اور خوبصورت چہرے کے مالک ہونے کے ساتھ ساتھ متناسب چھاتی کے مالک ہوتے ہیں۔ دلکش و پتلا چہرہ اور لمبی ناک، واضح ابرو اور کچھ حد تک جھکے ہوئے کندھے۔ جدی لوگ شرمیلے واقع ہوئے ہیں۔ کم از کم پہلی ملاقات میں وہ کسی کو متاثر نہیں کر سکتے۔ بلکہ پہل کی توقع ہمیشہ دوسرے سے رکھتے ہیں۔ اکثر جدی نوعمری ہی سے اپنی شخصیت کو جدا رنگ دینے کی عادت ڈال لیتے ہیں۔ اردگرد کا ماحول، اس کی تبدیلی کو جلد سمجھ لینے کی صلاحیت رکھتے ہوئے بہتر شعوری آگاہی کا ثبوت دیتے ہیں۔ اکثر جدی افراد متجسس قسم کی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ لوگوں میں آکر وہ اس شخص کی طرف زیادہ راغب رہتے ہیں۔ جس نے محنت و ہمت سے بلند مقام حاصل کیا ہو۔ کبھی اپنے مقصد سے نہیں ہٹتے چاہے جو بھی ہو جائے کیونکہ جدی کے مطابق یہ جو کرتے ہیں بس کرتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ اپنی ہر بات اور عمل کی وضاحت یا نسبت بیان کریں۔ وہ کامیابی کے اعلیٰ ترین مقام کو پانا چاہتے ہیں ورنہ اپنا وجود بے سود سمجھتے ہیں۔ ان کی کوشش یہ بھی ہوتی ہے کہ چاہے نچلے درجے پر ہوں یا اعلیٰ مقام پر ایسے کام کرتے رہیں جن سے شہرت ملے اور یہ لوگوں میں پہچانے جائیں۔ سب سے بات کرتے وقت مکمل ہمدردی و تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ ان کی باتوں سے مضبوط قوت ارادی جھلکتی ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ ان کے سینے میں چھپے توہمات اور ان دیکھے خوف بھی ان کی کامیابیوں کی راہ میں حائل ہونے کا اشارہ دیتے ہیں۔ جدی لوگ ہمیشہ بن سنور کر رہتے ہیں کیونکہ نازک اور جوان نظر آنا چاہتے ہیں۔ انہیں سب سے زیادہ اپنے بالوں کی فکر کرنی چاہیے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

جدی افراد کا علامتی نشان بکری ہے۔ روایتاً یہ بکری انسان کی تہذیب و تمدن کی تعلیم کی علم بردار ہے۔ یوں تو ہر سیارہ کے تحت آنے والے افراد کو ہم دو اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔ سعد اور نحس حالات انہیں اچھا یا برا، کامیاب یا ناکام کی فہرست میں لا کھڑا کرتے ہیں۔ جدی افراد عموماً ہر کام سنجیدگی سے

لیتے ہیں۔ انہیں کسی کام کی جلدی نہیں ہوتی۔ حالات کا خاموشی سے جائزہ لیتے ہوئے عملی اقدام کرتے ہیں۔ چاہے وہ رشتہ داری ہو، روزگار یا محبت، جذباتی نہیں ہوتے بلکہ ہر ممکن طریقے سے سوچ بچار، افہام وتفہیم اور متحمل مزاجی کا ثبوت دیتے ہیں۔ برج جدی میں زحل کا اثر باعث رکاوٹ ہے جس میں انسان کو اس کی محنت کا پھل صبر کرنے پر ملتا ہے۔ لیکن اگر محنت لگن سے اور سچے جذبے سے کی گئی ہو تب۔ جدی افراد کسی حد تک تنگ نظری، جبر اور نکتہ چینی کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ روایت کو پلو سے باندھ کر زمانہ جدید سے گزرنے کا خواب انہیں منتشر کر سکتا ہے۔ منزل نظر آنے کی صورت میں وہ ہم سفر کو سر راہ چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔ احساس ذمہ داری انہیں مصروف رکھتا ہے۔ بعض اوقات اپنی مصروفیات دفتر سے گھر تک منتقل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ گھر کو ایک مکمل آرام گاہ اور پُرتحفظ مقام سمجھتے ہوئے جو بھی چاہیں، کرنا چاہتے ہیں۔ بہتر ہے کہ استاد، سیاستدان یا سرکاری افسر بننے کی کوشش کریں۔ لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں انسان کو اتنا ہی ملتا ہے جتنی وہ کوشش کرے۔ جدی سعد حالت میں سیاسی معاملات میں کامیاب رہتا ہے اور ذمہ دار ثابت ہوتا ہے۔ نحس حالات میں جدی افراد مقصد حیات میں مشکلات، تشویش اور رکاوٹ کا شکار ہوتے ہیں۔

دانشمند طاقتور

جدی کی ڈرامائی تبدیلیاں و حادثات اکثر دیکھنے میں آتے ہیں۔ خاص طور پر خواتین ہر شعبہ ہائے زندگی میں اپنی مہارت چاہتی ہیں۔ اور اپنی ذہانت سے کام لیتے ہوئے کامیابی کی ہر سیڑھی عبور کرتی جاتی ہیں۔ قریبی دوست بعض اوقات انہیں ان کی بے وقوفیوں کا احساس دلاتے رہتے ہیں۔ اگر یہ بے بنیاد خوفوں سے نجات حاصل کر لیں تو عظیم قوت برداشت میں روحانی پاکیزگی انہیں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔

ہوس زر

جدی کا مادہ خاکی ہے جو مادہ پرستی کا نمائندہ ہے۔ احساس غربت آپ کی تمام خوبیوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ خود کو ہر لحظہ غریب، بے سہارا، غمزدہ سمجھنا چھوڑ دیں۔ اس کے علاوہ انا پرستی چھوڑ دیں کیونکہ ہر ایک اپنا نقطہ نظر رکھتا ہے اسے اپنے تابع کرنے کا خیال اور دوسروں کو حقیر سمجھنا چھوڑ دیں۔

فولادی قوت ارادی

جدی اپنا ساتھی خود ہوتا ہے۔ جس کا نعرہ ہے میں ہر فن مولا ہوں، انتہا پسند اور کفایت شعاری کا مظاہرہ کرتا ہے۔ کم پیسوں میں بھی خاموشی سے سختی جھیلنا اور اس کے ساتھ دوسری پریشانیوں کو پوشیدہ رکھنا بھی اس کی صفت ہے۔

فکر انگیز پہلو

جدی افراد کے لیے سب سے پہلی بات یہ کہ آپ جہاں بھی ہوں جس فیلڈ میں بھی ہوں ہمیشہ دوسروں کو ڈکٹیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ تکمیل خواہش نہ ہونا دوسروں کے لیے آپ کو خودغرض بنا دیتا ہے۔ اس رویے کو کنٹرول کریں کیونکہ اپنی خواہشات پوری کرنا ہر مخلوق خدا کا حق ہے آپ کسی پر حکومت کر کے اسے اپنی مرضی پر نہیں چلا سکتے۔ دوست اور دشمن کی پہچان کریں۔ ہر ایک پر خواہ مخواہ اعتبار بھی نہ کر بیٹھیں بہت نقصان ہو سکتا ہے۔ آپ کی عادت ہے کہ اپنی کمزوریاں، پریشانیاں مالی یا معاشی مشکلات فوراً دوسروں سے ڈسکس کرنے لگتے ہیں۔ یہ کوئی اچھی عادت نہیں ممکن ہے سامنے والا آپ کو بظاہر ہمدرد دکھائی دے لیکن مشورہ ایسا دے کہ جس میں اس کا اپنا زیادہ فائدہ ہو۔ سمارٹ رہنے اور اپنی حیثیت سے بڑھ کر نظر آنے کی کوشش تو آپ کرتے ہی ہیں۔ اپنے اندر ایسے اوصاف پیدا کریں جو پہلی ملاقات کے بعد موثر اثرات چھوڑ کر جائیں۔ ہر معاملے میں دوسروں سے پہل کی توقع کرنا چھوڑ دیں اگر آپ اپنا ہاتھ نہیں بڑھانا چاہتے اور اگر چاہتے بھی ہیں لیکن عملی اقدام نہیں کرتے تو پھر کوئی اور بھی آپ کو نہیں پوچھتا۔ ایک اور خاص بات اپنے اندر کے بے جا خوف نکال دینا بہتر ہے۔ مثلاً آپ کے پاس اچھا خاصہ پیسہ ہے لیکن دل میں احساس غربت یا احساس کمتری ہے۔ اپنے آپ کو اور اپنی دولت کو پوشیدہ رکھنے کا خیال ہے تو وہ دولت آپ کے کسی کام کی نہ رہے گی۔ اس برج کے لوگوں میں زیادہ تر جلدی امراض اور بدہضمی و گھٹنوں وغیرہ کا درد ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں احتیاط کرنی چاہیے۔

جدی خواتین

جدی خواتین کی شخصیت اس لحاظ سے منفرد ہوتی ہے کہ وہ صرف بحیثیت انسان سب کچھ کر گزرنا چاہتی ہے۔ عورت کے نام پر دی گئی رعایت اسکی بھرپور، فعال اور بامعنی زندگی میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ جدی دلکش اور متوازن شخصیت ہونے کے ناطے کبھی بھی اپنے آپ کو کمزور یا ناتواں یا دوسرے نمبر کی مخلوق تصور نہیں کرتی۔ وہ جو ہے ہمیشہ اس سے بڑھ کر نظر آنا چاہتی ہے۔ بحیثیت بیوی بھی کامیاب اور متحرک خاوند کو پسند کرتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر گھر سے نکل کر کمانا اس کے لئے معیوب نہیں ہوتا۔ لیکن پھر بھی وہ ہمیشہ اپنے گھر اور خاندان کو اولیت دیتی ہے۔ ہر ایک کے دکھ درد کو اپنے دکھ کی طرح محسوس کرتی ہے۔ کسی حاجت مند کی مدد کر کے روحانی خوشی حاصل کرتی ہے۔ اکثر اوقات انہیں یہ احساس ستاتا رہتا ہے کہ شاید وہ عدم

تحفظ کا شکار ہیں۔ اسی لیے دوسروں پر اعتماد مشکل سے کرتی ہیں۔ ہر لمحہ اپنے لئے ایک سادی سی بات کو بھی مسئلہ بنائے رکھتی ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہو جائے۔ ذہنی پریشانی انہیں مزاح سے مکمل طور پر لطف اندوز نہیں ہونے دیتی۔ اپنے خطرات و واہمے تو بچوں کو منتقل کر دیتی ہے لیکن جذبات واحساسات کی منتقلی میں ناکام رہتی ہے۔ اپنے اوپر سنجیدگی کا غلبہ رکھنے کی کوشش نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ مجموعی طور پر اچھی مائیں اور ازدواجی زندگی میں الجھنیں پیدا کرتی رہتی ہیں۔

جدی مرد

جدی مرد ایک حصار میں قید ہوتا ہے جس کے اندر گھسنے اور باہر جانے کی اجازت وہ کسی کسی کو دیتا ہے۔ جدی بظاہر پُرسکون اور بے پرواہ نظر آئے گا۔ لیکن ہمیشہ اپنی مردانہ وجاہت اور ذہانت کی تعریف کا منتظر رہتا ہے۔ اپنے جذبات پر حد درجہ کنٹرول اس کی خاص صفت ہے۔ کسی کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی نہیں کرنا چاہتا۔ چاہے امیر ہو یا غریب کفایت شعار ہوتے ہیں۔ اپنے ماضی پر ہمیشہ فخر کرتے ہیں ہر لمحہ ہر قدم قدیم روایات کی روشنی میں اٹھانا چاہتے ہیں۔ عام طور پر جدی مرد محبت کے جذبے سے یکدم مغلوب ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر قدم بڑھاتے ہیں اور مکمل وفادار ہوتے ہیں لیکن اگر کبھی بھی انہیں محسوس ہو کہ ان سے بے رخی برتی جا رہی ہے تو خاموشی سے تعلق ختم کر لیتے ہیں۔ جدی افراد صحت کے اعتبار سے بھی خوش قسمت ہوتے ہیں۔ اپنی عمر سے زیادہ پختہ نظر آتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کہ آمدن ٹھیک ٹھاک ہو اور وہ اپنی خوبیوں و مہارتوں کا احساس دوسروں کو بھی دلوا سکیں۔ جدی سیر و تفریح اور خاص طور پر پہاڑی مقام بہت پسند کرتے ہیں۔ ان کی ملکیت میں سے کوئی چیز شیئر کرنے کی خواہش انہیں کچھ خاص خوش نہیں کرتی۔ گھریلو ماحول میں بہتری یا خوشگواری کی بات ہو تو بھی یہ سامنے آنے کی زیادہ کوشش نہیں کرتے۔ لیکن گھر ان کے نزدیک مکمل آرام گاہ اور پُرتحفظ مقام ہے۔ اپنی جان سے بہت محبت کرتے ہیں۔ بہترین شوہر اور محبت کرنے والے باپ ثابت ہوتے ہیں۔

جدی بچہ

عموماً اپنی عادات، ذہانت اور بول چال سے دوسرے بچوں کی نسبت عمر سے بڑے محسوس ہوتے ہیں اسی لیے والدین کے لئے باعث پریشانی بن جاتے ہیں۔ ان کی قوت ارادی اور خارجی و داخلی ماحول کو جانچنے کی صلاحیت دوسروں کو حیران کر دیتی ہے۔ اور وہ خود بھی ہم عمروں کی بجائے بڑوں میں وقت گزارنا چاہتے ہیں۔ انہیں اگر ایک مرتبہ روزمرہ معمولات سمجھا دیے جائیں تو والدین بے فکر ہو جاتے ہیں۔ سکول سے بالکل نہیں گھبراتے۔ اساتذہ سے نت نئے سوال کرتے ہیں کہ انہیں لاجواب کر دیں۔ تجسس کا مادہ انہیں کہیں ٹکنے نہیں دیتا۔ دوسرے بچے ان سے متاثر ہوتے ہوئے ان کی تقلید بھی کرتے ہیں۔ ذہنی طور پر جلد ہی پختہ ہو جاتے ہیں۔ مجموعی طور پر ایسے بچے ہوتے ہیں جن پر تھوڑی سی محنت کر کے والدین بہت فخر کر سکتے ہیں۔ ان کے اساتذہ بھی ہمیشہ ان سے خوش رہتے ہیں کیونکہ یہ کبھی کسی کو کہنی مار کر آگے نہیں نکلتے بلکہ ایسا جال پھیلا کر مکمل منصوبہ بندی کے تحت منزل مقصود تک پہنچتے ہیں کہ دوسرا حیران رہ جائے۔ کبھی کبھار حسد اور رقابت کے جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات سوچتے زیادہ اور عمل کم کر کے سستی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کا بھی ثبوت دیتے ہیں۔

برج جدی کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج جدی برج حمل کے ساتھ

جدی عورت حمل مرد

حمل صاحب ذرا احتیاط کریں۔ آپ کی زوجہ آپ کو ایک لمحہ آزاد نہیں چھوڑنا چاہتی جبکہ آپ اپنی علمی پیاس بجھانے کے لئے کوئی کنواں تلاش کیے بغیر نہیں رہ سکتے۔ لہٰذا ٹکراؤ ہو سکتا ہے۔ جدی کو چاہیے کہ حمل کے گلے کا ہار بننے کی بجائے بوقت ضرورت اسے مفید مشورے دے اور گھریلو سکون فراہم کرے۔

جدی مرد حمل عورت

حمل کے ساتھ شادی کر کے جدی کو صبر کا دامن تھامنا نہیں بلکہ سدا کیلئے اس سے جڑ جانا ہوگا کیونکہ آپ کی سست روی اور کاہلی کے مقابلے میں حمل پھرتیلی اور تیز رفتار ہے جو آپ کی اس عادت کو پسند نہیں کرتی۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ ناکامی پر آپ کا دلاسہ اسے تقویت بخشتا ہے۔ اس کی ذہانت و عملی زندگی کی تعریف اور احساس محبت دلاتے رہیں لیکن حاکمیت جھاڑنے کی کوشش نہ کریں۔ حمل آپ کے آرام و آسائش کا مکمل خیال رکھتی ہے۔

برج جدی برج ثور کے ساتھ

جدی عورت ثور مرد

جدی خوش نصیب ہے کہ اسے ثور جیسا مکمل تحفظ دینے والا خاوند ملا۔ ثور کے دل کو پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے۔ وہ صاف دل ہے منافق نہیں اور جدی کی ہر طرح سے ہر خواہش پوری کرنے اور پرامن زندگی گزارنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔

جدی مرد ثور عورت

برج ثور کی بیوی گھر کو پرسکون اور آرام دہ رکھتی ہے۔ محبت کے بارے میں سنجیدہ اور بعض اوقات نہایت جذباتی ہو جاتی ہے۔ جدی مرد کی کوشش ثور کو اچھی لگتی ہیں۔ ناکامی کی صورت میں وہ جدی کا حوصلہ بڑھاتی ہے اور اچھا مشورہ، آرام دہ گھر اور صاف ستھرے بچے ثور کی اولین کوشش ہوتے ہیں۔ جدی کو خوش وخرم رکھتی ہے۔

برج جدی برج جوزا کے ساتھ

جدی عورت جوزا مرد

جوزا مرد ایک آزاد پنچھی ہے جو پرکشش اور خوب صورت شخصیت کا مالک ہے لیکن اس کے باوجود جدی کے لیے ایک بات باعث پریشانی ہے اور وہ ہے جوزا کا کام ادھورا چھوڑ دینا۔ جوزا نئی تکنیک استعمال کر کے آگے بڑھنا چاہتا ہے جبکہ جدی کا اصرار روایت پر ہے۔ اگر جدی اپنے مشوروں کو کچھ کنٹرول کرتے ہوئے بہتر حکمت عملی اختیار کریں تو ماحول خوشگوار ہو سکتا ہے۔

جدی مرد جوزا عورت

جوزا سے شادی کے بعد آپ اس کے اندر جھانکنے کی کوشش کریں گے بھی تو ضروری نہیں کہ کامیاب ہو سکیں۔ وہ ہر لمحہ بدلتی ہے اور ہر لمحہ شخصیت کا نیا رنگ نظر آتا ہے۔ جبکہ جدی مستقل مزاجی اور آہستگی سے ہر کام کرنے کا عادی ہے۔ اگر بچوں پر جدی خود زیادہ توجہ دے تو بہتر ہے۔

برج جدی برج سرطان کے ساتھ

جدی عورت سرطان مرد

سرطان کے اندر وہ خوبیاں موجود ہیں جن کی آپ کو تلاش تھی۔ سرطان کی ہر بات منطق پر مبنی ہوتی ہے۔ جدی کسی بھی مسئلہ کے فیصلے اور روپے پیسے کے معاملے میں بھی سرطان پر بھرپور اعتماد کر سکتی ہے۔

جدی مرد سرطان عورت

سرطان سنجیدہ و جدی کی طرح باعمل ہے۔ اسے گھر سے شدید محبت ہے۔ اور جدی کی خوشی کے لیے وہ ہر وقت کچھ بھی کرنے کو تیار رہتی ہے۔ آپ دونوں ایک دوسرے کو سمجھ کر پرسکون و متوازن زندگی گزارنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

برج جدی برج اسد کے ساتھ

جدی عورت اسد مرد

اسد شیر ہے جو ہر حال میں حکومت چاہتا ہے کم کچھ جدی بھی نہیں۔ لیکن اگر جدی کی خواہش ہے کہ اسد اس پر محبت کے پھول نچھاور کرے تو اسے اپنی محبت کا یقین اسد کو دلانا ہوگا۔ اور پھر دیکھیں اس کی نوازشات آپ تصور بھی نہ کر سکیں گے۔

جدی مرد اسد عورت

اسد زندگی کی رنگینیوں میں جینا چاہتی ہے لیکن مشکل اس وقت پیدا ہوتی ہے جب جدی اسے نظم ونسق سے زندگی گزارنے پر زور دے۔ اور زور پر چلنا اسد کی لغت میں نہیں۔ جدی اسد سے محبت بہت کرتا ہے۔ اسی لیے وہ بعض اوقات اسد کی ناپسندیدہ خواہشات کی بھی تکمیل کر دیتا ہے۔ لہذا اسد کو بھی جدی کی خواہشات کا احترام کرنا چاہیے۔

برج جدی برج سنبلہ کے ساتھ

جدی عورت سنبلہ مرد

بظاہر تو سنبلہ کو آپ کم گو سمجھیں گی لیکن وہ ہر ایک سے یونہی ہر بات کہہ نہیں دیتے۔ ہاں اگر سنبلہ نے جدی پر مکمل اعتماد کر لیا ہے تو وہ زندگی کے کسی بھی مرحلے پر جدی کو چھوڑے گا نہیں۔ جدی کو چاہیے کہ بچوں اور گھر کو صاف ستھرا رکھے کیونکہ سنبلہ یہی چاہتا ہے۔

جدی مرد سنبلہ عورت

سنبلہ کے ذہن میں ایک آئیڈیل موجود ہے۔ اسے توجہ اور بھرپور محبت کا احساس دلانا آپ کے لئے اس کی محبت کی پختگی کا سبب ہے۔ اسے دھوکہ دینے کی کوشش نہ کریں کیونکہ بحث اس کا شوق اور دوٹوک فیصلہ اس کی عادت ہے۔ ممکن ہے اسی طرح وہ آپ کی آسائشوں کا خیال رکھتے ہوئے گھر کو اچھا بنا لے۔

برج جدی برج میزان کے ساتھ

جدی عورت میزان مرد

میزان حسن وتوازن کو پسند کرتے ہیں لیکن زیادہ وقت تصورات کی دنیا میں گزارتے ہیں۔ جدی کو الجھن تو محسوس ہوتی ہے لیکن میزان کی بے یقینی کو تھوڑی سی کوشش سے دنیائے حقیقت میں لایا جا سکتا ہے۔ گھریلو خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیے۔

جدی مرد میزان عورت

میزان محبت وخلوص سے ناواقف تو نہیں لیکن پھر بھی ہر لمحہ رخ بدلتی ہوا کی مانند رہتی ہے۔ جب مقصد پورا ہوا رخ موڑ لیا۔ یہاں پر جدی کو صبر اور برداشت سے کام لینا ہے۔ کیونکہ شادی اکٹھے رہنے کے لئے ہوتی ہے۔ میزان عمدہ

کھانے پکا کر اور گھر کو ڈیکوریٹ کر کے جدی کی خواہشات پوری کر سکتا ہے۔

برج جدی برج عقرب کے ساتھ

جدی عورت عقرب مرد

برج عقرب سے تعلق رکھنے والے مرد ذہین و سمجھدار اور ہمیشہ کامیابی کے خواہشمند رہتے ہیں۔ صاف گو اور بے باک عقرب کے راستے میں آکر جدی غلطی کرے گی۔ اسے گھر سے دلچسپی لینے پر مجبور نہ کریں انہیں باہر بہت کام ہیں لیکن اپنے بچوں کو کبھی نظر انداز نہیں کرتے بلکہ ہمیشہ خوبصورت و صاف ستھرا اور مہذب دیکھنا چاہتے ہیں۔

جدی مرد عقرب عورت

عقرب غصیلی اور تند مزاج زوجہ ہے۔ تاہم محبت کرنے والی بھی ہے۔ جدی اگر اسے ناراض نہ کرے تو بہتر ورنہ وہ پھٹ جائے گی لیکن مجال ہے جو گھر کا راز باہر نکال کر خاوند یا گھر کے نام پر انگلی اٹھنے دے۔ جدی کی خیر خواہ اور اسے دوسروں سے برتر دیکھنا چاہتی ہے۔

برج جدی برج قوس کے ساتھ

جدی عورت قوس مرد

قوس کسی مشورے وغیرہ کو قبول نہیں کرتے کیونکہ اسے اپنے آپ پر بے حد اعتماد ہوتا ہے۔ جدی کو گھماتے پھراتے اور شاپنگ وغیرہ بھی کرواتے رہیں لیکن جدی کا یہ مطالبہ پورا نہیں ہو سکتا کہ وہ زیادہ وقت گھر پر گزاریں۔ بچوں پر وہ کم عمری کی بجائے لڑکپن کی عمر میں زیادہ توجہ دیتے ہیں۔

جدی مرد قوس عورت

قوس جدی کی باعمل فطرت میں کشش محسوس کرتی ہے۔ کینہ و بغض کی عادت جدی کو ہے نہ قوس بچی بات کہے بنا رہ سکتی ہے۔ جدی سے گھومنے پھرنے کی توقع کرتی ہے۔ دونوں ایک دوسرے کی ضروریات کو سمجھتے ہیں۔ گھر کا خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیے کیونکہ قوس کی ہتھیلی پر پیسہ زیادہ دیر نہیں رکتا۔

برج جدی برج جدی کے ساتھ

جدی عورت جدی مرد

جدی مرد بظاہر تو سنجیدہ اور غیر جذباتی ہیں لیکن آئیڈیل ملنے کی صورت میں کسی اور چہرے کو نہیں تکتے۔ جدی شریک حیات جدی زوجہ کے لیے آسائش زندگی فراہم کرنے کی مکمل و بھرپور کوشش کرتا ہے۔ باوفا شوہر اور محبت کرنے والے باپ ہوتے ہیں لیکن ظاہر نہیں کرتے۔ آپ دونوں کی جوڑی مثالی ہے۔

جدی مرد جدی عورت

آپ کی زوجہ قابل اعتماد اور مخلص ہے۔ جدی عورت کامیاب و مالی لحاظ سے مستحکم مرد کو پسند کرتی ہے اس لئے جدی خاوند کو کوشش جاری رکھنا چاہیے۔ مجموعی طور پر دونوں میں کافی ہم آہنگی ہے۔ زوجہ محترمہ گھریلو کاموں میں کافی سگھڑ ہیں اور بچوں کو بھی نظم و نسق کے آداب سے آراستہ رکھتی ہیں۔

برج جدی برج دلو کے ساتھ

جدی عورت دلو مرد

جدی کی عمل پسندی کے مقابلے میں دلو اتنے باعمل نہیں بلکہ خوابوں کے مسافر ہیں۔ لیکن سب سے بڑی خصوصیت ان کی فراخدلی ہے۔ جب دلو جوش میں ہوں تو ان کے لیے کہا جاتا ہے کہ وہ 50 سال آگے کا سوچتے ہیں۔ اور مستقبل کی منصوبہ بندی بڑی ٹھیک ٹھاک کرتے ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

جدی مرد دلو عورت

دھنک رنگ دلو سے شادی کے بعد ہر لمحہ کسی نئے طوفان سے مقابلے کے لئے تیار رہیں۔ وہ حسد نہیں کرتی اور جدی کی طرف سے بھی حسد و شک کو برداشت نہیں کرتی۔ افہام و تفہیم پیدا کر کے آپ اچھی زندگی استوار کر سکتے ہیں۔

برج جدی برج حوت کے ساتھ

جدی عورت حوت مرد

جدی کے لیے حوت بہترین ہے۔ جدی کو چونکہ مالی طور پر مستحکم مرد پسند ہے تو حوت بھی محنتی اور کامیاب حکمت عملی کی ذریعے مسلسل جدوجہد کرنے والا ہے۔ جدی کو تحفے تحائف دیتا اور خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ ارد گرد کے لوگوں کو خوش رکھنا بھی اس کی خواہش ہوتی ہے۔ آپ دونوں پر سکون گھر پسند کرتے ہیں۔ جدی بچوں کی تربیت بہت اچھی کرتی ہے۔ اور بچے حوت کے ساتھ رہ کر بہت خوش رہتے ہیں۔

جدی مرد حوت عورت

حوت محبت اور شادی کو بہت اہمیت دیتی ہے اور آئیڈیل کی تلاش میں رہتی ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جدی اور حوت کی جوڑی کامیاب ہے۔ حوت اپنے اوپر کوئی بات آنے سے پہلے مچھلی کی طرح ہاتھ سے پھسل جاتی ہے لیکن جدی کو تنہا نہیں چھوڑتی۔ اس کی موجودگی یا غیر موجودگی میں اس کے متعلق نازیبا الفاظ ناپسند کرتی ہے۔ جدی کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ بعض اوقات جدی کی ڈانٹ اسے دلبرداشتہ کر دیتی ہے لیکن ذرا سا دلاسہ اسے حیات نو بخشتا ہے۔ آپ دونوں اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ماہنامہ

آپ کا ماہ کیسا گزرے گا

عبدالحئی راٹھور

حمل

عرصہ حکومت	21مارچ تا20اپریل
منسوبی کوکب	مریخ
منسوبی حروف	ا،ل،ع،ی

آپ کا برج؟

آپ کس برج کے تحت آتے ہیں یا کون سا برج آپ پر زیادہ اثر انداز ہوگا۔ یہ دیکھنے کے تین طریقے ہیں:......

☆ پہلا طریقہ یہ ہے کہ اپنی تاریخ پیدائش کے مطابق دیکھیں کہ کون سا برج آپ کا ہے۔ اگلے صفحات میں ہر برج کے ساتھ اس کا عرصہ حکومت بھی تحریر ہے۔

☆ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ دیکھیں آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے۔ بس اس حرف سے متعلق برج سے حالات پڑھیں۔

☆ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ اپنے نام اور والدہ کے اعداد دی گئی عددی جدول کی مدد سے نکالیں اور کل اعداد کو ۱۲ سے تقسیم کر دیں جو نمبر بچے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

رجعت کواکب

جو کواکب کی رجعت کا شکار ہوں وہ دی گئی عزیمت رجعت و نحوست سیارگان کو روزانہ گیارہ بار پڑھنا اپنا معمول بنالیں۔ اول آخر ۳ مرتبہ درود شریف بھی پڑھیں اور صدق دل سے اللہ سے دعا کریں۔ حسب گنجائش صدقہ دیں۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَحمٰنُ یَا رَحِیمُ بِحَقِ کٓھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِ حٰمٓ عٓسٓقٓ قِنَا مِن نُحُوسَۃِ الکَوَاکِبِ وَ رُجُوعِہٖ وَ وَبَالِہٖ وَ سُوءِ نَظرِہٖ بِحَقِ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیرِ خَلقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَاَصحَابِہٖ اَجمَعِینَ بِرَحمَتِكَ یَا اَرحَمُ الرَّاحِمِینَ ۔

عددی جدول

ا،ی،ق،غ	۱
ب،پ،ک،گ،ر،ژ	۲
ج،چ،ل،ش	۳
د،ڈ،م،ت،ٹ	۴
ہ،ن،ث	۵
و،س،خ	۶
ز،ذ،ع،ذ	۷
ح،ف،ض	۸
ط،ص،ظ	۹

مثال

اکبر	ا	ک	ب	ر	
	۱	۲	۲	۲	=۷

خوش قسمت اعداد	9'7'2'1
خوش قسمت پتھر	مرجان، یاقوت
خوش قسمت دن	ہفتہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	لال، نارنجی، ہلکا آسمانی

یکم تا 8 جنوری

بہن بھائی اور رشتے دار آپ کے لیے کافی اہمیت اختیار کر جائیں گے۔ آپ کے اخراجات زیادہ تر ان کے اوپر ہی ہوں گے۔ اس کے علاوہ آپ کی خواہشات بھی ان سے منسلک رہیں گی۔ باہر جانے کے خواہش مند افراد اگر اس وقت اپنی کوششوں میں تیزی پیدا کریں تو بہت ممکن ہے کہ رواں وقت میں آپ کو کامیابی حاصل ہو جائے۔ حکومتی اداروں اور افسران سے متعلق کاموں میں آپ کو کامیابی ہوگی۔ آپ کے وہ معاملات جو حکومتی اداروں یا حکومتی اہلکاروں کی وجہ سے کسی رکاوٹ یا بندش کا شکار تھے تو اب کسی حد تک ان کے حل ہونے کی امید پیدا ہوگی۔ دشمن آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آرہے ہیں۔ ان کی وجہ سے آپ کو مشکلات کا سامنا رہے گا۔

9تا16 جنوری

یہ وقت تربیت حاصل کرنے اور قابلیت و مہارت میں اضافہ کرنے کے لیے نہایت موافق ثابت ہوگا۔ زمین، جائداد اور گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنے کے لیے یہ وقت بہتر ثابت نہ ہوگا۔ انٹرلیول اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ اپنی پڑھائی کی طرف کم رہے گی۔ جو لوگ رشتہ یا شادی کرنے کے خواہاں ہیں ان کے لیے یہ عرصہ بہترین ثابت ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ اس وقت حکومتی اور مقتدر لوگوں میں عزت بڑھے گی اور ترقی کے امکانات روشن ہوں گے۔ دوستوں کے حلقے میں وسعت ہوگی، جبکہ دوسری طرف خاندانی مسائل جنم لیتے نظر آتے ہیں۔ اولاد کے ساتھ تعلقات میں اونچ نیچ رہے

گی۔ آمدن کے ساتھ ساتھ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔

17تا24 جنوری

شادی بیاہ کی تقریبات اور سیر وتفریح کی طرف اپنا رجحان کم رکھیں، کیونکہ ان کاموں میں آپ کی شرکت دوسرے لوگوں کے ساتھ اُلجھاؤ اور گرما گرمی کا باعث بن سکتی ہے۔ وہ افراد جو روزگار کی تلاش میں ہیں ان کو چاہیے کہ اس سلسلے میں اپنے بہن بھائیوں اور رشتہ داروں سے بھی رابطہ کریں۔ نیز بیرون شہر سے بھی نوکری کی پیشکش آنے کی توقع ہے۔ رواں دنوں میں اپنی یادداشت پر زیادہ بھروسہ نہ کریں کیونکہ آپ اکثر چیزیں بھول جائیں گے۔ اس عرصہ میں روپے پیسے کا حصول ہوتا نظر آرہا ہے، لیکن اس کے ساتھ ہی ساتھ اخراجات میں بھی اضافہ ہوگا۔ آپ کی اپنے کسی پرانے دوست سے ملاقات ہوگی۔ بہت زیادہ لمبے سفر کے لیے یہ وقت سعد نہیں ہے۔

25تا31 جنوری

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں پریشانی کا سامنا ہوگا۔ کاروبار سے حاصل ہونے والے فائدہ میں بھی پہلے کی نسبت کمی آئے گی۔ آپ کے تعلقات اپنے بہن بھائیوں اور رشتے داروں کے ساتھ بہتر نہ رہیں گے۔ نیز ان سے وابستہ کام کے حل میں دشواری کا سامنا بھی ہوگا۔ روحانی بزرگوں سے ملاقات آپ کے لیے فائدہ مند رہے گی، ساتھ ہی ان سے کئی باتیں سیکھنے کو بھی ملیں گی۔ قانونی نوعیت کے مسائل درپیش ہیں تو رواں عرصے میں کوشش کریں، حل ہوتے نظر آرہے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کی خواہشات آسانی سے پوری ہوتی نظر نہیں آرہی ہیں۔ ذمہ داریوں کو پورا کرنے میں بہت زیادہ محنت کرنا ہوگی۔

سعد تاریخیں	6-7-11-20-24
نحس تاریخیں	15-22
لکی نمبر	7-6-2

عرصہ حکومت	21 اپریل تا 20 مئی
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ب، و
خوش قسمت اعداد	9'6'3
خوش قسمت پتھر	ہیرا، نیلم
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	سفید، لائٹ بلیو

یکم تا 8 جنوری

شریک کار کی طرف سے مالی فائدہ متوقع ہے۔ رواں دنوں میں آپ کے اوپر روپے کمانے کا بھوت سوار ہوگا۔ اس حوالے سے آپ بہت سے آسان ذرائع کا سہارا لیں گے۔ مثلاً بانڈ، انعامی سکیمیں، گھڑ سواری وغیرہ، اس حوالے سے آپ کو خاطر خواہ کامیابی بھی ہوگی۔ آپ اپنا وقت اولاد کے ساتھ گزارنا پسند کریں گے۔ داماد کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ بینکوں میں اکاؤنٹ کھلوانے اور انشورنس کروانے کے لیے یہ وقت سعد ثابت ہوگا۔ مال کے لین دین کے دوران احتیاط سے کام لیں۔ غیر ضروری سفر سے گریز کریں چوٹ لگنے کا اندیشہ ہے۔ ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار کرنا نقصان کی طرف لے جاسکتا ہے۔

9تا16 جنوری

ان ایام میں ترقی کے امکانات روشن ہیں، بشرطیکہ اپنے افسران پر ثابت کردیں کہ آپ اس کے اہل ہیں۔ آپ کو اپنا مقام بہتر بنانے کا موقع ملے گا۔ محبوب کی طرف سے خوش کن رویہ میسر آئے گا۔ جبکہ بعض بچوں کے ذریعہ خوشی و مسرت دیکھیں گے۔ کاموں اور اُمیدوں میں کامیابی ملے گی۔ صحت کے حوالے سے بہتری متوقع ہے۔ دل مذہب، مذہبی

انجمنوں اور خدمت خلق کے کاموں کی طرف مائل ہو گا۔ جائیداد کی خرید وفروخت میں نقصان ہوگا۔ یہ وقت کاروباری زندگی کے اُمور میں اتفاقیہ اور غیر متوقع واقعات لائے گا۔ ان دنوں میں بیرون ملک سے کوئی خبر موصول ہوگی یا بیرون ملک سفر کے رجحانات پیدا ہوں گے۔

17تا24 جنوری

آپ کے انداز گفتگو میں خاصی مثبت تبدیلی رونما ہوگی۔ وہ خواتین و حضرات جو بنک اکاونٹ کھلوانے کے بارے پلان کر رہے تھے۔ اس کام کے لیے یہ وقت بہتر ہے۔ وراثتی معاملات کو لے کر زیادہ پریشان نہ ہوں، کیونکہ وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ البتہ آپ کی طرف سے اٹھایا گیا قدم مخالف کے حق میں بہتر ثابت ہوگا۔ معاشرتی پوزیشن برقرار رہے گی۔ وہ افراد جو نوکری کی تلاش کر رہے ہیں ان کو چاہیے کہ پرائیویٹ ملازمت کے ساتھ ساتھ سرکاری نوکری کے لیے بھی اپلائی ضرور کریں، مناسب نتائج آئیں گے۔ یار دوستوں سے ملنا جلنا کم رہے گا۔ خواہشات اور اُمیدیں پوری ہوتی نظر نہیں آتیں، اس لیے بہتر یہی ہے کہ اپنی خواہشات یا اُمیدیں نہ لگائیں کے پورا نہ ہونے پر آپ کو جسمانی یا ذہنی پریشانی کا سامنا ہو۔

25تا31 جنوری

ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شراکتی کاروبار سے وابستہ افراد کو بھی کام میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا، لیکن ان کو درپیش مسائل جلد حل ہو جائیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا اس کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی محنت رنگ لاتی نظر آرہی ہے۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہوجائے گی اور تعلقات پہلے کی نسبت بہتر ہوجائیں گے۔ آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں پہلے کی نسبت بہتری آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہوسکیں گے۔ اندرون ملک

سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کی یہ خواہش پوری ہوتی نظر آ رہی ہے۔ بیرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے نقصان دہ رہے گا۔

سعد تاریخیں	4-9-13-31
نحس تاریخیں	17-18-24
لکی نمبر	1-5-3

جوزا

عرصہ حکومت	21 مئی تا 20 جون
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	ک، ق
خوش قسمت اعداد	9'5'1
خوش قسمت پتھر	زمرد، پکھراج
خوش قسمت دن	منگل، بدھ، جمعرات
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، بسنتی

یکم تا 8 جنوری

کواکبی پوزیشن آپ کو مختلف معاملات زندگی میں کامیابی دلانے کا باعث بنے گی۔ کوئی بڑی کامیابی کی توقع تو نہیں ہے تاہم پھر بھی اچھے حالات سے واسطہ رہے گا۔ اس عرصے میں آرام وسکون کے حوالے سے توجہ گھر پر مرکوز ہو جائے گی۔ گھر میں گزارا گیا وقت آپ کو ذہنی اور قلبی سکون دے گا۔ کاروبار کرنے والوں کے کاروباری معاملات اُن کے لیے کافی اہم ہو جائیں گے۔ مضبوط بنیادوں پر آگے بڑھنے کے مواقع ملیں گے۔ شادی شدہ افراد کی ازدواجی زندگی خوشگوار ہو جائے گی۔ غیر شادی شدہ لوگوں کی بات چیت چلے گی۔ انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کے لیے یہ عرصہ کوئی خاطر خواہ نتائج لے کر نہیں آ رہا۔

9 تا 16 جنوری

بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے لیکن دوران سفر آپ کو چند ایک پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑے گا۔ سوشل تعلقات اور سوشل کاموں میں مالی مفاد حاصل کیا جا سکے گا۔ یہ وقت دنیوی اُمور کی کیفیت و حالت کے لحاظ سے فریب اور دھوکہ پر مائل ہو گا۔ خط و کتابت کے وقت تحریر کو اچھی طرح جانچ پڑتال کریں۔ دوسرے لوگوں سے گفت وشنید کے دوران بھی محتاط انداز اختیار کریں، کیونکہ ذرا سی کوتاہی غلط فہمی پیدا کر سکتی ہے۔ جو افراد طویل بیماری میں مبتلا ہیں ان کو بیماری سے نجات ملے گی۔ قرضہ لینے کی خواہش تو پوری ہو گی لیکن آپ اس رقم کو بامقصد استعمال کرنے کی بجائے غیر ضروری کاموں میں خرچ کریں گے۔ قانونی، عدالتی اور وراثتی مسائل حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ اولاد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ ناراضگی رہے گی۔ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ بہتر نہ ہو گا۔

17 تا 24 جنوری

ملازمین پر زیادہ بھروسہ کرنا آپ کے لیے پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ اندرون ملک سفر کرنے کے لیے اچھا وقت نہیں، اس لیے کوشش یہی کریں کہ سفر سے گریز کریں۔ اس عرصہ میں آپ کو کوئی بری خبر سننے کو ملے گی۔ اس لیے اپنے آپ کو ذہنی طور پر تیار رکھیں، ورنہ یہ خبر آپ کی صحت پر بھی اثر کر سکتی ہے۔ جائیداد یا سواری کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا اور آپ کو اس کی اچھی قیمت بھی مل جائے گی۔ عبادت کی طرف آپ کا خاص رجحان رہے گا۔ وہ افراد جو کرایہ کے مکان یا کرایہ دار کی تلاش میں ہیں یہ وقت ان کے لیے خوشخبری لے کر آئے گا۔ شریک حیات کے ساتھ معاملات تناؤ کا شکار رہیں گے۔

25 تا 31 جنوری

آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ مالی حالات میں اچھی تبدیلی آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملاقات ہو گی۔ اگر ان سے وابستہ کوئی کام درپیش ہیں تو وہ بھی حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہو گا۔ کاروباری حضرات اگر کامیابی چاہتے ہیں تو رواں دنوں میں جو بھی قدم اُٹھائیں خاصہ سوچ سمجھ کر ہونا چاہیے۔ زمین و جائیداد، گاڑی وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ طالب علموں کی توجہ مکمل طور پر تعلیم کی طرف نہ ہو گی۔ ان کا دھیان دوسرے کاموں کی طرف مبذول ہو گا۔

سعد تاریخیں	6-7-11-15-24
نحس تاریخیں	20-26
لکی نمبر	8-3-1

عرصہ حکومت	21 جون تا 22 جولائی
منسوبی کوکب	قمر
منسوبی حروف	ح، ہ
خوش قسمت اعداد	8'6'2
خوش قسمت پتھر	سفید موتی، ہیرا، مرجان
خوش قسمت دن	پیر، منگل، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سفید، بسنتی، پیلا

یکم تا 8 جنوری

آپ کا دھیان مذہب اور اعلیٰ تعلیم کی طرف رہے گا۔ مذہبی رسومات کو پورا کریں گے اور کوشش کریں گے کہ کسی نہ کسی طرح مذہب کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جان سکیں۔ رشتے داروں اور بہن

بھائیوں سے تعلقات محبت آمیز رہیں گے۔ اخراجات کی ایک بڑی مد ٹیلی فون کا بل بھی ہوسکتی ہے۔ لیکن آپ اس کو ہنسی خوشی ادا کر دیں گے۔ دوستوں کے ساتھ سیر وتفریح پر جانے کا موقع ملے گا اور ان کے ساتھ اچھا وقت گزاریں گے۔ تحریر، تقریر اور لکھنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔ دفتری کام کے سلسلے میں سفر ممکن ہے۔ اس سفر سے آپ کے اپنے بھی ذاتی مفادات پورے ہو جائیں گے۔ دشمن آپ پر دباؤ ڈالیں گے۔ ان سے ڈرنے کی بجائے مقابلہ کریں۔

9تا16جنوری

وہ افراد جن کے شراکتی تعلقات شدید اختلافات کا شکار ہیں ان ایام میں معاملات بہتری کی طرف جاتے نظر آتے ہیں۔ علاوہ ازیں جو حضرات شادی، منگنی یا رشتے کی تلاش کر رہے ہیں ان کو کامیابی ملے گی۔ جائیداد کی خرید وفروخت کرنے سے پہلے معاملات کو اچھی طرح سمجھ لیں۔ اچھی رہائش گاہ میسر آ سکے گی۔ والدین کی صحت کے حوالے سے محتاط رہیں۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ قرضہ لینے کے بارے میں سوچ رہیں ہیں تو کوشش کریں مل جائے گا۔ کاروبار سے وابستہ افراد کے لیے تھوڑا مشکل وقت ثابت ہو گا۔ نقصان کا اندیشہ بھی ہے۔ حکومتی عہدیداروں اور ساتھ کام کرنے والوں کی مدد سے چند ایک کام با آسانی حل ہوجائیں گے۔ سیر وتفریح کے لیے کم ہی جائیں گے۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ آپ کے تھوڑے بہت اخراجات بڑے، بہن بھائیوں اور یار دوستوں پر ہوں گے۔

17تا24جنوری

بیرون ملک سفر وغیرہ کے لیے اپلائی کرنے والے خواہش مند لوگوں کو چاہیے کہ رواں دنوں میں کوشش نہ کریں، کیونکہ کامیابی ملنے کی توقع بہت کم ہے۔ مالی معاملات میں خرابی آتی نظر آتی ہے۔ مناسب یہی ہے کہ اخراجات میں کمی لائیں، تاکہ جمع پونجی محفوظ رہے۔ قرض دی ہوئی رقم کوشش کرنے پر ملنے کی توقع کی جاسکتی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ نیز سیر وتفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ افراد خانہ سے کسی حمایت یا مدد کی ضرورت ہو تو وہ آپ کو ضرور ملے گی۔ ملازمت پیشہ افراد کے لیے یہ وقت تھوڑا کٹھن ہے۔ بینک سے قرضہ لیا ہوا ہے تو ان کی طرف سے پریشانی آتی دکھائی دیتی ہے۔

25تا31جنوری

قرضہ لینا چاہتے ہیں تو وہ آپ کو ملتا نظر نہیں آ رہا۔ وراثت وغیرہ جیسے مسائل کا شکار ہیں تو اس کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف رہے گی۔ چھوٹے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں تھوڑی بہت اونچ نیچ رہے گی۔ نیز آپ کے ان پر اخراجات بھی ہوں گے۔ اگر پہلے کبھی کسی خطرناک بیماری کا سامنا کر چکے ہیں تو دوبارہ اس کی وجہ سے پریشانی کا سامنا ہوگا۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں اگر کسی پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے تو وہ مسئلہ حل ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ننھیالی رشتہ داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔

سعد تاریخیں	4-9-13-31
نحس تاریخیں	1-2-15-24-28-29
لکی نمبر	5-7-2

اسد

عرصہ حکومت	23 جولائی تا 23 اگست
منسوبی کوکب	شمس
منسوبی حرف	م

خوش قسمت اعداد	9'6'5'1
خوش قسمت پتھر	یاقوت، مرجان
خوش قسمت دن	اتوار، منگل، بدھ
خوش قسمت رنگ	سنہرا، سبز، سرخ

یکم تا 8جنوری

میوزک اور شاعری کی کسی محفل یا کسی ایسی ہی تفریحی مجلس میں جانے کا موقع مل سکتا ہے۔ وہ افراد جنہوں نے کسی کو اُدھار دے رکھا ہے اور واپسی کا مقرر وقت گزر چکا ہے تو رواں دنوں میں کوشش کریں، آپ کو اپنی رقم یا چیز جو دی تھی وہ واپس مل جائے گی۔ آپ کو اپنی خواہشات اور تمناؤں کو پورا کرنے کے لیے سخت محنت کرنا ہوگی، لیکن پھر بھی چند ایک خواہشات اور تمنائیں پوری کر پائیں گے۔ سواری یا جائداد کی خرید وفروخت کرنا چاہتے ہیں تو یہ وقت سعد ثابت ہو گا آپ کو بیش قیمت اور بہتر چیز مل جائے گی۔ سیر وتفریح کے کافی پلان بنا دیں گے لیکن جانا ذرا مشکل سے ہوگا۔ وہ افراد جو انعامی سکیموں، بانڈ وغیرہ کے شوقین ہیں ان کو چاہیے کہ رواں دنوں میں کھیلیں۔ انعام حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے۔

9تا16جنوری

اپنی صلاحیتوں اور مہارت کو ایماندارانہ طریقے سے استعمال کریں، تاکہ ترقی کے سنہری مواقع مل سکیں۔ کوشش کریں تاکہ مرضی کے مطابق نتائج حاصل ہوسکیں۔ تعلیم وتدریس سے وابستہ یا تحریر وتقریر سے وابستہ لوگوں کے ذہن میں نئے خیالات آئیں گے۔ وہ لوگ جن کا کاروبار ہے اُس میں وسعت آئے گی اور ترقی ملے گی۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے فائدہ ہوگا۔ لیکن وہ منافع آپ کی اُمید سے کم ہوگا۔ قرضہ یا اُدھار رقم چاہ رہے ہیں تو اپنے ارادے کو اگلے وقت پر منتقل کر دینا بہتر ہو گا۔ اولاد کی خوشی ملے گی۔ گھریلو ماحول بہتر رہے گا۔ صحت کے حوالے سے پریشانی تھی وہ بھی دور ہو جائے

گی۔ وراثت کا مسئلہ ہے تو وہ حل نہ ہو سکے گا۔ ان ایام میں ذاتی کوشش کے ساتھ دوسرے لوگوں کی مدد بھی ضرور لیں، معاملات کے حل میں تیزی آئے گی۔

17 تا 24 جنوری

وراثتی اُمور کا فیصلہ ہوتا دکھائی نہیں دیتا۔ کسی قسم کے نتائج آتے بھی ہیں تو وہ آپ کے لیے پریشان کن ہوں گے۔ انٹرلیول کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی تعلیم کی طرف توجہ کم رہے گی۔ بہن بھائیوں اور عزیزوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ خواہشات اور اُمیدوں کی تکمیل کے لیے مناسب وقت ہے۔ اندرون ملک سفر پر جانے کے لیے اچھا وقت ہے۔ آپ اپنا مال رفاہی کاموں میں خرچ کریں گے۔ مذہبی مقامات پر بھی جائیں گے۔ شریک کار کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ ملازمین کے ذمے لگائے گئے کام مقررہ وقت تک مکمل ہو جائیں گے۔ وہ افراد جو شراکتی کام کا آغاز کرنا چاہتے ہیں ان کے لیے بہتر یہی ہے کہ رواں دنوں کو گزرنے دیں کیونکہ شراکتی کاروبار اور کسی بھی قسم کے شراکتی کام کے لیے سعد وقت نہیں ہے۔

25 تا 31 جنوری

انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوتا نظر آ رہا ہے۔ آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ بہن بھائیوں، رشتے داروں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا کم رہے گا۔ ملازمت پیشہ افراد کو نوکری میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ صحت کے حوالے سے قابل توجہ وقت ہے۔ قانونی نوعیت کے درپیش مسائل کا شکار ہیں تو ان کا فیصلہ اس عرصے میں ہونا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کام حل ہوتے نظر آ رہے ہیں۔ طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق رہے گی۔

سعد تاریخیں	1-2-6-7-11-20-28-29
نحس تاریخیں	17-18-24
لکی نمبر	8-9-1

عرصہ حکومت	24 اگست تا 22 ستمبر
منسوبی کوکب	عطارد
منسوبی حروف	پ، ژ، غ
خوش قسمت اعداد	6'5'3
خوش قسمت پتھر	پنا، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	سبز، پیلا، سفید

یکم تا 8 جنوری

خاندان کے لوگوں کے ساتھ بحث و مباحثہ اور تکرار کرتے نظر آ رہے ہیں۔ والد کے ساتھ تعلقات بہتر رہیں گے۔ کاروبار میں مالی لحاظ سے فائدہ ہوگا۔ اس کے ساتھ ساتھ عزت اور شہرت میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ چیزوں میں تبدیلی پسند کریں گے۔ تخلیقی سوچ کے حامل ہوں گے۔ وہ خواتین و حضرات جو شادی کی عمر کو پہنچ چکے ہیں، اس عرصہ کے دوران ان کا رشتہ طے ہونے کے امکانات ہیں۔ وہ میاں بیوی جن کے درمیان کسی وجہ سے ناچاقی تھی اس کو دور کرنے کا بہترین وقت ہے۔ آپ کے اخراجات دوستوں کے ساتھ سیر و تفریح پر جانے کی وجہ سے ہوں گے۔ ملازم پیشہ لوگوں کے لیے یہ عرصہ بہتر ثابت ہو گا۔

9 تا 16 جنوری

چھوٹے سفروں، بھابی، بہن، پڑوسیوں اور روزمرہ کے میل جول کے افراد کے ساتھ تعلقات کافی حد تک حساس نوعیت کے ہوں گے۔ ذرا ذرا سی بات پر ناراضگی ہو جائے گی۔ یہ وقت سوشل زندگی میں وسعت لائے گا اور ساتھ ہی ساتھ اجتماعی سرگرمیوں میں بھی وسعت پیدا ہوگی اور ان کے ذریعہ کیریئر اور ذاتی مقاصد یا دونوں میں کامیابی حاصل کرنے کے مواقع ملیں گے۔ انعامی سکیمیں اور بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ آپ کا رجحان عشق و محبت جیسے کاموں کی طرف زیادہ رہے گا۔ قیمتی اشیاء زیورات وغیرہ کی خرید و فروخت آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گی۔ قانونی معاملات کو طے کرنے یا قانون دان حضرات سے مدد لینے کا بہترین وقت ہے۔ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف بڑھے گی۔ وہ افراد جو مستقل بیماری کا شکار ہیں ان کو چاہیے کہ ان ایام میں خاص احتیاط برتیں کسی بھی قسم کی بدپرہیزی نہ کریں۔

17 تا 24 جنوری

ملازمین پر ضرورت سے زیادہ اعتبار کرنا آپ کے لیے نقصان کا باعث بنے گا۔ عزت اور وقار میں اضافہ ہوگا۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو وہ مل جائے گا۔ انعامی سکیمیں، بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے مالی فائدہ کا باعث بنے گا۔ وراثتی اُمور کے فیصلے کے امکانات بہت کم ہیں۔ شریک حیات کے ساتھ تعلقات ساز گار رہیں گے۔ فضول اخراجات میں اضافہ ہوگا۔ علاوہ ازیں مخالفوں اور دشمنوں سے بھی محتاط رہنا ہوگا۔ یہ آپ کے خلاف سازشیں کرتے نظر آ رہے ہیں۔ کاروباری افراد کے لیے یہ عرصہ کام میں فائدہ اور اضافہ لے کر آ رہا ہے۔ مشروبات کا استعمال زیادہ رہے گا۔ ذہنی پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔ بینکوں سے وابستہ کام آسانی سے حل ہو جائیں گے۔

25 تا 31 جنوری

انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس سے کوئی خاص فائدہ ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آتی نظر آ رہی ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر ممکن ہے۔

یہ سفر ذاتی کام کے سلسلے میں بھی ہو سکتا ہے اور سیر وتفریح کے لیے بھی ممکن ہے۔ حکومتی عہدیداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔ معاشرے میں آپ کی عزت میں کمی آتی نظر آ رہی ہے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اونچ نیچ کا سامنا رہے گا۔ یار دوستوں اور رشتے داروں سے ملنا جلنا رہے گا۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف رہے گا۔ نیز آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ زمین، جائیداد اور زیورات وغیرہ کی خرید وفروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ ننھیالی رشتے داروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ حل نہ ہو سکیں گے۔

سعد تاریخیں	4-9-13-31
نحس تاریخیں	20-24
لکی نمبر	9-7-2

عرصہ حکومت	23 ستمبر تا 23 اکتوبر
منسوبی کوکب	زہرہ
منسوبی حروف	ت، ر، ط
خوش قسمت اعداد	9'6'4'1
خوش قسمت پتھر	ہیرا، سفید موتی
خوش قسمت دن	جمعہ، اتوار، منگل
خوش قسمت رنگ	پیلا، نارنجی، گندمی

یکم تا 8 جنوری

وہ لوگ جن کا مقدمہ چل رہا ہے، فیصلہ ہو جانے کی کافی اُمید ہے۔ باقی اگر اس وقت فیصلہ نہ ہوا تو معاملہ لٹک جائے گا۔ اپنے مزاج پر قابو رکھیں۔ غصہ اور جلد بازی کا مظاہرہ نہ کریں، ورنہ اس عرصہ میں ہو سکتا ہے کہ آپ اپنے دشمنوں میں خود ہی اضافہ کریں۔ وہ لوگ جو کام کے سلسلے میں باہر جانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اس عرصہ میں ان کے راستے میں بہت سی رکاوٹیں آئیں گی۔ لیکن اگر آپ نے محنت کی تو انشاء اللہ ان رکاوٹوں کو دور کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔ رواں دنوں میں آپ کو محتاط رہنا اور احتیاط کرنا ہو گی، کیونکہ آپ کے دشمن بھی آپ کے خلاف کام کریں گے اور حادثہ ہونے کا اندیشہ بھی ہے۔ رشتے داروں اور بہن بھائیوں کی وجہ سے اخراجات میں اضافہ ہوگا۔

9 تا 16 جنوری

اشتہاری مہمات میں بھی کامیابی ملے گی۔ معاملات عشق ومحبت کی طرف رجحان بڑھے گا۔ بینک یا کسی اور ادارے سے قرضہ کے لیے اپلائی کیا ہوا ہے یا کرنا چاہتے ہیں تو ان دنوں میں کوشش کریں، ممکن ہے کہ آپ کی خواہش پوری ہو جائے۔ زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید وفروخت کرنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ انعامی سکیمیں بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو اس میں بھی آپ کو مالی فائدہ ہوگا۔ رواں دنوں میں کاروباری حضرات کو دیکھ بھال کر فیصلے اور کسی کاموں میں پیسے لگانے ہوں گے۔ بہتر یہی ہے کہ کسی دوسرے پر اعتماد کی بجائے خود کام کریں۔ حکومتی اداروں سے وابستہ کام حل ہو سکیں گے۔ انٹرلول تک کے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف زیادہ رہے گی۔ گفتگو کے دوران احتیاط کریں، کیونکہ آپ کی زبان سے الفاظ کی ادائیگی ہو گی جو سننے والے کو ناخوشگوار گزرے گی۔ آپ کو اپنی خواہشات کی تکمیل میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا۔

17 تا 24 جنوری

اندرون ملک سفر سے گریز کریں بہن بھائیوں کے ساتھ بھی معاملات میں ناخوشگوار تبدیلی رونما ہو گی۔ انعامی سکیموں، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو ان سے مالی فائدہ کی توقع ہے۔ قانونی معاملات کو حل کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔ امیدیں عملی شکل اختیار کرتی دکھائی نہیں دیتیں۔ حکومتی عہدیداروں سے منسلک کام حل ہو جائیں گے۔ ملازم اور اپنے سے کم درجے کے لوگوں سے زیادہ توقعات وابستہ نہ کریں کیونکہ ان کے ذمے لگائے گئے کام پورے نہ کر سکیں گے۔ دشمنوں کی طرف سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ آپ کو نقصان پہنچانے کی کوشش ضرور کریں گے۔ سوشل کاموں میں دلچسپی لیں گے۔ اخراجات میں کمی آئے گی۔ آپ پیسوں کا استعمال کافی سوچ سمجھ کر کریں گے۔

25 تا 31 جنوری

آپ کے خفیہ دشمن آپ کے خلاف سازش کرتے نظر آ رہے ہیں اور ان کو اپنے مقصد میں کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ ان سے حفاظت کے لیے آپ کے لیے لوح تحفظ بنوانا بہتر رہے گا۔ اس سلسلے میں ادارے سے رجوع کر سکتے ہیں۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو ان کی پریشانی بھی کافی حد تک دور ہو جائے گی۔ آپ کے اپنی ساس کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ آپ کی اُمید کے مطابق حل نہ ہو سکیں گے۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ حاصل نہ ہو سکے گا۔ آپ کے اپنے داماد کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ سیر وتفریح کے پلان بنائیں گے، لیکن جا نہ سکیں گے۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو سفر ممکن ہے، نیز مقصد میں کامیابی ملے گی۔

سعد تاریخیں	6-7-11-20-24
نحس تاریخیں	1-2-22-28-29
لکی نمبر	8-6-4

عرصہ حکومت	24 اکتوبر تا 22 نومبر
منسوبی کواکب	مریخ، پلوٹو
منسوبی حروف	ذ، ز، ض، ظ، ن
خوش قسمت اعداد	8،3،2،1
خوش قسمت پتھر	مرجان، روبی
خوش قسمت دن	اتوار، پیر، منگل، جمعرات
خوش قسمت رنگ	لال، سفید، کریم کلر

یکم تا 8 جنوری

وہ لوگ جن کے ساتھ آپ کے کچھ معاملات حل طلب ہیں ان کے ساتھ بات چیت کرنے کے لیے یہ بہترین وقت ہے۔ اس ہفتہ میں آپ کو لوگوں سے اپنی بات منوانے میں نسبتاً آسانی ہوگی۔ جہاں تک مالی معاملات کا تعلق ہے آپ جلد بازی یا کاہلی کے تحت اپنا مالی نقصان کر بیٹھیں گے۔ زیادہ توقع یہ ہے کہ رقم کا آنا جانا لگا رہے گا۔ اس عرصہ کے دوران سفر کرتے ہوئے، خصوصاً وہ جو مختصر نوعیت کے ہوں، محتاط رہیں۔ دوران سفر یا پھر مشینری وغیرہ کی وجہ سے حادثہ ہو سکتا ہے۔ اس دوران کاروباری شریک کے ساتھ تلخ کلامی اور مالی اُمور پر بدمزگی ہوتی نظر آ رہی ہے۔ تعلیم کے حوالے سے نئے پلان دوستوں کی مدد سے بنائیں گے اور اس سلسلے میں اساتذہ کی مدد ملنے کی قوی امید ہے۔

9 تا 16 جنوری

گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ کسی قسم کی دوریاں یا لڑائی وغیرہ ہے تو معاملات کو حل کرنے کے لیے اچھا وقت ہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کو چاہیے کہ کسی کو اُدھار نہ دیں۔ شراکتی کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں بہتری آئے گی۔ فلاحی کاموں کی طرف کوئی خاص دلچسپی نہ ہوگی۔ یہ ایسا وقت ہے کہ جب آپ خط و کتابت اور اپنی تحریر کے ذریعے دوسروں کو اپنی بات پر آسانی کے قائل کر سکیں گے۔ دشمنوں کی طرف سے محتاط رہنا ہوگا۔ وہ آپ کے سامنے رکاوٹیں پیدا کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ ان ایام میں سفر کریں گے اور

یار دوستوں سے بھی ملنا جلنا رہے گا۔ قریبی رفقا سے مالی اور تعلیمی مدد ملتی نظر آتی ہے۔ قانونی معاملات میں دخل اندازی کرنے سے گریز کریں۔ آپ کو مہنگی پڑ سکتی ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ آپ کے تعلقات اپنی ساس کے ساتھ بہتر رہیں گے۔

17 تا 24 جنوری

تجارت کے لیے موزوں وقت نہیں ہے۔ خاص طور پر زیادہ مالیت کی اشیاء کی تجارت نہ کریں۔ آپ کا گفتگو کا لہجہ سخت اور تنقید بھرا ہوگا۔ اُمیدوں کو پورا کرنے کے لیے بہترین وقت ہے۔ اس لیے اپنی کوششوں کو جاری رکھیں۔ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف رجحان رہے گا۔ گاڑی، موٹر سائیکل وغیرہ کی خریداری کے لیے موزوں وقت ہے۔ آپ کو مناسب قیمت پر اچھی سواری مل جائے گی۔ شریک کار کی طرف سے مالی مدد ملنے کی توقع ہے۔ ذاتی کاروبار سے منسلک افراد کو دیکھ بھال کر چلنا ہوگا۔ کیونکہ یہ عرصہ ان کے لیے سخت ثابت ہوگا۔ آپ اپنا مال اور وقت عشق و محبت کے کاموں میں ضائع کرتے نظر آتے ہیں۔ وراثتی مکان یا جائداد کا مسئلہ چلا آ رہا ہے تو اس دوران کوشش کریں اُمید ہے نتائج آپ کے حق میں آئیں گے۔

25 تا 31 جنوری

انٹر اور اس سے کم درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف کم رہے گی۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہوتے نظر نہیں آ رہے۔ کاروبار سے منسلک افراد کے کام میں کوئی خاص تبدیلی آتی نظر نہیں آ رہی۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، جوا وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند رہے گا۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ اندرون ملک سفر کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔ آپ کے اپنے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے بہتر یہی ہے کہ چھوٹی موٹی خطاؤں کو نظر انداز کر دیں تاکہ تعلقات زیادہ خراب نہ ہوں۔ اندازِ گفتگو میں بہتری آئے گی۔ لوگوں سے کھلے دل سے ملیں تو یہ وقت زیادہ اچھے طور پر بسر ہو سکتا ہے۔

سعد تاریخیں	9-13
نحس تاریخیں	17-18-24
لکی نمبر	0-8-9

عرصہ حکومت	23 نومبر تا 21 دسمبر
منسوبی کوکب	مشتری
منسوبی حرف	ف
خوش قسمت اعداد	5'3'1
خوش قسمت پتھر	پکھراج' پنا' روبی
خوش قسمت دن	بدھ' جمعرات' اتوار
خوش قسمت رنگ	پیلا' ہلکا زرد

یکم تا 8 جنوری

معاشرے میں عزت و وقار میں اضافہ ہوگا۔ ساتھ ساتھ اس عرصہ میں بیرونی معروفیت بھی بڑھ جائے گی۔ اس بات کا امکان ہے کہ تھوڑے بہت اخراجات ذاتی نمود و نمائش کے لیے بھی کیے جائیں۔ صاحب حیثیت لوگ خاص کر خاندان سے تعلق رکھنے والے آپ کی مدد کو آسکتے ہیں۔ وہ افراد جن کی ترقی یا اضافہ تنخواہ وغیرہ متوقع ہے اس حوالے سے ان کو ایک حد تک کامیابی کی اُمید لگانی چاہیے۔ ایسے کاروباری افراد جو اپنے معاملات میں زیادہ تر ملازمین پر انحصار کرتے ہیں۔ یہ ایسا وقت ہے جس میں ان کو محتاط رہنا ہوگا۔ بہتر ہے کہ زیادہ وقت اپنے کام/ کاروبار کو دیں۔ بڑی رقم ملازم کے ہاتھ میں نہ دیں۔ چوری، فراڈ یا دھوکہ ہونے کا امکان ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تمام حسابات کو ضرور چیک کریں یا کروائیں۔

9 تا 16 جنوری

یہ وقت مالی امور میں بہتری کو ظاہر کر رہا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ آپ کی خواہشات بھی پوری ہوتی نظر آتی ہیں۔ وہ لوگ جن کا امپورٹ ایکسپورٹ کا کام ہیں۔ ان کو اس وقت میں بہت زیادہ منافع ہونے کی توقع نہیں۔ بیرون ملک سفر کے اسباب کم ہیں۔ بہن بھائیوں، رشتے داروں اور ہمسایوں سے میل ملاقات ہوگی۔ انعامی سکیمیں، بانڈ نمبر، شیئر وغیرہ سے مالی فائدہ حاصل ہوگا۔ عاشق و معشوق کے ساتھ معاملات میں تھوڑی بہت خرابی متوقع ہے۔ ساس ہیں تو بہو کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ گاڑی، زمین و جائیداد وغیرہ کی خرید و فروخت کرنا آپ کے لیے نقصان دے رہے گا۔ کسی بیماری کا شکار ہیں تو آپ کو تھوڑی بہت پریشانی کا سامنا ہوگا۔ کھانے پینے کا شوق رہے گا۔ اس سلسلے میں یار دوستوں کے ساتھ بھی کھانا پینے کے لیے جانے کا موقع مل سکے گا۔

17 تا 24 جنوری

اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بیرون ملک سفر کی کوشش کر رہے ہیں تو ان دنوں میں آپ کے سفر کے امکانات نہیں بن رہے اور نہ ہی بیرون ملک سفر کے حوالے سے یہ موزوں دن ہیں۔ آپ کا مزاج سخت اور گرم رہے گا۔ شریک حیات کے ساتھ اچھا وقت گزرے گا۔ شریک کار آپ کے لیے مالی فائدہ کا باعث بنے گا۔ قانونی معاملات کو انجام دینے کے لیے سعد وقت نہیں ہے۔ زندگی میں چھوٹے چھوٹے مسائل آئیں گے۔ والد کی طرف سے مدد ملے گی۔ کاروبار سے منسلک افراد مالی فائدہ حاصل کرتے نظر آتے ہیں۔ علاوہ ازیں اندرون ملک تجارت کرنا بھی فائدہ مند رہے گا۔ بہن بھائیوں سے ملنا جلنا ہوگا۔ نوکری کے حوالے سے کوئی بھی فیصلہ بہن بھائیوں کے مشورے سے کرنا مفید رہے گا۔

25 تا 31 جنوری

آپ کے اپنے چھوٹے بہن بھائیوں اور قریبی رشتے داروں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آرہی ہے۔ اندرون ملک سفر کرنا آپ کے لیے نقصان دہ ثابت ہوگا۔ مذہبی مقامات کی زیارتیں اندرون شہر ممکن ہیں لیکن بیرون شہر ممکن نہیں۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام درپیش ہیں تو وہ حل ہو جائیں گے۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو وہ مقررہ وقت پر حل نہ ہو سکیں گے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں تو کوشش کریں آپ کو کامیابی ملتی نظر آرہی ہے۔ وراثت وغیرہ کا مسئلہ اگر قانونی نوعیت کی شکل اختیار نہیں کر چکا تو وہ حل ہو جائے گا۔ خاندانی یا ذاتی زمینیں ہیں تو اس سے بھی آپ کو فائدہ ہوتا نظر آرہا ہے۔

سعد تاریخیں	1-2-11-15-24-28-29
نحس تاریخیں	17-18-26
لکی نمبر	4-0-1

عرصہ حکومت	22 دسمبر تا 19 جنوری
منسوبی کوکب	زحل
منسوبی حروف	خ' ج' گ
خوش قسمت اعداد	8'6'5
خوش قسمت پتھر	نیلم' ہیرا
خوش قسمت دن	بدھ' جمعہ' ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا' سفید' سبز

یکم تا 8 جنوری

مجموعی طور پر آپ کی توجہ چھوٹے بہن بھائیوں، عزیزوں اور رشتے داروں کی طرف ہوگی۔ دوسرے شہر سفر کرنے کا موقع ملے گا۔ سفر کرنے کے دوران اخراجات زیادہ ہوں گے۔ اگر آپ کے جاننے والے بیرون ملک رہتے ہیں تو اچھی خبر موصول ہو سکتی ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو اپنے دفتری کام کی طرف خاصی توجہ دینی ہوگی۔ ترقی یا تنخواہ میں اضافہ کی خواہش پوری ہونے کی توقع نہیں ہے۔ انعامی سکیموں، بانڈ نمبروں وغیرہ سے انعام متوقع ہے۔ لیکن یہ پیسہ کسی کام میں خرچ کرنے کی بجائے عیاشی میں ضائع کر دیں گے۔ موسیقی سننے کی طرف رجحان رہے گا اور متعدد فلمیں بھی دیکھیں گے۔

9 تا 16 جنوری

ملازمت پیشہ افراد کے ساتھ ساتھ کاروباری افراد کے لیے بھی اچھا وقت ہے اور وہ کاروبار میں اضافہ اور اچھا منافع حاصل کر سکیں گے۔ ملازمت پیشہ افراد کو ترقی ملنے یا تنخواہ میں اضافہ کے امکانات ہیں۔ گفتگو کے انداز میں بہتری آئے گی۔ آپ کے لیے دوسرے کو اپنی بات سمجھنا مشکل نہ ہوگا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند ثابت ہوگا۔ قرضہ لینے کی گئی کوشش کے بہتر نتائج سامنے نہ آئیں گے۔ وراثتی معاملات بھی آ کھڑے ہوں گے۔ اولاد کے معاملات میں دلچسپی لیں گے۔ ان کے روزگار اور تعلیمی معاملات میں ان کو مشورہ اور مدد کرنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے۔ جائے پیدائش سے منتقلی کے لیے مناسب وقت نہیں ہے۔

17تا24جنوری

غیر ضروری اخراجات پر قابو نہ پا سکیں گے۔ قرض دی ہوئی رقم واپس حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تو آپ کی ان کوششوں کا کوئی نتیجہ نہ نکل سکے گا۔ اولاد اور شریک حیات کے ساتھ تعلقات خوشگوار رہیں گے۔ آپ کو اکثر بری سوچیں اور خیالات آئیں گے۔ علوم مخفی میں زیادہ دلچسپی رہے گی۔ صحت خراب ہے تو جسمانی علاج کے ساتھ روحانی علاج کی بھی ضرورت ہے۔ (روحانی علاج کے سلسلے میں آپ ہمارے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں)۔ ماں کے بہن بھائیوں سے اگر کوئی ہے تو آپ کہ پاس اب وقت ہے کہ آپ ان کی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ وہ افراد جن کی ترقی کے امکانات کافی دیر سے بنے ہوئے تھے ان دنوں میں بات آگے چلتی نظر آ رہی ہے۔

25تا31جنوری

آپ کی توجہ اپنی ذات کی طرف کم رہے گی۔ مالی حالات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ بہتر ہوگا کہ آپ اخراجات میں کمی لائیں، ورنہ معاملات خطرناک شکل بھی اختیار کر سکتے ہیں۔ ملازمت سے وابستہ افراد کو کام میں چند ایک مسائل کا سامنا ہوگا۔ آپ کا انداز گفتگو لوگوں کے ساتھ سخت رہے گا۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے تھے تو رواں عرصے میں آپ کو کامیابی ملتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ اگر ناراضگی تھی تو وہ بھی دور ہو جائے گی۔ آپ کا رجحان مذہبی کاموں کی طرف کم رہے گا۔ کاروباری حضرات کو کام میں منافع حاصل ہوگا، لیکن ان کو اس کے لیے محنت زیادہ کرنا ہو گی۔ اعلیٰ درجے کی تعلیم حاصل کرنے والے طالب علموں کی توجہ تعلیم کی طرف ضرورت کے مطابق نہ ہو گی۔

سعد تاریخیں	4-13-31
نحس تاریخیں	1-2-15-22-28-29
لکی نمبر	9-4-7

عرصہ حکومت	20 جنوری تا 18 فروری
منسوبی کواکب	زحل، یورانس
منسوبی حروف	س، ش، ث، ص
خوش قسمت اعداد	8,6,3
خوش قسمت پتھر	نیلم، پکھراج، ہیرا
خوش قسمت دن	جمعرات، جمعہ، ہفتہ
خوش قسمت رنگ	نیلا، گلابی، ہرا

یکم تا 8جنوری

مجموعی طور پر آپ کی توجہ سیر و تفریح کی طرف رہے گی۔ ایسے پروگرام دیکھنے کا اتفاق ہوگا جن میں موسیقی وغیرہ ہو گی۔ اچانک روپے ملنے کے چانسز ہیں۔ اگر کسی دوست سے روپے اُدھار مانگیں گے تو مل سکیں گے اور اگر آپ نے کسی دوست کو روپے بطور قرض دیئے ہوئے ہیں تو طلب کرنے پر ملنے کی توقع کی جا سکتی ہے۔ نئے لوگوں سے بھی رابطہ ہوگا، جو آپ کے لیے خوشی کا سبب بنیں گے۔ آپ کے انداز گفتگو سے متاثر ہو کر یہ لوگ آپ کے دوست بنیں گے۔ مشروبات کا استعمال زیادہ کریں گے۔ طوالت بیماری کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ شادی بیاہ اور تقریبات کی دعوت ملے گی، لیکن جا نہ پائیں گے۔

9تا16جنوری

وہ افراد جن کا امپورٹ ایکسپورٹ کا کام ہے ان کو دو ان دنوں میں کافی منافع ہونے کی توقع ہے۔ وہ لوگ جو بیرون ملک سفر کے خواہش مند ہیں ان کو چاہیے کہ ان ایام میں اپنی کوشش کو مزید تیز کر دیں۔ انشاء اللہ کامیابی ضرور ملے گی۔ سوشل کاموں میں آپ کی دلچسپی بڑھے گی۔ ساس کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ بھی دور ہوتی نظر آ رہی ہے۔ شریک حیات کے ساتھ معاملات میں اونچ نیچ رہے گی۔ قانونی معاملات کو طے کرنے کے لیے مناسب وقت ہے۔ اگر عدالت میں کیس چل رہا ہے تو ممکن ہے کہ رواں دنوں میں فیصلے آپ کے حق میں رہیں۔ گھریلو ماحول خوشگوار رہے گا۔ خاندان کے لوگوں کے ساتھ وقت گزارنا پسند کریں گے۔ دشمنوں سے محتاط رہنا ہوگا، ان کی نیت صحیح نہیں ہے۔ عمر میں بڑے لوگوں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں، حل ہو جائیں گے۔ اندرون ملک سفر کے امکانات نہیں ہیں۔

17تا24جنوری

شریک حیات کے ساتھ زبانی لڑائی ہو گی۔ آپ کی نظر شریک کار کے مال پر رہے گی۔ انعامی بانڈ نمبر وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کا انعام نکل آئے گا لیکن وہ شخص جس کے پاس آپ نے پیسے لگائے تھے وہ آپ کا حصہ آسانی سے نہ دے گا۔ ذہنی پریشانیوں سے بھی کافی حد تک نجات مل جائے گی۔ اُمیدوں اور خواہشات کو عملی شکل دینے کے لیے سعد وقت نہیں ہے۔ سواری وغیرہ کی انشورنس کروائیں گے۔ صحت میں بہتری آئے گی۔ ساس کے ساتھ تعلقات

میں اونچ نیچ رہے گی۔ سفر کے حوالے سعد وقت ہے، یہ سفر عمرہ کے لیے بھی ہو سکتا ہے۔ علوم مخفی میں بھی دلچسپی رہے گی۔ خط و کتابت کا جنون دوبارہ سے اُجاگر ہوگا۔

25 تا 31 جنوری

اولاد کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں کی وجہ سے پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ آپ کی چند ایک خواہشات پوری ہوتی نظر آ رہی ہیں۔ بہن بھائیوں کے ساتھ ناراضگی تھی تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی۔ انعامی سکیمیں، لاٹری وغیرہ کھیلنا آپ کے لیے فائدہ مند نہ رہے گا۔ رشتے داروں اور یار دوستوں کے ساتھ ملنا جلنا رہے گا۔ آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی، نیز ان کے ساتھ سیر و تفریح کے لیے بھی جائیں گے۔ آپ کی توجہ اپنی ذات پر کم رہے گی۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ قرضہ لینا چاہتے ہیں یا کوشش کر رہے ہیں تو آپ کو کامیابی ملتی نظر نہیں آ رہی۔

سعد تاریخیں	1-2-6-7-15-20-28-29
نحس تاریخیں	17-18-22
لکی نمبر	4-0-8

حوت

عرصہ حکومت	19 فروری تا 20 مارچ
منسوبی کواکب	مشتری، نیچون
منسوبی حروف	ج، د
خوش قسمت اعداد	3، 6، 9
خوش قسمت پتھر	پکھراج، مرجان، مونگا
خوش قسمت دن	منگل، جمعرات، جمعہ
خوش قسمت رنگ	ہلکا براؤن، لال، نارنجی

یکم تا 8 جنوری

یہ عرصہ کام اور کاروبار میں رکاوٹیں لائے گا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ ایک اچھی آفر محض اس لیے رد کر دیں کہ آپ ذہنی طور پر پُرسکون نہ ہوں۔ گھریلو ماحول کی طرف توجہ رہے گی۔ اس کے علاوہ گھر کی تزئین و آرائش کی طرف بھی توجہ دیں گے۔ گھر، جائیداد یا سواری کی خریدنے کے لیے یہ وقت مناسب نہیں ہے، آپ کو اپنی خواہش کی چیز ملنے کے امکانات کم ہیں۔ یار دوستوں کے ساتھ بیٹھ کر گپ شپ لگائیں گے۔ شریک حیات اور ساس کے ساتھ تعلقات میں بہتری کی اُمید پیدا ہوگی نیز ان کے ساتھ وقت گزارنے میں خوشی محسوس کریں گے۔ اعلیٰ افسران اور صاحب حیثیت لوگوں کی وجہ سے آپ کے کئی ایک کام حل ہو جائیں گے۔

9 تا 16 جنوری

اپنے روزگار کو مستحکم کرنے کے لیے سخت محنت سے فرائض کو انجام دینا بہت ضروری ہے۔ جو افراد کوئی سواری خود چلاتے ہیں ان کو بھی ان ایام میں نہایت احتیاط کرنا ضروری ہے۔ قرضہ لینے کی کوشش کر رہے ہیں تو رواں دنوں میں رقم ملنے کی توقع ہے۔ انعامی بانڈ، لاٹری وغیرہ سے آمدن ہونے کی توقع نہیں ہے۔ بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں بہتری آئے گی۔ وہ اخراجات جو ان کے اوپر ہو رہے ہیں اس میں بھی خاطر خواہ کمی آئے گی۔ اولاد کے ساتھ تھوڑی بہت ناراضگی ہوگی۔ شادی بیاہ اور دوسری تقریبات میں آپ کی شرکت کم رہے گی۔ زمین و جائیداد کی خرید و فروخت کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو یہ وقت اس کام کے لیے بہتر ثابت نہ ہوگا۔ اعلیٰ افسران سے وابستہ کام با آسانی حل ہو جائیں گے۔ گفتگو کے دوران خاصی احتیاط کریں۔ ممکن ہے کہ لوگ آپ کی بات کا وہ مطلب نہ لیں جو آپ کہنا چاہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معاملات میں خرابی بھی آ سکتی ہے۔

17 تا 24 جنوری

کاروبار کے حوالے سے جو بھی قدم اُٹھائیں اس کے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھیں کیونکہ کے رواں دنوں میں آپ سے بڑی غلطی سرزد ہو سکتی ہے اور اس کا اثر آپ کی صحت پر بھی ہوتا نظر آتا ہے۔ دشمنوں کی طرف سے محتاط رہنے کی ضرورت ہے کیونکہ آپ کے خلاف سازشوں میں مصروف رہیں گے۔ آپ اپنا مال رفاعی کاموں میں بھی خرچ کریں گے۔ اندرون ملک سفر کرتے ہیں تو اس حوالے سے کسی قسم کی سنگین پریشانی آنے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ قانونی مسائل میں پھنسے ہوئے ہیں تو ان کا کوئی نہ کوئی حل ضرور نکل آئے گا۔ شریک کار کی طرف سے مالی مدد ملنے کی توقع ہے۔ وہ طالب علم جنہوں نے داخلہ کے لیے ٹیسٹ دیئے ہوئے ہیں ان کے نتائج اچھے آئیں گے۔ بہن بھائیوں سے مدد کی درخواست کرتے ہیں تو وہ ضرور پوری ہوگی۔

25 تا 31 جنوری

آپ کے اپنے بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات میں خرابی آتی نظر آ رہی ہے۔ یار دوستوں اور بڑے بہن بھائیوں کے ساتھ ملنا جلنا بھی کم رہے گا۔ انعامی سکیمیں، لاٹری، بانڈ وغیرہ کھیلتے ہیں تو آپ کو اس سے فائدہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ اولاد کے ساتھ ناراضگی ہے تو وہ دور ہو جائے گی اور تعلقات میں بہتری آئے گی اور وہ آپ کے حکم کی تکمیل بھی کریں گے۔ آپ کے اپنے شریک حیات کے ساتھ تعلقات میں خرابی آئے گی۔ کاروبار سے وابستہ افراد کو کام میں پریشانیوں کا سامنا ہوگا۔ آپ کے اخراجات میں اضافہ ہوتا نظر آ رہا ہے۔ ملازمت پیشہ افراد کو کام میں اگر کسی پریشانی کا سامنا ہے تو وہ دور ہو جائے گی۔ حکومتی اداروں سے وابستہ اگر کوئی کام ہیں تو کوشش کریں وہ حل ہو جائیں گے۔

سعد تاریخیں	4-9-31
نحس تاریخیں	20-26
لکی نمبر	6-2-0

☆☆☆☆☆

یونس مسعود، لاہور

نظرِ بد

حقائق، تدارک اور علاج

تعارف :

شیطانی اثرات میں سے ایک اثر ''نظرِ بد'' بھی ہے۔ انسانوں اور جنات کا دوسرے انسانوں کو اپنی نظروں کے ذریعے نقصان پہنچانا نظرِ بد کہلاتا ہے۔

بعض اشخاص میں یہ صفت پائی جاتی ہے کہ جب وہ کسی چیز یا شخص کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھتے ہیں تو اُن کے دل میں ایک خاص قسم کی زہریلی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کیفیت کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اس چیز یا شخص کو نقصان پہنچ جاتا ہے۔ اِس اثر کو عرفِ عام میں نظر لگ جانا کہتے ہیں۔

بعض تعلیم یافتہ اور نا تجربہ کار افراد نظرِ بد کے قائل نہیں ہیں۔ اُن کے خیال میں ایک چیز دوسری چیز میں اُسی وقت اثر کرتی ہے جب دونوں ایک دُوسرے کو چھو لیں اور نظرِ بد میں چونکہ یہ بات موجود نہیں ہوتی، اِس لئے وہ سمجھتے ہیں کہ نظرِ بد کے اثر کا قائل ہونا گویا ایک بے حقیقت چیز پر یقین کرنا ہے۔

جبکہ حقیقت یہ ہے کہ کسی چیز پر اثر ڈالنے کے لئے یہ بالکل ضروری نہیں کہ اُسے چھو لیا جائے۔ چھو لینا اثر ڈالنے کے مقاصد یا ذرائع میں سے صرف ایک ذریعہ ہی ہے۔ اس کے علاوہ بھی کئی طریقوں سے اثر ڈالا جا سکتا ہے۔ جیسے مقناطیس جب لوہے کے سامنے لاتے ہیں تو وہ اسے اپنی طرف کھینچ لیتا ہے، علم مسمیریزم جاننے والا اپنے معمول کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اسے بے ہوش کر دیتا ہے، مسلمان صوفیاء اور ہندوستان کے جوگی وغیرہ دُور بیٹھ کر رُوحانی توجہ دیتے ہیں، قوتِ متخیلہ کے ذریعے اثر یعنی جنگلوں میں فرضی صور تیں آنکھوں کے سامنے کھڑی کرنا (جو عموماً ڈرپوک آدمیوں کے ساتھ پیش آتا ہے) وغیرہ۔ یہ اثرات ہمارے روزمرہ کے مشاہدات ہیں حالانکہ ان میں سے کوئی چیز بھی متاثر ہونے والی اشیاء سے مَس (Touch) نہیں ہوتی۔ معلوم ہوا کہ اثر ڈالنے کے لئے جسمانی اتصال ضروری نہیں ہے۔ اسی طرح نظرِ بد میں بھی چونکہ دو چیزوں کا بظاہر اتصال نہیں ہوتا لیکن ایک رُوح کا پرتو دُوسری پر پڑ کر اُسے نقصان پہنچا دیتا ہے۔

نظرِ بد دراصل فطری طور پر بعض انسانوں میں ایک خاص قسم کی لہریں (Waves) ہوتی ہیں جو اُن کے مزاج اور اُن کے وجود میں ہوتی ہیں۔ جب وہ کسی چیز کو حسرت سے دیکھتے ہیں تو وہ ٹوٹ پھوٹ جاتی ہے یا اُسے نقصان ہو جاتا ہے۔ بعض حکماء کا خیال ہے کہ نظر لگانے والے شخص کے دل پر جب ایک بری کیفیت طاری ہوتی ہے تو اس کی آنکھوں سے زہریلی شعاعیں (Waves) نکلنے لگتی ہیں جو متاثر ہونے والی چیز میں پیوست ہو کر اُسے نقصان پہنچا دیتی ہیں۔ بعض ان کو باریک شراروں سے تعبیر کرتے ہیں جو دکھائی نہیں دیتے اور اس چیز میں سرایت کر کے اُسے بیمار یا ہلاک کر دیتے ہیں۔

قدیم عرب میں بھوکے رہ کر اور فاقہ کشی کر کے نظرِ بد کو باقاعدہ کیا جاتا تھا اور پھر ارادتاً کسی کو دیکھ کر (کہ بہت اچھا جوان ہے) نظر بد لگائی جاتی تو اس کا نقصان ہو جاتا۔

نظرِ بد کا اثر انسانوں کے علاوہ مال و اسباب، پالتو جانور اور دیگر اشیاء پر بھی ہوتا ہے۔ کیونکہ یہ روزمرہ مشاہدات کے علاوہ کئی احادیث سے بھی ثابت ہے، اس لئے اس کا انکار کرنے والا مطلق جاہل اور گویا فرمانِ نبوی ﷺ کا انکاری تصور ہوگا۔

احادیث کی روشنی میں:

۱۔۔۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نظرِ بد سے اللہ کی پناہ طلب کرو کیونکہ نظرِ بد کا لگنا حق ہے۔'' (ابنِ ماجہ ۳۵۰۸/۲۸۲)

۲۔۔۔سیّدنا ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ انسانی اور جناتی نظرِ بد سے پناہ مانگا کرتے تھے لیکن جب معوذتین (سورۃ فلق، سورۃ الناس) نازل ہوئیں تو آپ ﷺ نے پناہ کے دیگر الفاظ کا استعمال ترک فرما دیا اور اکثر یہی وِرد فرمایا کرتے تھے۔'' (ترمذی، ابنِ ماجہ، نسائی)۔

۳۔۔۔ایک اور مقام پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نظرِ بد کا لگنا حق ہے اور انسانوں کو یہ اونچی جگہ سے نیچے گرا سکتی ہے۔'' (صحیح الجامع: ۱۶۸۱)۔

۴۔۔۔حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''نظرِ بد انسان کو موت تک اور اُونٹ کو ہانڈی تک پہنچا دیتی ہے'' (صحیح الجامع: ۴۱۴۴، الصحیحۃ: ۷۴۷)۔

۵۔۔۔نظرِ بد کے اثرات کی وضاحت کرتے ہوئے حضور ﷺ نے فرمایا: ''اللہ کی قضا اور تقدیر کے بعد سب سے زیادہ اَموات میری اُمت میں نظرِ بد کی

وجہ سے ہوں گی۔" (صحیح الجامع: ۱۲۰۶)۔

۶۔۔۔سیّدہ اُمِ سلمٰی رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ایک لڑکی کے چہرے پر کالا یا پیلے رنگ کا نشان دیکھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "اِسے نظر بد لگ گئی ہے اس پر دَم کرو" (صحیح مسلم: ۲۱۹۷)۔

۷۔۔۔حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے نظر بد کے معاملے میں دَم کرنے کا مشورہ دیا (صحیح مسلم: ۲۱۹۵)۔

۸۔۔۔حضور ﷺ نے فرمایا: "نظر حق ہے، اور اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت لے جانے والی ہوتی تو وہ نظر بد ہوتی" (ابنِ ماجہ: ۲۸۲۹)۔

مندرجہ بالا اَحادیث سے بخوبی علم ہوتا ہے کہ:

☆ نظر بد کا لگنا حق ہے۔
☆ نظر بد سے پناہ مانگنی چاہیے۔
☆ نظر بد کے اثرات افسردگی اور طبیعت کی بے چینی سے لے کر موت تک ہو سکتے ہیں۔
☆ نظر بد انسانوں کے علاوہ جانوروں کو بھی اسی طرح لگ سکتی ہے۔
☆ اُمت محمدیہ ﷺ میں اموات کا ایک سبب نظر بد بھی ہے۔
☆ نظر بد انسانوں کے علاوہ دُوسری مخلوقات جیسے جنات کی بھی لگ سکتی ہے۔
☆ نظر بد کے لئے دَم کرانا سنتِ نبوی ﷺ سے ثابت ہے۔
☆ سورۃ فلق اور سورۃ الناس کو نظر بد کے سلسلے میں اِستعمال کیا جاسکتا ہے۔

تدارک:

اس سلسلے میں پہلے کچھ احادیث کا مطالعہ کرتے ہیں:

۔۔۔حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ نے ایک بار سہیل بن حنیف رضی اللہ عنہ کو نہاتے ہوئے دیکھا۔ جب اُن کے بدن کی طرف نظر پڑی تو کہنے لگے: "اللہ کی قسم! میں نے کسی مرد کا ایسا خوبصورت جسم دیکھا ہے اور نہ کسی عورت کا۔" یہ کہنا تھا کہ سہیلؓ اُسی وقت بے ہوش ہو کر گر پڑے۔ بعض کتب میں ہے کہ آپؓ کو سخت بخار ہو گیا۔

یہ خبر رسول اللہ ﷺ کو پہنچی تو آپ ﷺ عامرؓ سے ناراض ہوئے اور فرمایا: "اپنے بھائی کو کیوں ہلاک کرتا ہے، جب تو نے اُس کے بدن کی خوبصورتی دیکھی تو اُس کیلئے برکت کی دُعا کیوں نہ کیا اور کیوں نہ کہا: اَللّٰھُمَّ بَارِک عَلَیہ۔ اگر تو اِس بات کو کہتا تو تیری نظر اُسے نہ لگتی۔" پھر فرمایا: "اب اُس کے لئے اپنے اعضاء کو دھو (یعنی غسل کر)"۔ چنانچہ حضرت عامرؓ نے ایک برتن میں غسل کیا، پھر یہی پانی سہیلؓ پر ڈال دیا۔ یہ کرنا ہی تھا کہ حضرت سہیل رضی اللہ عنہ اسی وقت ہوش میں آ کر کھڑے ہو گئے۔ (ابنِ ماجہ: ۳۵۰۹)۔

۔۔۔حضرت ابوسعید خدریؓ نے حضرت عائشہؓ سے روایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سرورِ کائنات ﷺ نے فرمایا: "کسی بھی شئے کو دیکھنے اور پسند کرنے پر "مَاشَاءَ اللہ" اور "بَارَکَ اللہ" کے الفاظ بولے جائیں تاکہ اُس کی نظر اِستحسان (پسندیدگی کی نظر) کا بُرا اثر نہ ہو" (مسند احمد بن حنبل: ۱۵۷۰۰)۔

ان احادیث سے بخوبی علم ہوتا ہے کہ:

☆ نظر بد لگانا حضور ﷺ کی ناراضگی کا باعث ہے۔
☆ نظر بد کے علاج کے لئے غسل کرانے کا طریقہ بھی مسنون ہے مگر موجودہ حالات کے پیشِ نظر ایسا کرنا ناممکن نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ پھر بعض صورتوں میں یہ بھی علم نہیں ہوتا کہ نظر لگانے والا کون ہے۔
☆ جب کوئی شخص یا چیز اچھی اور خوبصورت لگے تو اُسے دیکھتے ہوئے مَاشَاءَ اللہ، بَارَکَ اللہ اور اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلَیہِ کے اَلفاظ کہے جائیں تاکہ ہماری نگاہوں کا کوئی بُرا اثر نہ ہو۔ (یہ الفاظ محض زبان سے پڑھ لینا کافی نہیں بلکہ دلی کیفیت اور نیت بھی پاکیزہ ہونی چاہئے)۔ (مسند احمد بن حنبل: ۱۵۷۰۰)۔
☆ جس چیز کو نظر لگنے کا اندیشہ ہو اُس میں ایک ایسا عارضی نقص پیدا کر دینا چاہئے جس کی وجہ سے وہ نظر بد سے محفوظ رہ سکے۔ امام بغویؒ نے شرح السنہ میں روایت کی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ایک خوبصورت لڑکے کو دیکھا جس کو کئی دفعہ نظر لگ چکی تھی۔ آپؓ نے اُس کے رشتہ داروں کو مشورہ دیا کہ اس لڑکے کی ٹھوڑی کو سیاہ کر دو تاکہ اس کو نظر نہ لگ سکے۔

اسی طرح بعض ہندو اپنے نئے مکان کے سامنے والے حصے میں ایک ہنڈیا جس پر کالا بھیانک چہرہ بنا ہوتا ہے، لگا دیتے ہیں اِس لئے جو شخص نئے مکان پر نظر ڈالتا ہے تو وہ اس ہنڈیا پر پڑتی ہے اور عمارت کی طرف سے اُس کا دھیان ہٹ جاتا ہے نتیجتاً مکان نظر بد سے محفوظ رہتا ہے)۔

☆ کسی شخص یا چیز کو حسرت بھری، رشک آمیز نگاہوں سے یا بلاوجہ دیر تک اور بہت غور سے بھی نہ دیکھا جائے۔
☆ جس شخص کی نظر زیادہ لگتی ہو اُسے چاہئے کہ کسی چیز کو دیکھ کر تعجب نہ کیا کرے اور مذکورہ بالا اَلفاظ کہے تاکہ وہ دُنیا کی بدنامی اور آخرت کے عذاب سے بچ سکے۔

چند حقائق:

☆ عموماً دیکھا گیا ہے کہ کچھ لوگوں کی نظر بد بالکل نہیں لگتی اور کچھ لوگوں کی بہت زیادہ لگتی ہے کیونکہ مفکرین کے مطابق یہ ایک قسم کا زہر ہے جسے حق تعالیٰ نے بعض آدمیوں اور جنوں کی آنکھوں میں رکھا ہے جیسے بچھو کی دم میں زہر ہوتا ہے اور سانپ کے دانتوں میں۔

☆ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ اَغیار کی بجائے اپنوں (مثلاً والدین اور رشتہ دار وغیرہ) کی نظر بد زیادہ لگتی ہے، کیونکہ یہی لوگ حسرت بھری یا رشک آمیز نگاہوں سے زیادہ دیکھتے ہیں، بہ نسبت اغیار کے۔ اِس کے علاوہ آدمی کو اپنی نظر بھی لگ سکتی ہے۔

☆ نظر بد والے مریض کو عموماً اِس بات کا احساس بالکل نہیں ہوتا کہ مجھے نظر بد لگی ہوئی ہے، لیکن جب اس کا اثر ختم ہو جائے تو اُسے اپنی طبیعت میں بہتری اور شفایابی واضح نظر آتی ہے۔

☆ اکثر حالات میں لوگ پہلے نظر بد کا شکار ہوتے ہیں بعد میں انہیں جسمانی امراض لاحق ہو جاتے ہیں۔ پھر جسمانی امراض سے اُس وقت تک مکمل شفایابی حاصل نہیں ہوتی جب تک پہلے نظر بد کا علاج نہ ہو۔ جبکہ یہ بھی ہوتا ہے کہ محض اَمراضِ جسمانی ہوتے ہیں اور نظر بد کا اثر بالکل نہیں ہوتا اور یہ بھی ضروری نہیں کہ اس کے اثر سے آدمی بیمار ہی ہو جائے، اس کے دیگر بُرے اثرات بھی ممکن ہیں۔

☆ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ بڑے شہروں اور ترقی یافتہ علاقوں کی نسبت دیہات اور پس ماندہ علاقوں میں نظر بد کے شکار افراد زیادہ ہوتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ترقی یافتہ علاقوں میں ہر شخص اپنے روزمرہ کاموں میں اس قدر مصروف ہوتا ہے کہ اُسے دوسروں کی طرف تعجب یا حسرت سے دیکھنے کا وقت ہی نہیں ملتا جو نظر بد کے لئے ضروری ہے۔

☆ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ جتنا زیادہ انسان متقی اور پرہیز گار ہوگا اسی حساب سے اُس کی نظر بد نہیں لگے گی کیونکہ دراصل یہ ایک شیطانی اثر ہے۔

☆ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ عام انسانوں کو نظر بد بہت کم لگتی ہے اور زیادہ صلاحیتوں اور خوبصورتی کے حامل افراد اس کے زیادہ شکار ہوتے ہیں۔

☆ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ پہلے والے ادوار کی نسبت عصر حاضر میں نظر بد زیادہ لگتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم لوگ شیطان کے زیادہ قریب اور اپنے مالک سے دُور ہوتے جا رہے ہیں، اسی لئے نظر بد جیسے شیطانی اثرات بھی آسانی سے طاری ہو جاتے ہیں۔

☆ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ جسے نظر بد لگی ہو اُس کی نظر بد زیادہ لگتی ہے۔

☆ مشاہدہ کیا گیا ہے کہ بڑوں کی نسبت بچوں کو نظر بد زیادہ لگتی ہے۔

☆ جو شخص جتنا زیادہ حساس ہوگا اسی قدر جلد نظر بد یا جادُو کا شکار ہوگا۔ یہ حساسیت اکثر ستاروں کی نحوست یا اُن کی کمزور پوزیشن کی وجہ سے بھی ہو سکتی ہے، لہٰذا اگر کوئی شخص مسلسل نظر بد کا شکار رہتا ہو تو اُس کے زائچے میں ستاروں کی پوزیشن دیکھ لینی چاہئے، اگر وہ کمزور ہوں تو متعلقہ سیارے کی لوح یا نقش بنوا کر پاس رکھنا چاہئے۔

علاج:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے بچھو کے ڈنگ، نظر بد اور بغلی پھوڑوں پر پڑھ کر پھونکنے کی اجازت دی ہے۔ (صحیح مسلم)۔

حدیث شریف میں ہے کہ حضور ﷺ نظر بد کے لئے حسنین کریمینؓ پر حسبِ ذیل وظیفہ دَم فرمایا کرتے تھے اور فرماتے کہ میرے دادا حضرت ابراہیم علیہ السلام اپنے صاحبزادوں حضرت اسماعیل علیہ السلام اور حضرت اسحٰق علیہ السلام پر یہی دُعا پڑھ کر پھونکتے تھے:

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطٰنٍ وَّعَیْنٍ لَامَّۃ۔

آج ہم بھی نظر بد کے لئے یہی وِرد کر سکتے ہیں۔ تکلیف کی نوعیت کے مطابق 5، 7، 11 مرتبہ یا زیادہ تکلیف میں ایک سو (100) مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔ پانی پر دَم کر کے پئیں، پلائیں۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

یوں تو نظر بد کے علاج کے کئی طریقے ہیں مگر اُن میں سب سے آسان اور مجرب حسب ذیل ہیں (ان دو میں سے کوئی ایک عمل کیا جا سکتا ہے):-

☆ سورۃ فاتحہ (مکمل) اور چار قل (مکمل سورتیں)، حسب تکلیف 3، 7 یا 11 مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور دم شدہ پانی پئیں، پلائیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

